کچھ ایسی ہی، جیسی گرمی میں روزہ دار کو افطار کے بعد ملتی ہے۔

حکیم الامت علامہ اشرف علی تھانویؒ دین کی خدمت بیشمار ٹھوس طریقوں سے کر گئے۔ انھیں کے افاداتِ عالی میں سے ایک چیز یہ بھی ہے کہ حصن حصین وغیرہ سے انتخاب کر کے قرآنی اور اس سے کہیں زیادہ حدیثی دعاؤں کا ایک نادر ذخیرہ انتخاب کر کے اُمت کے ہاتھ میں دے گئے —— ذخیرہ ہر اعتبار سے نہایت بیش بہا و قابلِ قدر —— بہ فرض حضرتؒ کی دوسری خدماتِ دین کا صفحہ بالکل سادہ ہوتا، جب بھی تنہا یہی ایک خدمتِ دین اُن کا نام نامی، اہل اللہ کے حلقہ میں، رہتی دنیا تک رکھنے کے لئے کافی تھی۔

اصل عربی نام، قربات عند اللہ و صلوات الرسول۔ عام فہم اُردو نام مناجات مقبول، اسم بامسمیٰ۔ اُردو ترجمہ حضرتؒ ہی کے ایک خلیفۂ خاص و مقبول حکیم محمد مصطفےٰ بجنوری مرحوم کا کیا ہوا ہے۔

کتاب ماشاء اللہ مقبول بھی خوب ہوئی، گھر گھر پھیل گئی، اور بار بار چھپی میرے پیشِ نظر نسخہ مولانا محمد شفیع صاحب دیوبندی کا شائع کیا ہوا ہے۔ لیکن ایک بڑی اور اہم ضرورت متن کی شرح کی تھی۔ بغیر عام فہم اور سلیس شرح و تحشیہ کے، کتاب بیسوی صدی عیسوی کے ناظرین کے لئے بڑی حد تک بیکار ہی سی تھی۔ بُری بھلی خدمت اس سلسلہ میں اس نامۂ سیاہ سے جو بن پڑی، وہ اگلے صفحات میں حاضر ہے۔ ان تشریحی حاشیوں میں جو عبارتیں قوسین کے اندر ہیں، وہ گو بانفسِ ترجمہ ہی کا تکملہ ہیں، انھیں ترجمہ سے ملحق ہی پڑھنا چاہئے۔

موجودہ ایڈیشن اپنے عربی متن کے لحاظ سے اُسی دیوبندی نسخہ کی تقریباً نقل ہے۔

اُردو ترجمہ اس خاکسار کا نظرِ ثانی کیا ہوا ہے۔ کہیں کہیں بالکل بدلا ہوا۔ ترجمۂ منظوم وغیرہ جو اُس نسخہ میں شامل تھے، اس میں حذف کر دیئے گئے ہیں۔

البتہ جو مجموعۂ ابیات مثنوی معنوی کا اُس میں بطور ضمیمہ شامل تھا، وہ اس میں برقرار رکھا گیا ہے۔ اور ایک چھوٹا سا چند سطری تتمہ ایک اور موجودہ مقبول بزرگ کی زباں سے منقول اس میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔

شروع میں خیال تھا کہ ہر حدیثی دعا کی تخریج اصل کتب احادیث سے درج کر دیجائے۔ اس کوشش میں پوری کامیابی تو نہ ہو پائی، پھر بھی جس بڑی حد تک حوالے آپ ملاحظہ فرمائینگے، یہ کچھ تھوڑے سے تو کتاب کے اُسی قدیم نسخہ کے حاشیے سے منقول ہیں، اور زیادہ کے لئے یہ خاکسار مولانا ظہور احمد صاحب سابق مدرس دار العلوم دیوبند کا شکر گزار ہے، جنھوں نے مولانا محمد شفیع صاحب دیوبندی کے واسطے سے میری استدعا پر اس حد تک تخریج کی مشقت گوارا فرمائی۔ اور اس طرح علاوہ شرح کے ایک یہ بھی جدید اور مفید اضافہ کتاب میں ہو گیا۔

ناظرین سے آخری التماس یہ ہے کہ ازراہِ کرم اگر وہ اپنی دعاؤں میں اس نامۂ سیاہ اور اس کے عزیزوں، قریبوں، رفیقوں، اس کتاب کے ناشرین اور جملہ مومنین کو شامل کر لیں، تو انشاء اللہ اپنے ہی اجر میں اضافہ پائینگے! اور دعاؤں میں سب سے زیادہ یاد رکھنے کے قابل تو یہی کی وہ مخلص اور گمنام ہستی ہے جس نے اس مناجات کے سارے مصارفِ طبع کی کفالت کی ہے۔

عبد الماجد

دریاباد۔ بارہ بنکی (یو۔ پی)
فروری ۴۸ء
ربیع الثانی ۱۳۶۷ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مناجاتِ مقبول

خطبہ

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُولٍ + وَأَكْرَمَ مَسْئُولٍ + عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُولِ + مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُولِ + وَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُورُ وَالْقَبُولُ + وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوعُ مِنَ الْأُصُولِ + ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُولُ + فَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُولُ +

دیباچہ

اے اُن سب سے بہتر جن سے اُمید قائم کیجا سکتی ہے اور اے اُن سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکے، ہم تیری حمد کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت ہے اور رسول اللہ صلعم کی دعائیں سکھائیں۔ تو (اے اللہ) اُن (رسول) پر رحمت کاملہ نازل فرما جبتک کہ پچھوا اور پُروا ہوائیں چلتی رہیں، اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اسکے بعد ہم تجھ سے

وہ طلب کرتے ہیں، جو ابھی (آگے)
عرض کرتے ہیں - ہمارا کام طلب کرنا ہے
اور تیرا کام عطا کرنا۔[۱]

---

۱ دعائیں جس جامعیت اور تاثیر کی ہیں، وہ تو اگلے صفحات سے ظاہر ہی ہوتی رہینگی - خود یہ دیباچہ بھی
اسی شان کا ہے - دعائیں تو خیر اللہ اور رسول ؐ کی تبلائی ہوئی ہیں، لیکن یہ دیباچہ تو محض ایک مجبوب اُمتی
یا مقبول بندہ کے قلم سے ہے -

حمد لك - - - الرسول - دیباچہ میں بحر اس کے اور ہے کیا، اور ہونا چاہیئے بھی کیا، کہ پہلے سب سے
بڑے دینے والے اور دلوانے والے کی مدح و توصیف -

وصل - - - الاصول - پھر اُن بزرگ ؓ کا ذکرِ خیر اور اُن کے حق میں رحمتِ ابدی کی دعا، جو اس دینے
اور دلوانے کے کاروبار میں سب سے بڑا ذریعہ اور واسطہ ہیں -

تم - - - القبول - اور اسکے معاً بعد عرض مُدعا کہ اے کریم و سخی داتا، لے بس اب تیرے در پر
یہ گدا سوال کرے اور صدا لگانے ہی کو ہے -
دینے والے اور بخشنے والے کو تو کسی تیاری کی ضرورت نہیں، وہ تو ہمہ وقت اور ہر جہتی تیاری رکھتا
ہی ہے - لیکن اس مختصر سے بلیغ دیباچہ نے مانگنے والے اور لینے والے کی رُوح کو کیسا تر و تازہ کر دیا، اور
اسکے قالب میں ہمت و مستعدی کی کیسی رُوح پھونک دی! -

ما اختلف الدبور - - الاصول - یعنی جبتک یہ دنیا اور کارخانۂ کائنات قائم ہے -
عربی محاورہ میں ان فقروں سے مراد ہمیشہ ہمیش ہے -

المنزل الاوّل — پہلی منزل

یوم السبت — روز شنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ① (البقرہ ۔ ع ۲۵ ۔ پ ۲)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں (بھی) بھلائی دے اور آخرت میں (بھی) بھلائی دے، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائے رکھ۔[1]

---

[1] قرآن مجید کی ہر دعا بجائے خود ایک پہلو جامعیت کا رکھتی ہے، لیکن یہ اُن جامع دعاؤں میں بھی شاید جامع ترین دعا ہے۔ اور اسکے بعد، درجۂ اجمال میں تو اور کسی دعا کی ضرورت ہی نہیں باقی رہ جاتی۔

رَبَّنَا اٰتِنَا۔ بجائے واحد متکلم کے صیغہ جمع متکلم کا ملحوظ رہے۔ بندہ دعا صرف اپنی ذات کیلئے نہیں مانگتا۔ اپنے بیوی، بچوں، خاندان والوں پر بھی اکتفا نہیں کرتا، بلکہ دعا میں ہم سب کو، سارے مسلمانوں کو شریک کر رہا ہے ـــــ یہ آفاقیت اور ہمہ گیری اسلام سے باہر کمتر ہی کہیں نظر آئے گی۔

حَسَنَۃً ۔ بندہ کو طلب بجز اپنی بھلائی کے اور کس چیز کی ہو سکتی ہے؟ اور یہی قرآن مجید نے اسکی زبان سے ادا کرا دیا۔ وہ اپنی بھلائی ہی طلب کر رہا ہے، بھلائی فوری اور عاجل، اس دنیا میں بھی، اور بھلائی مستقل وغیر فانی، عالم آخرت میں بھی۔

بعض کج فہموں نے آیت سے طلب دنیا کی مشروعیت نکالنی چاہی ہے، جو سرتاسر جہل ہے۔ فی الدنیا اور فی الآخرہ یہ دونوں تو صرف محل یا مقام ہیں مقصود و مطلوب صرف حَسَنَۃ (بھلائی) ہے، یہاں بھی اور وہاں بھی۔

رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴﴾
(البقرہ ـ ع ۳۲ ـ پ ۲)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے اوپر صبر اُنڈیل دے اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں کافر لوگوں پر غالب کردے۔[۳]

آج بھی اور کل بھی۔

حسنۃ کا لفظ خود اس قدر وسیع اور جامع ہے کہ دنیا و آخرت کے سارے ہی مرغوبات و محبوبات اسکے اندر آ گئے۔

وقنا عذاب النار ـ سچی اور اصلی پناہ مانگنے کی چیز تو یہی عذاب آخرت ہے، اور جب اس سے نجات طلب کر لی گئی، تو اب آگے کچھ کھٹکا نہ رہا ـــــ طلب نجات کے صیغہ (قنا) کا جمع ہونا ملحوظ رہے ـ بندہ نجات اپنی ذات واحد کے لئے نہیں، سب ہی کے لئے چاہ رہا ہے۔

[۳] افرغ علینا صبرا ـ صبر تو ایسی چیز ہے، جس کی ضرورت ہر مومن کو کشمکش حیات میں قدم قدم پر پڑتی ہے ـ دوسرے اس کے پڑوس میں عیش و عشرت کی زندگی بسر کر رہے ہیں، اور یہ فاقہ یا نیم فاقہ کشی کی زندگی بسر کر رہا ہے ـ ایسے موقع پر قناعت قائم رکھنا اور طمع و رشک و حسد کے جذبات سے بچے رہنا صبر ہی کی ایک قسم ہے ـــــ پھر گرمیوں میں روزے رکھنا، سردی میں عشا اور فجر کی نمازوں کے لیے وضو کرنا، طرح طرح کی زحمتیں اُٹھا کر حج کے لئے جانا، یہ سب موقع صبر ہی کے ہیں ـــــ تبلیغ حق اور اقامت دین میں غیروں کی شدید مزاحمت کے وقت بد دل نہ ہونا اور ثابت قدم رہنا یہ بھی صبر ہی کی ایک شاخ ہے۔ اور جس نے صبر کی دعا کی، اُس نے ان سب موقعوں کے لئے تیاری طلب کر لی ـ افرغ علینا میں اشارہ اس طرح کہ خوب ہی ہمیں اس دولت سے مالا مال کر دے ـ اُسکے مشکیزے کے مشکیزے ہمارے اوپر لنڈھا دے۔

ثبت اقدامنا ـ ہمارے قدم اس طرح جما دے کہ ہم راہِ حق پر استوار رہیں، حق و باطل کے کسی معرکہ میں بھی پیچھے نہ ہٹیں ـ اور اندرونی اور بیرونی ہر قسم کے دشمنوں کے مقابلہ میں ہم ثابت قدم ہی رہیں۔

وانصرنا علی القوم الکفرین ـ آیت خاص اُس موقع کی ہے، جب بنی اسرائیل اپنے پیمبر صموئیل کے

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا ۚ وَاغْفِرْ لَنَا ۚ وَارْحَمْنَا ۚ أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

(البقرہ ع ۴ - پ ۳)

اے ہمارے پروردگار! ہماری پکڑ نہ کر، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں اور ہمارے اوپر بھاری بوجھ نہ رکھ، جیسا کہ تو نے ہم سے پیشتر کے لوگوں پر رکھا تھا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم سے وہ چیز نہ اٹھوا جسے ہم آسانی سے نہ اٹھا سکتے ہوں۔ اور ہم سے درگزر کر۔ اور ہمیں بخش دے۔ اور ہمارے اوپر رحم کر۔ تو ہی تو ہمارا مالک ہے۔ تو ہم کو کافر لوگوں پر غالب کردے۔

زمانہ میں، اور طالوت کی زیر قیادت، عہدِ داؤدی سے ذرا قبل، ارض کنعان میں ایک بڑے طاقتور غنیم کفار عمالقہ کا مقابلہ کر رہے تھے۔ کافر قوم کی تصریح اسی لئے ہے لیکن یوں بھی مومن کو زندگی بھر کفر و اہل کفر کا مقابلہ کرتے تو رہنا ہی ہوتا ہے۔

۴ بھول یا نسیان اور غیر ارادی خطا و لغزش پر مواخذہ تو فضلِ خداوندی نے خود ہی معاف کر رکھا ہے پھر بھی شانِ عبدیت کا تقاضہ یہی ہے کہ بندہ خود بھی اپنی زبان سے برابر اسکی طلب و درخواست کرتا رہے۔

۵ (وہ قومیں ہم سے قوی تر تھیں، وہ سہار لے گئی ہونگی۔ ہم ہر طرح کمزور ہیں، بار کا تحمل ذرا بھی نہ کر سکیں گے)۔

۶ عربی میں طاقۃ کا مفہوم اُردو کی 'طاقت' سے ذرا مختلف ہے۔ اُردو میں طاقت 'وسعت' کے مرادف ہے۔ اور اسکا تو قرآن مجید میں وعدہ موجود ہے کہ حق تعالیٰ کسی انسان پر ذمہ داری اسکی قدر وسعت سے زیادہ نہیں ڈالتے۔ لا یکلف اللہ نفساً الا وسعہا۔ طاقۃ کا استعمال عربی میں ایسے موقع پر آتا ہے کہ کوئی بار اٹھایا جا سکتا تو ہو لیکن دقت و دشواری کیساتھ ——— دعا بندہ کی زبان سے یہ کرائی جا رہی ہے کہ ہم پر بار ایسا بھی نہ ڈالئے جسکے اٹھانے میں ہمیں تکلف و اہتمام کرنا پڑے۔ بس ہم سے تو وہی کام لیجیے جو ہم آسانی اور سہولت سے انجام دے سکیں۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾

(آل عمران - ع ۱ - پ ۳)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے دل کو ہدایت کرنے کے بعد کہیں پھیر نہ دینا اور ہمیں اپنے حضور سے (بڑی) رحمت عطا کر۔ بیشک تو تو بڑا عطا کرنے والا ہے۔

؎ (اگر ہم تو تیرے ہی دین کے سپاہی ہیں۔ تو ہمیں اُن لوگوں پر فتح و نصرت کیوں نہ دیگا، جو تیرے نبی اور تیرے دین کے دشمن ہیں۔ تو ہر طرح مالک و مختار ہو کر اپنے بندوں کی کیسے نہ مدد کریگا)

واعف عنا - یعنی ہماری خطاؤں سے درگزر کر، اُن کی سزا ہمیں نہ دے ——— یہ پہلی منزل ہوئی۔

واغفر لنا - یعنی ہم کو عذاب سے محفوظ رکھنے کے درجۂ سلبی پر اکتفا نہ کر، بلکہ مرتبۂ ایجابی میں ہماری مغفرت بھی کر دے۔ ہمیں داخل جنت کر دے ——— یہ دوسرا قدم ہوا۔

وارحمنا - ضابطہ سے پروانۂ نجات تو مل گیا، لیکن یہ بھی کافی نہیں۔ ہمیں اپنی مزید شفقت و رحمت سے بھی مالا مال کر دے۔ ہمارے مراتب لمحہ بہ لمحہ بلند تر کرتا جا ——— یہ درخواستِ مومن کی آخری منزل ہوئی۔

؎ (تو جو رحمت عطا کریگا وہ تیری ہی شانِ عطا کے مطابق ہوگی)

رحمۃ کا اجمال اشارہ کر رہا ہے کہ وہ کوئی رحمت عظیم یا رحمت خاص ہی ہوگی۔ عربی میں صیغۂ نکرہ کی ایک یہ بھی حیثیت ہوتی ہے۔

لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا - یہ بالکل اس طرح کی دعا ہے جیسے یہ کہا جائے کہ اے پروردگار ہمیں صحت کے بعد بیمار نہ ڈالنا ——— بیماری اور گمراہی سب کے اسباب کو بھی حیثیت سے اکٹھے کر دینا بہ حیثیت مسبب الاسباب کے حق تعالیٰ ہی کا کام ہے۔ اور ہدایت کے بعد گمراہی ایک شدید ترین مصیبت ہے۔

وھب لنا من لدنک رحمۃ - پہلی درخواست صرف سلبی تھی کہ ہمیں روح کی بیماریوں سے بچا۔ اب ایجابی پیش ہو رہی ہے کہ ہمیں خوب روحانی صحت و توانائی عطا فرما۔

من لدنک رحمۃ - یعنی یہ رحمت خصوصی ہمارے اکتسابِ استحقاق پر نظر کر کے نہیں بلکہ خاص اپنی ہی طرف سے عنایت کر۔ کتنی زبردست اور جاذبِ رحمت اپیل بندہ کی زبان سے اپنے مالک و مولیٰ کے حضور میں ہوا۔

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝
(آل عمران - ع ۲ - پ ۳)

اے ہمارے پروردگار! ہم وہ لوگ ہیں جو ایمان لا چکے ہیں سو ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔[۹]

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝
(آل عمران - ع ۲ - پ ۴)

اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ (سارا کارخانۂ قدرت) یوں ہی بیکار نہیں پیدا کر دیا ہے، تو پاک ہے اس سے پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔[۱۰]

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝
(آل عمران - ع ۲ - پ ۴)

اے ہمارے پروردگار! تو نے جسے دوزخ میں ڈالا بس اُسے رسوا ہی کر ڈالا، سیاہ کاروں کا ہمدرد کوئی بھی نہیں۔[۱۱]

۹؎ اس دعا میں طلب رحمت کا ذریعہ اور اصل تشفیع صرف اپنے ایمان لے آنے کو بتایا ہے کہ ہم ایمان تو لا چکے، تصدیق تو آپکی اور آپکے سچے رسولؐ کی اپنی طرف سے کر چکے۔ اب آپ اسی پر اپنے عفو کو مرتب کر دیجئے۔ ہماری کوتاہیوں، لغزشوں پر نظر نہ کیجئے۔ بس آپ مغفرت ہی سے کام لیجئے، اور اُس بُرے اور آخری عذاب سے ہم سب کو بچا دیجئے۔

۱۰؎ بندۂ مومن عرض کر رہا ہے کہ ہم مشرکوں اور جاہلی مذہب والوں کی طرح نہیں جو آپ کی صفات کمالیہ میں سے کسی کا بھی انکار کریں۔ ہم اسکی پوری تصدیق کرتے ہیں کہ آپنے اس عظیم الشان کارخانۂ کائنات کا کوئی ادنیٰ سا ادنیٰ جز و بھی بے حسی، بے مقصد و حکمتوں سے خالی نہیں پیدا کیا۔ آپ کی شان ایسے مفروضہ سے بھی پاک ہے۔ آپکے ہر عمل کا ایک ایک جزئیہ حکمتوں سے لبریز ہے آپ اس تصدیق کے صلہ میں ہمیں اُس بڑے اور سخت عذاب سے، جو ثمرۂ انکار کا ہوتا ہے، نجات دیدیجئے۔

۱۱؎ دنیا میں حق پرستی کی راہ میں ایک بہت بڑا مانع جاہ طلبی کا رہا کرتا ہے۔ انسان سیکڑوں نیکیوں کی طرف بڑھنے اور بدیوں سے بچنے سے اسلئے رکا رہتا ہے کہ اس سے اُسکے جذبات جاہ و ناموری میں فرق پڑتا ہے ایسوں کیلئے آخرت میں عذاب محض سخت و مولم ہونا کافی نہ ہوگا، بلکہ اُنکو خلائق کے سامنے رسوا بھی کیا جائیگا، کہ جس رسوائی کے خوف سے وہ

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝

(آل عمران ع ۲۰ - پ ۴)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے تو ایک پکارنے والے کو ایمان کیلئے پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لے آؤ، اور ہم ایمان لے آئے[۱۲]۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو اُتار دے، اور ہمارا خاتمہ نیکوں کے ساتھ کر[۱۳]

دنیا میں خدا اور رسول سے دور رہا کرتے تھے، آج اسی کا مزہ سب سے زیادہ چکھنا پڑیگا۔

وما للظلمین من انصار۔ جو لوگ اپنے نفس پر ظلم کرتے رہے ہیں (اور سب سے بڑا ظلم یہی ہے کہ خدا کی خدائی میں کسی کو شریک سمجھا جائے) انھیں کوئی اتنا سہارا دینے والا بھی تو نہ ہوگا، جو ان کی سزا کچھ ہلکی ہی کرا سکے، بیرے لئے ان سے چھڑا لانے کا تو خیر کوئی ذکر ہی نہیں۔

۱۲ (بس یہیں ہمارے ایمان کا صلہ عنایت ہو)۔

منادیا۔ مراد خود پیمبر بھی ہو سکتے ہیں اور اُنکے نائب بھی۔

شریعت میں مطلق ایمان بھی بہت بڑے مرتبہ کی نعمت ہے۔

۱۳ (کہ نیکوں کیساتھ انکی خوش انجامی میں شریک ہونا بجائے خود ایک نعمت ہے)۔

فاغفرلنا۔ ف تعقیب کیلئے ہے یعنی ہمارے اس ایمان لانے پر ہمارے لئے یہ جزا مرتب کر کہ ہمارے گناہوں کی مغفرت کر دے۔ ایمان لے آنے سے یہ نہیں ہوتا کہ گناہ خود بخود سب کے سب چھوٹ جائیں۔ کچھ نہ کچھ گناہ تو متقی ترین غیر معصوم سے بھی بہرحال سرزد ہوں گے۔

وکفرعنا سیاتنا۔ مومن ہو جانا معصوم بن جانے کے مرادف نہیں۔ مومن کی شان بس یہی ہے کہ وہ برابر اُن سیّات کے تلافی و کفارہ کی کوشش اور دعاؤں میں لگا رہے۔ (صدق دل سے دعا کرتے رہنا خود ہی اس کوشش کی ایک بہترین شکل ہے)۔

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

(آل عمران - ع ۲ - پ ۴)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں وہ عطا کر جو تو نے اپنے پیمبروں کی معرفت ہم سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ بیشک تو (ہرگز) وعدہ خلافی نہیں کرتا[14]

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

(الاعراف - ع ۲ - پ ۸)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے خود اپنے اوپر ظلم کئے ہیں، اور اگر تو ہی ہمیں نہ بخشے گا، اور ہم پر رحمت نہ کرے گا، تو ہم تو یقیناً نامرادوں میں سے ہو جائیں گے۔[15]

---

[14] (تو اس کا امکان ہی نہیں، کہ اُدھر سے کسی وعدہ خلافی کا ظہور ہوگا، یہ جو درخواست ہم بار بار الحاح سے پیش کر رہے ہیں یہ تو محض ہمارے اضطرار و اضطراب کا نتیجہ ہے۔ اور پھر اسکی بھی کیا خبر کہ ہم مستحق بھی ان وعدوں کے ٹھہرتے ہیں یا نہیں)۔

اللہ کے وعدے اپنی جگہ پر سب بالکل صحیح و درست، لیکن اس کا اطمینان زید عمر بکر کو کیسے ہو سکتا ہے کہ زید و عمر و بکر کے اعمال انھیں ان وعدوں کا مستحق بھی ٹھہراتے ہیں!۔

[15] (کہ تیرے سوا اور ہے کون جو ہمیں مراد تک پہونچا سکے؟)۔

ظلمنا انفسنا۔ اپنی جان پر ظلم کرنا یہ ہے کہ جو اعمال اپنے لئے صریحاً مضرت بخش ہیں، اُنکا ارتکاب بے کھٹکے جاری رہے جیسے مریض برابر بد پرہیزیاں کرتا رہے۔ حق تعالیٰ کو ناخوش کرنے والے جتنے بھی اعمال ہیں، سب کا شمار انھیں اپنے نفس پر ظلم کرنے والے اعمال میں ہے۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ⑪ (اعراف۔ ع ۱۴۔ پ ۹)

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر انڈیل دے، اور ہمیں اسلام ہی کی حالت پر موت دے[۱۶]۔

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ⑫ (اعراف۔ ع ۱۹۔ پ ۹)

تو ہی ہمارا مددگار ہے بس تو ہمیں بخش دے اور تو ہم پر رحمت کر، اور تو ہی سب سے بہتر بخشنے والا ہے[۱۷]۔

---

[۱۶] کاش کافر اس لطف کے ایک شمہ سے واقف ہوتے، جو ہر مومن کو موت کے وقت نصیب ہوتا ہے!۔

مرزا غالب ایک رند مزاج شاعر ہوئے ہیں، اس پر بھی کہہ گئے ہیں۔ ع

حیف کافر مردن و آوخ مسلماں زیستن

یعنی مسلماں کی زندگی (ہر طرح کی قیدوں اور پابندیوں سے گھری ہوئی) بھی کوئی زندگی ہے، اور کافر کی موت بھی کوئی موت ہے، معاذ اللہ!۔ اس میں "مسلماں زیستن" والا ٹکڑا تو سرتاسر لغو ہے (مسلماں کی زندگی تو ظاہری و باطنی ستھرائی اور عافیت وسکون خاطر کی تصویر ہوتی ہے) باقی وہ "حیف کافر مردن" والا حرف بحرف صحیح ہے۔

افرغ علینا صبرًا۔ صبر کی دعا دونوں حیثیتوں سے ہے۔ ایک تو احکام شریعت کی تعمیل میں نفس کو مشقت اور تعب کسی درجہ میں تو بہرحال برداشت کرنا ہوتا ہے، اور اجر فوری ملتا نہیں۔ تو یہ صبر ایک تو اس کیلئے ہوئی پھر مخالفین و معاندین کی کثرت سے جو ہجوم ایذا ہوتا ہے، جو اس کی برداشت کیلئے بھی بڑی قوت صبر کی درکار ہے ——— ملاحظہ ہو حاشیہ ۳۔

افرغ علینا۔ یعنی خوب اچھی طرح ہمیں صبر کا خوگر کردے۔ ہم پر صبر کی پکھالیں انڈیل دے!۔

[۱۷] (کہ اصلی اور یقینی بخشش تیری ہی ہے، نہ کہ تیری کسی مخلوق کی، جو خود ہی تیری بخشش کی محتاج ہے)۔

انت ولینا۔ یعنی سہارا تیری ہی مدد و نصرت، اور تیری ہی کارسازی کا ہے۔

وارحمنا۔ بہ کثرت دعاؤں میں طلب رحمت کی تکرار ملاحظہ طلب ہے۔ تکیہ بندہ کو اپنے اعمال پر ذرہ بھر بھی نہیں ہو سکتا۔ آسرا سارے کا سارا اسی کے رحم و کرم کا رہتا ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ
وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾
(یونس۔ ع ۱۴۔ پ ۱۱)

اے ہمارے پروردگار، ہم کو ظالم لوگوں کا ہدف نہ بنائیو، اور ہمیں اپنے رحم وکرم سے کافر لوگوں سے چھڑا لیجیو۔[۱۸]

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ
وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ج
تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾
(یوسف۔ ع ۱۱۔ پ ۱۳)

اے زمین اور آسمان کے پیدا کرنیوالے،
تو ہی میرا رفیق دنیا اور آخرت میں رہیو۔
مجھ کو اسلام پر موت دیجیو، اور مجھے نیکوں کیساتھ شامل کیجیو۔[۱۹]

---

۱۸ قرآن اور حدیث دونوں میں دعائیں صرف حسنِ عاقبت ہی کیلئے نہیں، اس دنیا میں بھی حسن عافیت کیساتھ گزر کرنے کیلئے ضروری تعلیم کی گئی ہیں بعض اہل حال صوفیہ اور اہل سکر سے جو کچھ اسکے خلاف مروی ہے، وہ ہرگز قابل سند نہیں —— ظالم قوم کا محکوم یا خدا فراموش حکومت کی رعایا ہو کر کوئی دیکھے تو۔ کیسے کیسے دلآزار اور تکلیف دہ تجربے پیش آتے رہتے ہیں!۔

۱۹ (کہ نیکوں کی خوش انجامی میں شریک وشامل ہونا خود ایک بڑی دولت ہے)۔

دعاؤں میں صیغۂ جمع متکلم کی تکرار ملاحظہ میں رہے۔ یعنی بندہ ہر راحت ونعمت کی طلب فرد اپنی ذات کیلئے نہیں، بلکہ ساری جماعت اہل حق کی شرکت وشمول ہی میں کرتا ہے۔

فاطر السمٰوٰت والارض۔ اس طرز خطاب میں پہلو یہ ہے کہ جس کیلئے زمین وآسمان کی خلقت آسان ہے، اس کیلئے اتنی سی درخواست قبول کرلینا کیا مشکل ہے —— اللہ ایسی رحمت سے لبریز کرتے اکبر الٰہ آبادی کیا خوب کہہ گئے ہیں؎

اک مرے دل کے وہ خوش کرنے پہ کیا قادر نہیں ایک کُن سے دو جہاں کو جس نے پیدا کر دیا!

انت ولی فی الدنیا والاخرۃ۔ حق تعالیٰ کی رفاقت ونصرت اور کارسازی کی ضرورت محض آخرت میں نہیں، اس دنیا میں بھی قدم قدم پر ہے۔ اور قرآن وحدیث دونوں کی دعاؤں میں اس جامعیت کو برابر ملحوظ رکھا ہے۔

توفنی مسلما۔ ملاحظہ ہو حاشیہ ع۱۶۔ اعتبار تو اعمال میں خاتمہ ہی کا ہے، اور حسن خاتمہ سے بڑھ کر کون سی دولت بندہ کیلئے ہو سکتی ہے۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۱۵﴾

(ابراہیم - ۶ع - پ ۱۳)

اے میرے پروردگار مجھے اور میری نسل کو بھی نماز درست رکھنے والا کردے۔ اے ہمارے پروردگار میری دعا قبول کرلے۔[۲۰]

رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۱۶﴾

(ابراہیم - ۶ع - پ ۱۳)

اے ہمارے پروردگار، مجھے اور میرے ماں باپ کو اور کُل مومنین کو بخش دیجیو، جس دن کہ حساب قائم ہو۔[۲۱]

---

[۲۰] یہ دعا حضرت ابراہیم خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان سے ادا ہوئی ہے، اور قرآن نے اسے سند اور نظیر کے طور پر قیامت تک کیلئے اہل حق کیلئے نقل کردیا ہے۔

رب اجعلنی مقیم الصلوٰۃ۔ نماز کو حق تعالیٰ کے ہاں جو اہمیت حاصل ہے، اسی سے ظاہر ہے کہ ابراہیم خلیل جیسی مقبول و محبوب ہستی اسکی پابندی کی تمنا کر رہی ہے!

مقیم الصلوٰۃ۔ لفظ مقیم سے ادھر اشارہ ہوگیا کہ نماز محض کسی نہ کسی طرح پڑھ ڈالنا نہیں، بلکہ اسکے جملہ ارکان و شرائط کے ساتھ ادا کرنا مقصود ہے۔

الصلوٰۃ۔ دعا سے ایک پہلو یہ بھی نمایاں ہو رہا ہے کہ جو نماز کا پابند ہوگا، وہ دوسرے حقوق اللہ کا بھی ادا کرنے والا ہوگا۔

ومن ذریتی۔ یہاں سے یہ بات نکلی کہ جو شے اپنے حق میں ضروری ہے، اسکی دعا و تمنا اپنی اولاد کے حق میں بھی کرنا عین سنت انبیاء ہے۔

[۲۱] یعنی قیامت میں۔

ولوالدیّ۔ اوپر کی دعا میں ابراہیم خلیل نے جس طرح ادائے نماز میں اپنی اولاد کو بھی شامل رکھا تھا، اس دعا میں مغفرت میں آپ اپنے والدین کو بھی شامل کر رہے ہیں۔

وللمومنین۔ انبیاء کرام دعائے رحمت و مغفرت اپنی ذات تک تو کیا محدود رکھتے، اسکے عموم میں اپنے خاندان ہی کو شامل نہیں رکھتے، بلکہ اُسے ساری اُمت تک کیلئے وسیع کر دیتے ہیں۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيْرًا ⑰
(بنی اسرائیل ع ۳ - پ ۱۵)

اے میرے پروردگار، میرے والدین پر رحمت کیجیو، جیسا کہ انھوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔[٢٢]

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ⑱
(بنی اسرائیل - ع ۹ - پ ۱۵)

اے میرے پروردگار، مجھے اندر بھی صاف لیجا اور مجھے باہر بھی صاف نکال لا۔ اور میرے حق میں اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوت تجویز کردے۔[٢٣]

رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ⑲
(کہف - ع ۱ - پ ۱۵)

اے ہمارے پروردگار، ہمیں اپنے حضور سے رحمت (خاصہ) عنایت کر، اور ہمارے مقصد میں کامیابی کا سامان بہم پہونچادے۔[٢٤]

---

٢٢ یہ دعا خاص حضرت حق کی طرف سے تعلیم ہوئی ہے، اور اس سے والدین کے کمال درجہ عظمت و احترام پر روشنی پڑتی ہے۔ ربّ اور ربّیٰنی کے درمیان اشتراکِ لفظی ظاہر ہے۔ ناتواں اور بےبس بچوں کی پرورش و ربوبیت ایک ہلکی سی جھلک حق تعالیٰ کی ربوبیت مطلقہ کی رکھتی ہے۔

٢٣ اس دعا کی تعلیم رسول اللہ صلعم کو ہوئی ہے ——— گویا آپ عرض یہ کر رہے ہیں کہ میرا ہجرت کرکے مدینہ میں داخلہ بھی باعثِ برکت ہو، اور میرا ہجرت کرکے مکہ سے کوچ کرنا بھی موجب سعادت ہو۔ صدق یعنی اخلاص و فلاح ہر حال میں میرے ہمرکاب رہے، اور تو مجھے اپنی رحمت خاصہ و دستگیری سے ہر حال میں منصور و ثابت قدم رکھ۔

٢٤ یہ اصحاب کہف کی دعا ہے۔
وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ ہر مقصد میں کامیابی کے سامان بہم پہنچانا اللہ ہی کے قبضہ و قدرت میں ہے، اور عارفین مقبولین کی نگاہ اسی پر رہتی ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ وَيَسِّرْ لِيْۤ اَمْرِيْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۙ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۞ (طٰہٰ۔ ع ۱۔ پ ۱۶)	اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے، اور مجھ پر میرا کام آسان کر دے، اور میری زبان سے گنجلک کھول دے، کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں[25]۔
رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۞ (طٰہٰ۔ ع ۱۵۔ پ ۱۶)	اے میرے پروردگار! مجھے علم میں بڑھا[26]۔
اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۞ (انبیاء۔ ع ۶۔ پ ۱۷)	مجھے دکھ نے ستایا ہے، اور تو تو سب سے بڑا مہربان ہے[27]۔

رحمۃً۔ صیغۂ نکرہ اظہارِ عظمت واہمیت کے لئے ہے۔ مراد رحمتِ خصوصی سے ہے۔

[25] یہ دعا حضرت موسیٰ کلیم اللہ کی اسوقت کی ہے جب آپ نبوت سے سرفراز ہوئے ہیں، اور فرعون مصر کیطرف پیامِ ہدایت لے کر بھیجے جا رہے ہیں۔

اشرح لی صدری۔ شرح صدر سے مراد عربی محاورہ میں کسی معاملہ میں پورا اطمینان قلب وسکون خاطر نصیب ہو جانا ہوتا ہے۔

یسّر لی امری۔ اسکے عموم میں ہر جائز ومشروع مقصد داخل ہے ——— ایسے حصول مقاصد میں آسانی وسہولت کی دعا پیمبر برحق تک کرتے ہیں تو پھر ہم دنیاداروں کی کیا بساط ہے، کہ اپنی عالی ہمتی کے جوش میں آکر سختیوں اور دشواریوں کی طلب کرنے لگیں۔

واحلل ۔۔ قولی۔ تقریر پر اس طرح قادر ہونا کہ مخاطبین پوری آسانی اور بے تکلفی کیساتھ معنی ومفہوم تک پہونچ جائیں، اہلِ تبلیغ کیلئے تو مقصود اور مطلوب کا حکم رکھتا ہے۔

[26] اس دعا کی تعلیم خود حضورِ اقدس صلعم کو دی گئی ہے، اور مرتبۂ علم کی رفعت اسی سے ظاہر ہے۔

البتہ یہ خوب سمجھ لیا جائے کہ خود علم سے مراد محاورۂ قرآنی میں صرف اُس علم سے ہوتی ہے جس سے معرفتِ الٰہی

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۲۳﴾ (انبیاء - ع ۶ - پ ۱۷)	اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑیو، اور سب سے اچھا وارث تو تو ہی ہے۔[28]
رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۴﴾ (مومنون - ع ۲ - پ ۱۸)	اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ میں اُتار، اور تو ہی سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔[29]
رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۲۵﴾ (مومنوں - ع ۶ - پ ۱۸)	اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔[30]

کی راہیں کھلیں۔ آج کل کے "علوم" و "فنون" اور "صنائع" سے اس "علم" قرآنی کو کوئی تعلق نہیں۔ جو "علوم" و "فنون" بجائے معرفتِ حق کے خدا فراموشی، آخرت فراموشی، اور غفلت کی جانب لے جائیں، ان پر شریعت کی زبان میں 'علم' کا نہیں 'جاہلیت' کا اطلاق ہوگا۔

۲۷ (تو مجھ پر بھی رحم فرما)

یہ دعا حضرت ایوبؑ پیمبر کی زبان سے ہے، جب آپ سخت جسمانی آزار میں مبتلا تھے۔
جسمانی آزار و علالت کے وقت حق تعالیٰ سے رحم اور شفا کی درخواست کرنا عین سنتِ انبیاء ہے، اور اسکے برخلاف راہِ عمل اختیار کرنا، ہرگز جوانمردی اور عالی ہمتی کی دلیل نہیں ——— قدم قدم پر بندہ سے تذلل و تضرع و شکستگی ہی مطلوب ہے نہ کہ اسکے برعکس زعم و پندار۔

۲۸ حضرت زکریاؑ اشارۂ الٰہی سے یہ دعا اپنے لئے ضعیفی میں طلبِ اولاد کی کر رہے ہیں، اور تقاضائے طبعی اور اسباب ظاہری کی رعایت سے یہاں تک کہتے ہیں کہ میں بے اولاد رہا جاتا ہوں لیکن ساتھ ہی اعتماد علے اللہ پر تامّ اور مسبوط ہو کر

رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۲۶﴾ (مومنون - ع ٦ - پ ۱۸)

اے ہمارے پروردگار، ہم ایمان لے آئے، تو تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحمت کر، اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے[۳۱]۔

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ ﴿۲۷﴾ (فرقان - ع ۵ - پ ۱۹)

اے ہمارے پروردگار، عذاب دوزخ کو ہم سے پھیرے رکھ، کہ اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے[۳۲]۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۲۸﴾ (فرقان - ع ۵ - پ ۱۹)

اے ہمارے پروردگار، ہمیں ہماری ازواج و اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا دے[۳۳]۔

یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ اولاد سے جو مقصود ہوتا ہے اُسے اُس سے کہیں زیادہ اور احسن طریق پر تو حق تعالیٰ خود ہی پورا کر سکتا ہے۔

اولاد و ازواج کی خواہش طبعی کو جو لوگ اولیاء و متوسلین کے مرتبہ سے فروتر سمجھ رہے ہیں، وہ انبیاء و مرسلین کی ان دعاؤں پر غور فرمالیں۔

۲۹ حضرت نوحؑ کی زبان سے یہ دعا نقل ہوئی ہے ـــــ ظاہر ہے کہ آپ کشتی پر حکم الٰہی ہی سے سوار ہوئے تھے، اور بہرحال کسی منزل مبارک ہی پر اُتارے جاتے، اس پر بھی تصریح کے ساتھ دعا بھی آپ اسی کی کرتے جاتے ہیں! یہ معنی ہیں کمالِ عبدیت و کمالِ اقربیت کے!۔

۳۰ اس دعا کی تلقین بھی حضرت حق سے ہو رہی ہے۔

۳۱ شیطانی چھیڑ چھاڑ سے محفوظ رہنے میں تمام تر بندہ مدادِ ندی ہی کا محتاج ہے ـــــ صرف اسی پر نہیں

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۹﴾ (نمل۔ ع ۲۔ پ ۱۹)

اے میرے پروردگار، مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کروں تیرے اس احسان کا جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا، اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور تو مجھے اپنے رحم و کرم سے اپنے صالح بندوں میں داخل کر دے۔[۳۴]

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۳۰﴾ (قصص۔ ع ۳۔ پ ۲۰)

اے میرے پروردگار، میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے محتاج ہوں۔[۳۵]

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۱﴾ (عنکبوت۔ ع ۳۔ پ ۲۱)

اے میرے پروردگار، مجھے مفسد لوگوں پر غالب کر دے۔[۳۶]

بلکہ اس میں بھی کہ شیطان اسکے قریب نہ آنے پائیں۔

۳۱ (سو تو ہمیں بخش تو ضرور ہی دے گا، لیکن ہماری عبدیت کا تقاضا یہی ہے کہ ہم تجھ سے التجا کرتے رہیں، کہ ہمارے مجرد ایمان لے آنے پر، مغفرت کا ثمرہ مرتب کر دے)۔

۳۲ (جو ہماری حد برداشت سے باہر ہو)۔

یہ دعا، دعائے ماقبل کی طرح مقبول بندوں کی زبان سے موقع بہ موقع قرآن مجید میں نقل ہوئی ہے۔ اب جن حضرات صوفیہ سے کسی حالت سرکردگی میں دوزخ کی طرف سے بے پروائی روایتوں میں بیان ہوئی ہے اگر وہ روایتیں صحیح ہیں بھی، تو ہر گز وہ حالت قابل استناد نہیں۔

۳۳ اور پرہیزگاروں کی پیشوائی ظاہر ہے کہ اسکے نصیب میں آ سکتی ہے جسے خود تقویٰ کا انتہائی اعلیٰ درجہ نصیب ہو۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۲۲﴾

(مومن - ع ۱ - پ ۲۴)

اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر شے پر محیط ہے، تو تو اُن لوگوں کو جنھوں نے توبہ کی اور جو تیری راہ پر چلے انھیں بخش دے،[۳۷] اور انھیں دوزخ کے عذاب سے بچا دے۔[۳۸]

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِنِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۲۳﴾

(مومن - ع ۱ - پ ۲۴)

اور اے ہمارے پروردگار! انھیں ہمیشگی کی جنتوں میں داخل کر جن کا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے[۳۹] اور اُن کو بھی جو کوئی اُنکے باپ دادوں میں سے اور انکی بیویوں میں سے اور اُنکی اولاد میں سے نیک ہو،[۴۰] بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔[۴۱] اور انھیں خرابیوں سے بچا دے اور جسکو تو نے اُس دن خرابیوں سے بچا لیا، اس پر تو نے (بڑا) رحم کیا، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔[۴۲]

تو گویا اس دعا کے معنی یہ ہوئے کہ ہمیں تقویٰ کا وہ مرتبہ اعلیٰ نصیب کر کہ دوسرے بھی ہمارے اقتدا میں متقی بن جائیں۔

من ازواجنا و ذریتنا ۔ ازواج و اولاد کی طلب کی یہ ایک اور نظیر مقبولین حق کی دعاؤں اور پکاروں میں مل گئی۔

قرۃ اعین۔ آنکھوں کی ٹھنڈک سے مراد عربی محاورہ میں دل کا چین اور سکھ ہوتا ہے مقبولین کے دلوں کی پوری مسرت

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۴﴾

(احقاف - ع ۲ - پ ۲۶)

اور میری اولاد میں صلاحیت (نیکی کی) دے۔ میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔[۳۴]

اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۳۵﴾ (قمر - ع ۱ - پ ۲۷)

میں ہارا ہوا ہوں، پس تو میرا بدلہ لیلے۔[۳۵]

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۶﴾

(حشر - ع ۱ - پ ۲۸)

اے ہمارے پروردگار، ہمیں اور ہمارے اُن بھائیوں کو جو ایمان میں ہمارے پیش رو ہیں بخش دے، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کیساتھ کدورت نہ ہونے دے۔ اے ہمارے پروردگار، تو بڑا شفیق و مہربان ہے۔[۳۶]

ظاہر ہی کہ اُسوقت حاصل ہوگی جب وہ اپنی بیویوں اور بچوں کو بھی اپنی ہی طرح دین میں کامل اور طاعت الٰہی میں ستعد دیکھ لیں گے۔

[۳۴] یہ دعا حضرت سلیمان علیہ السلام کی زباں سے نقل ہوئی ہے۔
ادخلنی برحمتک فی عبادک الصّٰلحین۔ سلیمان علیہ السلام انسانیت کے سب سے اونچے مقام یعنی پیمبری پر تو فائز ہی ہیں پھر بھی دعا یہ کئے جاتے ہیں کہ اے پروردگار، میرا شمار محض اپنے فضل و کرم سے اپنے مقبول و صالح بندوں میں کر لیجئے!
——— کیا ٹھکانا ہے اس خشیت و عبدیت کا۔
نعمتک التی انعمت علیّ وعلیٰ والدیّ۔ نعمت کا مفہوم عام ہو۔ نعمت نبوت، نعمت بادشاہت، نعمت صحت و عافیت، جملہ اقسام نعمت دنیوی و اخروی پر حاوی۔
حضرت سلیمانؑ کی یہ دعا امیروں رئیسوں کیلئے مناسب حال خاص طور پر ہی۔

[۳۵] حضرت موسیٰ حالتِ سفر میں بھوک سے مضطر ہو رہے ہیں، اور اُسوقت یہ دعا زبان پر آرہی ہو۔

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿۳۷﴾

(ممتحنہ۔ ع ۱۔ پ ۲۸)

اے ہمارے پروردگار، ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف ہم رجوع ہوئے، اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔[۴۷]

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۳۸﴾

(ممتحنہ۔ ع ۱۔ پ ۲۸)

اے ہمارے پروردگار، ہمیں کافر لوگوں کا ہدفِ ستم نہ بنا، اور ہمیں اے ہمارے پروردگار بخش دے، بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔[۴۸]

رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۳۹﴾

(تحریم۔ ع ۲۔ پ ۲۸)

اے ہمارے پروردگار، ہمارے لئے ہمارا نور کامل کردے اور ہمیں بخش دے، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔[۴۹]

من خیر سے سیاق میں خاص اشارہ بھوک کی تکلیف دور ہونے اور غذا ملنے کی جانب ہے۔

فقیر۔ پیمبر بھی باایں مرتبۂ کمال بہرحال بشر ہی ہوتا ہے اور تمام بشری ضروریات کا محتاج ——— حضرتِ حق کے حضور میں کاملین نے ہمیشہ اپنی ضرورتمندی اور احتیاج ہی پیش کی ہے، نہ کہ استغناء۔

۴۶ حضرت لوط پیمبر کی دعا ہے۔ ہجوم اعداء و غلبۂ مخالفین کو دیکھ کر اپنے رب سے عرض کرتے ہیں، اور یہی ہر مومن کو ایسے موقع پر کرنا چاہئے۔

۴۷ (انکی توبہ اور پیروی حق تیرے علم سے باہر رہ ہی نہیں سکتی، اور جب اس علم محیط پر تیری رحمت عام مستزاد ہے، تو تو انکی مغفرت تو یقینی کر کے رہیگا)۔

۴۸ یہ رحمتِ الٰہی کا منفی یا سلبی پہلو ہے، اور آدابِ عبدیت میں سے یہ ہے کہ پہلے طلب اسی کی کی جائے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ﴿۴۰﴾

(نوح - ع ۲ - پ ۲۹)

اے میرے پروردگار بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو اور اس کو بھی جو میرے گھر میں مومن ہو کر داخل ہو اور سارے مومن مردوں اور عورتوں کو بھی ۔

---

۳۹ یہ رحمتِ الٰہی کا اثباتی یا ایجابی پہلو ہے، اور یہی مطلوب و مقصود ہے۔
جنتِ عدن - جنت ہر مومن کا مقصود و مطلوب ہے۔ ایسی شے ہرگز نہیں، جس سے شاعرانہ استکبار کے ساتھ اغماض و اعراض برتا جائے۔
۴۰ (انھیں کے ساتھ اور انھیں کے درجہ و مرتبہ میں)۔
من صلح - انسان کو پورا اور انتہائی لطف اسی وقت حاصل ہوتا ہے، جب اس لطف میں اپنے بڑے، اور اپنے چھوٹے اور اپنے ساتھ والے غرض سب اہلِ اخلاص شریک ہوں - یہاں دعا اسی کی کرائی جا رہی ہے کہ ان اعزہ و اقربا میں سے جو اصلاً مومن تو ہوں، لیکن بہ لحاظ اعمال اس مرتبہ کے نہ ہوں، کہ انھیں بھی ان جنتوں کا شریک اور ان کا ہم درجہ بنا دیا جائے!
۴۱ ترے لئے اس درخواست کا پورا کر دینا مشکل کیا ہے، تو تو العزیز سب پر غالب ہے۔ اور تو یقیناً اس کا انتظام اس طرح بھی کر سکتا ہے کہ اس سے تیرے انتظاماتِ تکوینی میں کہیں بھی غلطی نہ پڑے۔ تو تو الحکیم ہے، سب سے بڑا حکمت والا ہے۔
۴۲ دنیا کی مادی، عارضی، کامیابیاں بھی کوئی کامیابیاں ہیں، اصلی کامیابی تو یہی دارِ آخرت کی حقیقی مستقل، و پائدار کامیابی ہے۔ قرآن مجید نے کثرت کے ساتھ اس حقیقت کو مختلف پیرایوں میں بیان کیا ہے۔
۴۳ یہ دعا ایک بندۂ حق اپنی عمر کی پختگی پر پہونچ کر کرتا ہے۔
وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ - اپنے ساتھ ساتھ اپنی اولاد کی اصلاح دعا و فکر کرتے رہنا، مقبولین کاملین کی سنت ہے۔
۴۴ حضرت نوحؑ کی دعا ہے، جب اپنی قوم پر تبلیغ کرتے کرتے، اور اس کی بے اثری دیکھ، آپ عاجز آ چکے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ
وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا
كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ
الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ
خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ
بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۞
(بخاری ۔ عن عائشہؓ ۔ باب الاستعاذہ من اراذل العمر)

اے اللہ میرے گناہوں کو برف اور اولے
کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کو
گناہوں سے (ایسا) پاک کر دے، جیسا کہ
سفید کپڑا میل سے پاک کیا جاتا ہے، اور
مجھ میں اور میرے گناہوں کے درمیان
ایسا فاصلہ کر دے، جیسا کہ مشرق و مغرب
میں تو نے فاصلہ رکھا ہے۔ [ف۴۹]

مقبولین و کاملین کس کس طرح حضرتِ حق کے حضور میں اپنی تشنگی و تضرع کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔

ف۴۵ ملی یکجہتی اور ساری امت کے درمیان اخوت کی روح دوڑا دینے کے لئے یہ کتنی موثر دعا ہے۔

الذین سبقونا بالایمان ۔ اپنے پیشرووں کے حق میں دعائے خیر کی تصریح خاص طور پر قابلِ لحاظ ہے۔ آج سب سے بڑی مصیبت یہی ہے کہ امت کی موجودہ نسل نے اپنے ہی اسلاف پر لعن طعن کرنا، زبان درازیاں کرنا سیکھ لیا ہے، بلکہ اس کو عین خدمتِ دین سمجھا جا رہا ہے۔

ف۴۶ (تو اپنی اسی رافت اور اسی رحمت کا ایک پرتو ہم سب پر بھی ڈال دے، تو ہمارے دل بھی سب ایک دوسرے سے جڑ جائیں ۔ اور ایک دوسرے کے حق میں محبت اور ہوا خواہی سے لبریز ہو جائیں)۔

ف۴۷ (نہ کہ کسی اور کی طرف)

اگر انھیں عقائد کا استحضار رہنے لگے، کہ بھروسہ اور رجوع کے قابل اسی ایک کی ذات ہے، اور آخری معالقہ اسی ایک سے پڑنا ہے تو دنیا نمونۂ گلزارِ جنت بن جائے۔

ف۴۸ محض آزمائش بننے سے بچنے کی کوشش و تمنا ہی عین طاعت ہے، نہ کہ اسکے بالعکس اس میں پڑنے کی آرزو، جیسا کہ بعض نافہموں نے سمجھ رکھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا وَ زَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ	اے اللہ میرے نفس کو اسکی پرہیزگاری عطا کر
مَنْ زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا ۵۲	اور اُسے پاک کردے تو ہی اس کو سب سے بہتر
(مسلم عن زید بن ارقم - باب الادعیۃ)	پاک کرنے والا ہے، تو ہی اُس کا مالک اور آقا ہے ۵۲

انک انت العزیز الحکیم یعنی نہ تو ہماری مغفرت تیرے لئے کچھ بھی دشوار ہے، اور نہ تو اس سے ایسے کسی آئین حکمت میں خلل پڑنے دیگا۔

۴۹ (تو تو ایمان سے محروموں کو نور سے بہرہ ور کر سکتا ہے، تو ہم بہرحال صاحب ایمان تو ہیں ہی، اب تجھ سے التجا ہے کہ اس نور کو درجہ کمال تک پہونچا دے)۔

۵۰ یہ دعا حضرت نوح علیہ السلام کی زبان سے ادا ہوئی ہے —— پیمبر ہو کر بھی التجا اپنی مغفرت کیلئے کئے جاتے ہیں، کیا شان عبدیت ہے۔

والدین اور ساری امت اسلامی کے حق میں دعائے خیر کرتے رہنا سنت انبیاء ہے۔

قرآنی دعائیں اس مقام پر ختم ہو گئیں۔

۵۱ اس یہاں سے آخر کتاب تک حدیثی دعائیں ملیں گی۔

اغسل .... برد مراد اس طرح دھو دینا ہے جسکے بعد کوئی شائبہ بھی ظلمت معصیت و ظلمانیت کا باقی نہ رہجائے۔

نقی .... الدنس } مقصود دونوں تمثیلوں سے جو عربی اسلوب بیان میں عام ہیں۔ گناہوں کی
وباعد .... المغرب } آلودگی سے کامل پاکیزگی ہے۔

مسلمان کو چاہئے کہ جب یہ الفاظ زبان سے نکالے، تو کچھ انکی لاج بھی رکھے، اور عملاً بھی ہر گناہ سے بچنے کی ممکن حد تک کوشش کرے —— اور اے اللہ اسکی توفیق سب سے پہلے اس نامۂ سیاہ راقم سطور کو دے۔

۵۲ یہ دعائیں خیر البشر اور سرور انبیاء اپنے حق میں کر رہے ہیں، اور معلوم ہے کہ پیمبر کی زبان کسی مبالغہ پسند شاعر کی زبان نہیں ہوتی۔ تو ظاہر ہے کہ ہم بندگان دنیا کو کس شد و مد اور کس اہتمام سے اپنے حق میں تقویٰ اور عمل تزکیہ کی ضرورت ہے۔

اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[۵۴]	ہم تجھ سے وہ سب بھلائیاں مانگتے ہیں جو تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں[۵۳]۔
(ترمذی عن ابی امامہؓ - ابواب الادعیۃ)	
اِنَّا نَسْئَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ[۵۵]	ہم تجھ سے مانگتے ہیں مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام اور ہر گناہ سے بچاؤ، اور ہر نیکی کی لوٹ، اور بہشت میں اپنا پہنچنا، اور دوزخ سے نجات[۵۵] پانا۔

(مستدرک حاکم عن ابی مسعودؓ - باب الدعاء)

---

[۵۳] کتنی جامع و پُراثر دُعا ہے! ——— کئی کئی پہلو اس سے روشنی میں آگئے ۔ مثلاً
(۱) ایک تو یہ کہ نبی صلعم نے جب طلب کی تو بھلائی ہی کی۔ جو چیز آپ نے طلب کی وہ کبھی بُری طلب ہی نہیں کی۔
(۲) نبی صلعم بھی بہ ایں جلالت قدر اور بندوں میں لاثانی ہونے کے بہرحال صاحب احتیاج تھے، اور اپنی حاجتیں برابر حضرتِ حق میں عرض کرتے رہتے تھے۔
(۳) دعا و درخواست میں بھی اتباع نبوی کرنے سے اتباع سنت کا اجر مزید حاصل ہوتا جائے گا۔ ہے
(۴) اپنی خواہشوں اور درخواستوں کو بھی رسول معصوم کی درخواستوں سے متحد کر دینا ہی صحیح مقام فنافی الرسول کا ہے

[۵۵] الجنۃ تو نام ہی ہے محل رضائے الٰہی کا، اور النار محل عتاب الٰہی کا۔ ایک کے حصول اور دوسرے سے نجات کی طلب تو عین عشقِ الٰہی کا ثبوت دیتا ہے ——— خدا معلوم وہ کیسے عجیب و غریب مدعیانِ عشق و محبت ہیں جو جنت و جہنم یعنی محبوب کے محل رضا و محل عتاب کو یکساں قرار دیتے ہیں اور اس پر فخر کرتے ہیں!۔

اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا[۵۵] — میں تجھ سے طلب کرتا ہوں علم کارآمد۔[۵۵]

(کنز العمال۔ عن جابرؓ و عائشہؓ، جلد اول ص۲)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ خَطَئِیْ وَعَمَدِیْ[۵۶] — اے اللہ بخش دے میرے گناہ نادانستہ اور دانستہ۔[۵۶]

(بیہقی و طبرانی۔ عن ابن عباسؓ)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَ اِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ[۵۷] — اے اللہ بخش دے میری خطا اور نادانی اور میری زیادتی میرے بارہ میں، اور وہ بھی جو تو مجھ سے بڑھ کر جانتا ہے۔[۵۷]

(بخاری و مسلم۔ عن ابی موسی الاشعریؓ)

---

۵۵ اس حدیث نے تو جڑ ہی کاٹ دی مطلق علم کی مطلوبیت کی۔ مطلق علم ہرگز ہرگز مطلوب نہیں ہے۔ نافعیت کی قید نے ان تمام "علوم و فنون" کو دائرہ مطلوبیت سے خارج کر دیا جو معرفت الٰہی اور نجاتِ اُخروی میں معین و معاون نہیں۔ اور دنیوی حیثیت سے بھی ان "علوم و فنون" میں سے اکثر کی مضرتیں انکے نفع پر غالب ہی ہیں ——— ظلم اور جہل کی کوئی انتہا ہے کہ فضیلت علم کی آیتیں اور حدیثیں پیش کر کر کے حمایت اُن علوم و فنون کی اور اُس نظام تعلیم کی کیجاتی ہے جن کا حاصل تمام تر خدا فراموشی اور آخرت سے غفلت ہے۔

ایسی جامع اور حکیمانہ دعائیں وہی تعلیم دے سکتا تھا، جو دنیا کا بہترین معلم ہوا ہے۔

ملاحظہ ہو دعا ۵۴، انی اعوذ بک من علم لا ینفع۔

۵۶ اس میں اسکی تعلیم آگئی، کہ بندہ کو اپنے دانستہ اور بالقصد گناہ کیساتھ اپنے نادانستہ اور بلا قصد گناہوں کی بھی عذر خواہی کرتے رہنا چاہیئے ——— اور استغفار جب نبی معصوم نے کیا ہے، تو پھر کسی غیر معصوم کا کیا ذکر ہے۔

۵۷ اس اجمالی معذرت و توبہ کے اندر ہر ہر گناہ کی تفصیل آگئی۔

وما انت اعلم بہ منی۔ بعض گناہ ایسے خفی ہوتے ہیں جو انسان کے شعور میں پوری طرح آتے بھی نہیں،

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَھَزْلِیْ ؁
(بخاری ومسلم۔ عن ابی موسیٰ الاشعریؓ)

اے اللہ بخش دے جو (گناہ) سب مجھے مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا۔ [۵۸]

اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ ؁
(بن آبی تیسرہ۔ عن عائشہؓ)

اے اللہ دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دل اپنی طاعت کی طرف پھیر دے۔ [۵۹]

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ ؁
(مسلم عن علیؓ۔ باب الادعیۃ)

اے اللہ مجھے ہدایت دے اور مجھے استوار رکھ۔ [۶۰]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی ؁
(مسلم۔ عن عبداللہ بن عمرو بن العاص)

اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور سیر چشمی۔ [۶۱]

انساں انھیں قصداً بھلائے رکھنا چاہتا ہے۔ وہ سب اس دعا میں شامل ہو گئے۔

۵۸ ؎ بہت سے گناہ ایسے بھی ہوتے ہیں، خصوصاً زبان کے، جو انساں بغیر سنجیدگی سے سوچے ہوئے، یوں ہی ہنسی کھیل، تفریح میں کر گزرتا ہے۔ یہ استغفار اں سب کا بھی جامع ہے۔

۵۹ ؎ دلوں کا پھیرنا ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ اگر بندہ صدق دل سے اسکی تمنا رکھتا ہے کہ وہ طاعتوں ہی کیطرف راغب ہو جائے، اور دعا بھی کرتا رہتا ہے، تو عجب کیا کہ اسکی برکت سے واقعتہً اس کا دل طاعتوں کیطرف پھر جائے۔

۶۰ ؎ مومن تو خود ہی ہدایت پر ہوتا ہے، لیکں ہدایت مزید کی ضرورت اُسے حال و مستقبل کے قدم قدم پر رہتی ہے اور اسی کے لئے وہ درخواست کرتا رہتا ہے

سددنی جو دولت مومن کو حاصل ہو چکی ہے، اسپر ثابت و مضبوط رہنا یہ خود بھی بہت بڑی دولت ہے۔

۶۱ ؎ ان چار مختصر لفظوں کے اندر ہر قسم کی اعتقادی عبادتی اخلاقی، معاشرتی خوبیوں کی طرف اشارہ آگیا، اور

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ
عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ
الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ
اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ
وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ
فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ
رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ ۵۲

(مسلم۔ عن ابی ھریرۃؓ۔ باب الادعیۃ)

اے اللہ میرا دین درست رکھ جو
میرے حق میں بچاؤ ہے اور میری
دنیا درست رکھ جس میں میری
معاش ہے اور میری آخرت
درست رکھ جہاں مجھے لوٹنا ہے۔
اور زندگی کو میرے حق میں ہر بھلائی
میں ترقی، اور موت کو میرے حق میں
ہر برائی سے امن بنا دے۔ ۶۲

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَ
عَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ۵۳

(مسلم بن ابی مالک الاشجعی۔ باب فضل التہلیل و الدعاء)

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر
رحمت کر اور مجھے چین دے اور
مجھے رزق دے۔ ۶۳

یہ چار لفظ ایماں، عبادت، اخلاق و معاشرت سب کے مقتضیات کے جامع ہو گئے۔

۶۲ یعنی زندگی و موت دونوں میرے حق میں سرتاسر رحمت ہی بن جائیں —— جب تک جیوں، ہر بھلائی میں ترقی ہی کرتا رہوں۔ ہر بھلائی کی دولت ہی جمع کرتا رہوں۔ اور جب دنیا سے اٹھوں تو ہر برائی سے نجات پا جاؤں —— ایک مومن کا نصب العین اس سے بڑھ کر اور ممکن کیا ہے؟

معاش اور معاد کی ساری ممکن نعمتوں کی جامعیت اس دعا میں آگئی۔

۶۳ آخرت کو ہمارے رسولؐ و معلم برحق نے ہر دعا میں مقدم رکھا ہے کہ وہی تو اصل مقصود ہے لیکن ساتھ ہی رعایت ہم ضعیفوں کی مناسبت سے ہر موقع پر معیشت دنیوی کی بھی رکھی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ
وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ
وَالْمَاْثَمِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ
وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ
وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ
الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ
شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ
فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنَ
الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ
وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ
وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ
وَالرِّيَاءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ
وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ
وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ
الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ وَ
وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ اَنْ
اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

اے اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں
کم ہمتی سے اور سستی سے، اور
بزدلی سے اور انتہائی کبر سنی سے
اور قرضہ سے اور گناہ سے اور
عذاب دوزخ سے اور دوزخ
کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے
اور قبر کے عذاب سے اور مالداری
کے برے فتنہ سے اور محتاجی کے
برے فتنہ سے اور مسیح دجال
کے برے فتنہ سے اور زندگی
و موت کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور
غفلت سے اور تنگدستی سے اور ذلت سے اور
بیچارگی سے اور کفر سے اور ضدا ضدی سے
اور (لوگوں کے) سنانے سے اور دکھاوے سے
اور بہرہ پن سے اور گونگے پن سے اور
بار قرضہ سے اور فکر سے اور غم سے اور
بخل سے اور لوگوں کے دباؤ سے اور

وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ عِلْمٍ	اس سے کہ ناکارہ عمر تک پہونچوں
لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ	اور دنیا کے فتنہ سے اور اس علم
وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ	سے جو نفع نہ دے، اور اس
دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا [۲۲]	دل سے جس میں خشوع نہ ہو
(نسائی۔ کتاب الاستعاذۃ۔	اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو
بخاری۔ کتاب الدعوات والاذکار۔	اور
مسلم۔ مستدرک۔ کنز العمال۔ جمع الفوائد)	اُس دعا سے جو قبول نہ ہو۔ [۶۴ ۵]

---

[۵۶] تعوذات کا یہ سلسلہ حدیثی دعاؤں کی حیرت انگیز جامعیت کی ایک حیرت انگیز مثال ہے۔ غور کرنے کے بعد بھی اس فہرست میں اضافہ کی گنجائش نہ نکل سکے گی۔ کس حکیمانہ ایجاز وجامعیت کے ساتھ ایک ایک بشری ضرورت کو اس کے اندر سمیٹ لیا ہے۔

من العجز والکسل والجبن۔ یہ کاہلی اور بزدلی ہی انسان کو کتنی اُخروی سعادتوں اور دنیوی نعمتوں سے محروم رکھتی ہیں!۔

والھرم۔ پناہ مطلق کبرسنی سے نہیں، بلکہ پیرِ فرتوت بننے سے مانگی گئی ہے۔ مطلق بڑھاپا تو ایک نعمت ہے، البتہ اس میں زیادتی ایک بلا ہے۔

من عذاب النار وفتنۃ النار۔ دو لفظوں کے الگ الگ آنے سے معلوم ہوا کہ ایک تو دوزخ میں جا پڑنا اور اس کے عذاب میں مبتلا ہونا ہے، اور دوسری چیز ہے محض اس کیلئے آزمائش ہونا، اس کی طرف لے جانے والے سوال وجواب ہونا۔ اور پناہ مانگنے کے قابل دونوں ہی چیزیں ہیں۔

فتنة القبر و عذاب القبر۔ ایک شے تو ہے عذابِ قبر، اور ایک شے ہے قبر میں دھڑکا دینے والا سوال و جواب ہونا۔ مومن کے لئے عافیت اسی میں ہے کہ نجات و مغفرت بغیر کسی مواخذہ اور سوال و جواب ہی کے نصیب ہو جائے۔

شر فتنة الغنیٰ و شر فتنة الفقر۔ اسلوب بیاں کی بلاغت ملاحظہ ہو۔ بجائے خود بُری چیز نہ مالداری ہے نہ افلاس۔ دونوں اپنے اپنے ساتھ فتنے اور برائیاں رکھتی ہیں۔ اور پناہ مانگنے کے قابل بھی دونوں ہی کی خدا فراموشیاں، فتنہ سامانیاں اور معصیت کوشیاں ہیں۔

فتنة المحیا و الممات۔ زندگی اور موت دونوں بجائے خود تو اللہ کی رحمتیں ہیں۔ استعاذہ کے قابل دونوں کی محض فتنہ سامانیاں ہیں ـــــ سانپ کے زہریلے دانت اگر توڑ دیئے جائیں تو پھر سانپ تو ایک خوشنما کھلونا رہ جاتا ہے۔

الشقاق۔ شقاق یہ کہ محض دوسروں کی ضد میں ضدا میں، نفسانیت سے کوئی فعل کیا جائے۔

السمعة و الریاء۔ سمعہ و ریا یہ کہ راہِ اخلاص سے الگ ہو کر خلق میں نمائش کیلئے کوئی فعل کیا جائے۔

ومن الصمم الاسقام۔ یہ تمام جسمانی علالتیں اور آزار بھی صد درجہ پناہ مانگنے کے قابل ہیں۔ بندہ یہ ہرگز نہ سمجھے کہ شریعتِ اسلام جسمانی کلفتوں کی طرف سے بے پیاری کی تعلیم دیتی ہے۔

ومن ان ارد الی ارذل العمر۔ یہ وہی چیز ہے جس کا ذکر ابھی الھرم کے تحت میں اوپر آچکا ہے۔

من علم لا ینفع۔ علم غیر نافع سے اللہ کی پناہ! ملاحظہ ہو حاشیہ ۵۵۔

من قلب لا یخشع۔ قلب کا تو اصل جوہر تو یہی خشوع ہے۔ یہ نہیں تو موتی بے آب کے، پھول بغیر خوشبو کے، شکر بلا مٹھاس کے ہے۔

من نفس لا تشبع۔ ہر خواہش طبعی اگر اپنے حدود کے اندر ہے، تو ایک نعمت ہے۔ لیکن ان خواہشوں کا ہوس بن جانا ہی عین نفس پرستی ہے، اور بشریت کی نہیں ابلیسیت کی راہ ہے ـــــ دولت پر دولت حاصل ہوتی چلی جاتی ہے اور پھر دل نہیں بھرتا۔ دنیا ہی میں دوزخ کا مزہ آنے لگتا ہے۔

المنزل الثانی — دوسری منزل

یوم الاحد — یوم یکشنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ	اے میرے پروردگار میری مدد کر اور
وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ	میری مخالفت میں کسی کی مدد مت کر اور
وَامْکُرْلِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ	مجھے فتح دے اور کسی کو میرے اوپر غالب کر
وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْهُدٰی	اور میرے حق میں تدبیر کر اور میرے مقابلہ
لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی	میں کسی کی تدبیر نہ چلا اور مجھے ہدایت کر
عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ	اور میرے لئے ہدایت کو آسان کر دے
ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا لَّکَ	اور اُسکے مقابلہ میں مجھے مدد دے جو مجھ پر
رَهَّابًا لَّکَ مِطْوَاعًا لَّکَ	زیادتی کرے۔ اے میرے پروردگار مجھے
مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا اِلَیْکَ	ایسا کر دے کہ میں تجھے بہت یاد کیا کروں،
اَوَّاهًا مُّنِیْبًا ٭ رَبِّ تَقَبَّلْ	تیرا بہت شکر ادا کیا کروں، تجھ سے بہت
تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ	ڈرا کروں، تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں
وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ	تیرا بہت مطیع رہوں، تجھی سے سکون

وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَۃَ صَدْرِیْ ۝ ۶۵

(ترمذی۔ عن ابن عباسؓ۔ ابن ماجہ۔ ابواب الادعیۃ)

پانے والا رہوں، تیری ہی طرف متوجہ ہونے والا رہوں، رجوع ہونے والا رہوں۔ اے میرے پروردگار میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ دھو دے اور میری دعا قبول کر اور میری حجت (دینی) قائم رکھ اور میری زبان درست رکھ اور میرے دل کو ہدایت پر رکھ، اور سینہ کی کدورت کو نکال دے ۶۵۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ

اے اللہ ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور ہم سے راضی ہو جا، اور

---

۶۵ (جس سے دین کی پابندی اور خدا اور بندوں کے حقوق کی ادائی میرے اوپر آسان ہو جائے)۔ دعا دنیا و آخرت کی تمام حسنات کی جامع ہے۔

واهد لی۔ یعنی میں تو مسلسل ہدایت کا محتاج ہوں، مجھے ہر منزل اور ہر قدم پر ہدایت حاصل ہوتی رہے۔

ویسر الهدیٰ لی۔ بندہ کو چاہئے کہ راہِ ہدایت پر قائم رہنے کی سہولت کی ہمیشہ طلب کرتا رہے۔

لک ذکارًا۔ کہ تجھے ہر حال میں اور زندگی کے ہر موقع و مقام میں یاد کرتا رہوں۔

رب تقبل توبتی۔ شانِ عبدیت و نیازمندی یہ ہے کہ توبہ بھی کئے جائے، اور پھر قبول توبہ کی دعا بھی کرتا رہے۔

وثبت حجتی۔ یعنی میں دین کی جس حجت پر قائم ہوں، اس میں ضعف و تزلزل نہ پیدا ہونے پائے۔

وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا
شَاْنَنَا كُلَّهٗ [56] (ابن ماجہ عن ابی امامہ۔
باب دعاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)
اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَ
اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا
سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا
مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ
وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ
مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا
فِيْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَ
قُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَ
ذُرِّيّٰتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا
اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

ہمیں بہشت میں داخل کر اور ہمیں
دوزخ سے بچا دے اور ہمارے
حال سب درست کر دے[66]۔
اے اللہ ہمارے دلوں میں اُلفت دے
اور ہمارے آپس کے تعلقات کو درست کر دے
اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا اور
ہمیں اندھیریوں سے نور کی طرف
نکال لا۔ اور ہمیں بےحیائیوں سے جو
اُن میں سے ظاہری ہوں اور باطنی ہوں
(دونوں سے) الگ رکھ اور ہمیں برکت دے
ہماری سماعتوں میں اور ہماری بینائیوں میں
اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیویوں میں
اور ہماری اولادوں میں، اور ہماری توبہ

---

[66] (دنیوی اور اُخروی دونوں)

وادخلنا الجنۃ ونجنا من النار۔ جنت میں داخلہ اور جہنم سے نجات کی دعا قرآنی دعاؤں کی طرح حدیثی دعاؤں کا بھی ایک جزوِ اعظم ہے۔
دعاؤں کے صیغہ کے جمع متکلم میں آنے پر حاشیے پہلے گذر چکے۔

وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَ اَتِمَّهَا عَلَيْنَا ۞

(مستدرک۔ کنز العمال۔ عن ابن مسعودؓ)

قبول کر، بیشک تو ہی توتو بہ قبول کرنیوالا مہربان ہی، اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گذار اور ثنا خواں بنا، اور نعمتوں کے قابل بنا اور انھیں ہم پر پورا کر۔[۷۶]

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَ اَسْأَلُكَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ

اے اللہ میں تجھ سے ثابت قدمی طلب کرتا ہوں امور (دین) میں اور تجھ سے اعلیٰ صلاحیت طلب کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے نعمتوں کے شکریہ کی

---

۷۶ یعنی ایسی نعمتیں ہمیں تمام وکمال عنایت کر، اور ہمیں اس قابل کر کہ ہم انھیں قبول کرکے اُنکا حق ادا کرسکیں۔

الف بین قلوبنا واصلح ذات بیننا۔ آپس کا اتحاد اور امت میں میل ملاپ جس درجہ میں اہم ہے اسی سے ظاہر ہی کہ رسولؐ نے اُسے ایک مقصود قرار دیکر اس کیلئے دعا کی تعلیم کی ہی۔

نجنا من الظلمات الی النور۔ شہوات نفس اور عقلی گمراہیوں کی ظلمتیں تہہ بہ تہہ اور بیشمار ہوتی ہیں۔ اسی لئے قرآن کی طرح حدیث میں بھی ان کیلئے جمع کا صیغہ آیا ہی۔ بخلاف اسکے نور ہدایت خط مستقیم کیطرح مفرد ہی ہے۔

جنبنا الفواحش ما ظہر منھا وما بطن۔ بچنے کے قابل صرف "پبلک" فضیحتے نہیں ہوتے (جیسا کہ بڑی بڑی مہذب جاہلی قوموں نے سمجھ رکھا ہی) بلکہ وہ مخفی گناہ بھی جنھیں کانوں کان کسی باہر والے کو خبر بھی نہیں ہوتی۔

بارک لنا فی ... وذریاتنا۔ آنکھ، کان، دل کی صحت اور بیوی بچوں کی خیر و عافیت بشر کے سکونِ قلب کیلئے جس قدر ضروری ہیں، اس کا تجربہ ہر صاحب تجربہ رکھتا ہے ——— ہمارے ہادیؐ و سردارؐ نے امت کے کمزور سے کمزور فرد کے جذبات کی بھی کتنی رعایت کرلی ہی۔

وَاَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّ
قَلْبًا سَلِيْمًا وَّخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا
وَاَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ
وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ
اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ؃

(ترمذی ۔ عن شداد بن اوسؓ ۔
نسائی، حاکم)

توفیق اور حسنِ عبادت چاہتا ہوں
اور تجھ سے مانگتا ہوں سچی زبان
اور قلبِ سلیم اور اخلاق صحیح، اور
تجھ سے وہ بھلائی مانگتا ہوں جس کو
تو جانتا ہے اور تجھ سے اس گناہ
سے معافی چاہتا ہوں جس کو تو
جانتا ہے ۔ بیشک تو ہی ہر غائب کا
جاننے والا ہے ۔[68]

---

۶۸ (تو تو اُن گناہوں سے بھی واقف ہے، جو خلق میں کسی دوسرے پر ظاہر نہیں)
فی الامر ۔ میں امر سے مراد امورِ دین ہیں ۔
اسألك شكر نعمتك ۔ نعمتوں پر ادائے شکر کی توفیق یہ بھی اللہ ہی سے طلب کرنے کی چیز ہے ۔
حسن عبادتك ۔ محض عبادت اپنی خشک صورت میں نہیں، بلکہ حُسنِ عبادت بھی ایک درجہ میں مطلوب و مقصود ہے ۔
اسألك من خير ما تعلم ۔ دنیا و آخرت کی بہت سی بھلائیاں بہت ہی لطیف و خفی قالب رکھتی ہیں، ان کا علم تو محض توفیقِ الٰہی ہی سے ہو سکتا ہے ۔
استغفرك مما تعلم ۔ ہر بشر کے کتنے ہی گناہ ایسے ہوتے ہیں، جنھیں وہ اس اہتمام اخفا کے ساتھ کرتا ہے، کہ بجز عالم الغیب کے کسی بشر کو اُن کی خبر نہیں ہونے پاتی ۔ یہاں ان سب سے استغفار مقصود ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ؕ	اے اللہ مجھے بخش دے جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا، اور جو کچھ میں نے پوشیدہ کیا اور جو کچھ علانیہ کیا اور اس کو بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے [۶۹]۔
(حاکم۔ عن ابن عمرؓ)	
اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ	اے اللہ ہمیں اپنی خشیت سے اتنا حصہ دے کہ ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے اور اپنی طاعت سے اتنا حصہ کہ تو ہمیں اسکے ذریعہ سے اپنی جنت میں پہونچا دے۔ اور یقین سے اتنا حصہ کہ اس سے تو ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان کردے اور ہماری سماعتیں اور ہماری بینائیاں اور ہماری قوت کو کام کا رکھ

---

[۶۹] (یں ممکن ہے کہ ان کو بھول گیا ہوں، تو تو نہیں بھول سکتا۔ ممکن ہے وہ میرے محض شعور خفی میں ہوں، تیرے لئے خفی و جلی کا کوئی سوال ہی نہیں)۔

اغفرلی۔ اعلنت۔ اب مختصر سے فقرہ میں عمر کے ہر دور کی اور ہر قسم کے گناہوں کے ہر قسم سے معافی طلبی آگئی۔

مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰی مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰی مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ؁

(ترمذی - نسائی)

عن ابن عمرؓ)

جبتک تو ہمیں زندہ رکھے اور اس کی خیر کو ہمارے بعد باقی رکھنا اور ہمارا انتقام اس سے لے جو ہم پر ظلم کرے اور ہمیں اُس پر غلبہ دے جو ہم سے دشمنی کرے اور ہمارے دین میں ہمارے لئے مصیبت نہ ڈال، اور دنیا کو نہ ہمارا مقصود اعظم بنا اور نہ ہمارے معلومات کی انتہا اور نہ ہماری رغبت کی منزلِ مقصود، اور ہم پر اُس کو حاکم نہ کر جو ہم پر نامہربان ہوئے

نئے (خواہ وہ تسلط بہ طور ظالم زبردست حاکم کے ہو یا کسی اور طرح پر)

حدیث کی اعلیٰ دعاؤں میں یہ دعا خاص طور پر اعلیٰ ہے - اور رسول اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان حکیمانہ پر ایک شاہد عادل۔

اقسم لنا ۔ معاصیک - خشیت الٰہی کا جو پورا حق ہے، اُسے کون پورا ادا کر سکتا ہے - کس میں اتنی قوت و ہمت ہے - طاعت کافی صرف اس درجہ میں ہے، جو بندہ کی رسائی جنت تک کرا دے۔

من الیقین ۔ الدنیا - یقین و ایمان باللہ کا وہ درجہ کافی ہے جو دنیا کے مصائب کی برداشت بندہ پر آسان کر دے۔

اَللّٰھُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَکْرِمْنَا وَلَا تُہِنَّا وَ اَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَ اٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا وَ اَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ؕ
(مستدرک ۔ عن عمرؓ ۔ کنز العمال)

اے اللہ ہمیں بڑھا، اور گھٹا مت، اور ہمیں آبرو دے، اور ہمیں خوار نہ کر، اور ہمیں عطا کر، اور ہمیں محروم نہ رکھ، اور ہمیں بڑھائے رکھ اور دوسروں کو ہم پر نہ بڑھا، اور ہمیں خوش رکھ اور ہم سے خوش رہ ۔ ا.ے ۔

معا ۔ احییتنا ۔ زندگی بھر انسان سماعت کا اور بصارت کا اور جسمانی قوت کا جس درجہ محتاج رہتا ہے، زرا سے غور و تامل کے بعد ہر شخص پر ظاہر ہو سکتا ہے ۔

واجعله الوارث منا ۔ یعنی ان چیزوں کی اچھی یادگاریں میرے بعد بھی باقی رہ جائیں ۔

ولا تجعل ۔ دیننا ۔ مصیبت ہر قسم کی بری ہے، لیکن جس مصیبت کا تعلق دین سے ہو، وہ تو خاص طور پر بری ہے ۔ اسی لئے اس سے بچنے کی دعا بھی مستقل کرائی گئی ۔

ولا تجعل ۔ رغبتنا ۔ دعا کا یہ جز اہم ترین ہے ۔ اور آج جو بھی مصیبتیں بھی ہم پر چھائی ہوئی ہیں، اسی کے ملحوظ نہ رکھنے سے ہیں ۔ کاش ہم یہ سمجھ لیتے اور سیکھ لیتے کہ دنیا نہ ہماری مقصود اصلی ہے اور نہ ہمارے علم اور شوق کی منتہا اور غایت! یہ دنیا تو ہمارے بڑے ہی طویل سفر زندگی کی صرف ایک مختصر سی منزل ہے اور بس ۔

معاصیك ۔ یعنی تیرے مقابلہ میں نافرمانیاں ۔

اے اللہ کی خوشی جو طلب کی گئی ہے وہ تو یہ ہے کہ وہ اپنی نعمتوں سے بندہ کو سرفراز کرتا رہے، اور بندہ کی خوشی جس کی دعا کی گئی ہے، یہ ہے کہ اسکی دلی مرادیں پوری ہوتی رہیں ۔

زدنا ولا تنقصنا ۔ یہ بڑھاؤ گھٹاؤ غالباً مادی راحتوں اور نعمتوں کے لحاظ سے ہے ۔

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ [۶۲]
(ترمذی۔ عن عمران بن حصینؓ)

اے اللہ میرے دل میں ڈال دے میری سعادت [۴۲]۔

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی رُشْدِ اَمْرِیْ [۶۳] (ابوداؤد۔ عن ابن عمرؓ۔ مستدرک عن حصین بن عبید اللہؓ)

اے اللہ مجھے میرے نفس کی بُرائی سے محفوظ رکھ، اور مجھے میرے امور کی اصلاح کی ہمت دے۔

اَسْأَلُ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ [۶۴] (ابن ماجہ۔ عن ابی ہریرۃؓ)

میں اللہ سے دنیا و آخرت دونوں میں عافیت مانگتا ہوں [۴۳]۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنَ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا

اے اللہ میں تجھ سے توفیق چاہتا ہوں نیکیوں کے کرنے کی اور برائیوں کے چھوڑنے کی اور غریبوں کی محبّت کی اور یہ کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کرے۔

---

[۱] اترنا ولا تؤثر علینا۔ یہ بڑھا و گھٹاؤ غالباً روحانی مدارج کے اعتبار سے ہے۔
واعطنا ولا تحرمنا۔ اس میں مادی و روحانی ہر قسم کی بخششیں اور عطیے آگئے۔

[۴۲] (جس سے خود بخود بلا کسی مانع کے راہِ حق پر چلتا رہوں)
رشد و ہدایت کی دعا اگر اخلاص کے ساتھ جاری رہے تو یہ بجائے خود ایک بڑا عملی اقدام اصلاحی زندگی کے حق میں ثابت ہوگا۔

[۴۳] سبحان اللہ کتنی جامع دعا ہے سب کچھ اسکے اندر آگیا ایک بس ہے کہ جسکی جتنی چاہے تشریح کرتے جائیے۔

اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَ اَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى حُبِّكَ[۶۵]

(مستدرک۔ عن ثوبانؓ)

اور جب تو کسی جماعت پر بلا نازل کرنے کا ارادہ کرے تو مجھے اُٹھا لینا بلا اسکے کہ میں اُس بلا میں پڑوں، اور میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، اور اُس شخص کی محبت (بھی) جو تجھ سے محبت رکھتا ہو اور اُس عمل کی (بھی) محبت جو تیری محبت سے قریب کردے[۷۴]

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَاۤءِ الْبَارِدِ[۶۶]

(ترمذی عن ابی الدرداءؓ و عن معاذؓ)

اے اللہ اپنی محبت مجھے پیاری کردے، میری جان سے اور میرے گھر والوں سے، اور سرد پانی سے بھی بڑھ کر[۷۵]

---

[۷۴] سبحان اللہ وبحمدہ کس حکیمانہ انداز سے یہاں اس حقیقت کا اظہار فرمایا گیا ہے کہ مقصود اصلی تو حبِّ الٰہی ہے لیکن ساتھ ہی مقصودیت میں شریک و شامل وہ اعمال بھی ہیں جو حبِّ الٰہی سے قریب کردیں! ——— اللہ ہی محبوب نہیں، اللہ کی طاعات و فرائض بھی محبوب ہیں، کہ وہ سب اسی منزل تک پہونچانے والے ہیں۔ حب المساکین۔ دعا حبِ مساکین کی کرائی گئی ہے حبِ اغنیاء و امراء کی نہیں۔ اسی سے ظاہر ہے کہ شریعتِ اسلام میں فقراء و مساکین کا کیا درجہ ہے ——— صحیح سوشلزم اور حقیقی کمیونزم یہیں ہے، بغیر فساد و افساد کے۔ وحب من یحبك۔ یہ نص صاف ہے اس بارہ میں کہ اللہ ہی نہیں، اللہ والے بھی محبوب رہنے چاہئے۔

[۷۵] یعنی جو بڑی سے بڑی اور گہری سے گہری طبعی محبتیں ہیں، اُن پر بھی غالب اپنی عقلی ہی محبت کو رکھ! اور تیرے احکام پر عمل کے وقت کوئی بھی غیر الٰہی تعلق مانع نہ ثابت ہو! ——— بندہ کے بس میں اسکے سوا اور ہے بھی کیا۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِی حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰھُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِی مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّی فِیمَا تُحِبُّ اَللّٰھُمَّ وَمَا زَوَیْتَ عَنِّی مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّی فِیمَا تُحِبُّ[1]

(ترمذی عن عبداللہ بن یزید الانصاری)

اے اللہ مجھے اپنی محبت نصیب کر اور اُس شخص کی بھی محبت جسکی محبت تیرے نزدیک میرے حق میں نافع ہو۔ یا اللہ جس طرح تو نے مجھے وہ دیا ہی جو مجھے پسند ہی، اُسے میرا معین بھی اس کام میں بنادے جو تجھے پسند ہی۔ اے اللہ جو کچھ تو نے دور رکھا ہی مجھ سے اُن چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں تو اسے میرے حق میں اُن چیزوں کیلئے موجب فراغ بنادے جو تجھے پسند ہیں۔[1]

---

[1] یعنی میرے محبوبات و مرغوبات نفس کو تو نے جو اپنی حکمت و ربوبیت سے مجھ سے دور ہی رکھا ہی اس دوری کا یہ اثر میرے اوپر ڈال کہ میں عین تیری ہی مرضیات کو پسند کرنے لگوں!۔

اللھم ارزقنی ... عندك۔ یہ ایک اور نص اس حقیقت پر ہے کہ محبت الٰہی کے ساتھ ساتھ اُن اہل اللہ کی محبت بھی مطلوب ہی، جو محبت الٰہی میں معین و معاون ہوتے ہیں۔

اللھم فکما ... تحب۔ یعنی میرے مرغوبات و مالوفات جو مجھے عطا ہوئے ہیں، ان سب کو تو اپنی مرضیات ہی کے حصول کا ذریعہ بنادے۔

کتنی معتدل، آساں اور حکیمانہ تعلیم اسلام کی ہے۔ بعض دوسرے مذہبوں کی طرح یہاں یہ حکم نہیں کہ اپنی دلچسپی کی ساری چیزیں چھوڑ دو، لذات مادی کو بالکل ترک کر دو۔ بلکہ حکم صرف اسا ہی کہ اپنی دلچسپیوں اور لذتوں کو مرضیات الٰہی کے تابع و ماتحت بنادو، دین کے کام میں انھیں لگا دو۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِيْنِكَ [۶۷] (مستدرک عن انسؓ)

اے دلوں کے پلٹنے والے میرا دل اپنے دین پر مضبوط رکھ۔ [۶۷]

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ [۶۹] (مستدرک۔ عن ابن مسعودؓ)

اے اللہ میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمتیں کہ ختم نہ ہوں اور اپنے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلّم کی رفاقت جنت کے برترین مقام یعنے جنت خلد میں۔ [۶۸]

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِیْ

اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے تندرستی ایمان کے ساتھ اور

---

[۶۷] دلوں کا پلٹنا تکوینی طور پر سب اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ جس نے اپنا رشتۂ عبودیت اس سے جوڑے رکھا، اس کیلئے فلاح ہی فلاح ہے ——— مومن کو بدگمانی سب سے زیادہ اپنے ہی نفس کیساتھ رہتی ہے، کہ اگر توفیق الٰہی مسلسل دستگیر نہ رہے، تو کہیں میں پھسل نہ جاؤں۔

[۶۸] مومن کی زبان و قلب سے یہ تین کیسی کلیدی دعائیں نکل رہی ہیں۔-

(۱) ایمان پر ثبات، دین کا استحکام۔

(۲) دینی و دنیوی نعمتوں کا سلسلہ غیر منقطع۔

(۳) جنت کے اعلیٰ ترین مقام میں سرورِ کائنات رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی معیت و رفاقت ——— جس سے اونچی منزل خیال میں بھی نہیں آسکتی۔

حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهُ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ؕ

(مستدرک عن ابی ہریرہ رضؓ)

ایمان حسن اخلاق کے ساتھ اور کامیابی جس کے پیچھے تو مجھے فلاح بھی دے، اور رحمت تیری طرف سے اور عافیت اور مغفرت تیری طرف سے اور (تیری) خوشنودی۔ [۵۹]

اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ ؕ

(مستدرک عن انس رضؓ۔ ابن ماجہ)

اے اللہ تو نے جو علم مجھے دیا ہے اس سے مجھے نفع دے اور مجھے وہ علم دے جو مجھے نفع دے۔

---

[۵۹] اس میں مانگنے والے نے وہ سب کچھ مانگ لیا، جو مانگا جا سکتا ہے، اور جو مانگا جانا چاہیے یعنی

۱۔ جسمانی تندرستی، روحانی تندرستی (یعنی ایمان) کے ساتھ۔

۲۔ روحانی زندگی، اخلاقی پہلوؤں کی توانائی کے ساتھ۔

۳۔ پوری کامیابی اور مستقل فلاح۔

۴۔ رحمتِ الٰہی، اور

۵۔ عافیت (دنیا میں) اور

۶۔ مغفرت (آخرت میں) اور رضوان الٰہی۔

[۶۰] یعنی جو علم مجھے مرحمت ہوا ہے، اس پر عمل کی توفیق بھی ہو، اور علم بھی وہی مرحمت ہو جو عمل میں معین ہو ——— کیسی نپی تلی بات ارشاد فرما دی گئی ہے۔

ملاحظہ ہو حاشیہ ۵۵

اَللّٰھُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَیْبَ وَ
قُدْرَتِكَ عَلَی الْخَلْقِ اَحْیِنِیْ
مَا عَلِمْتَ الْحَیٰوۃَ خَیْرًا لِّیْ
وَتَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاۃَ
خَیْرًا لِّیْ وَ اَسْأَلُكَ فِی الْغَیْبِ
وَالشَّھَادَۃِ وَ كَلِمَۃَ الْاِخْلَاصِ
فِی الرِّضٰی وَ الْغَضَبِ
وَ اَسْأَلُكَ نَعِیْمًا لَا یَنْفَدُ
وَ قُرَّۃَ عَیْنٍ لَا یَنْقَطِعُ وَ
اَسْأَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ
وَ بَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ

اے اللہ بہ وسیلہ اپنے عالم الغیب ہونے کے
اور مخلوق پر قادر ہونے کے مجھے زندہ رکھ
جب تک تیرے علم میں زندگی میرے حق
میں بہتر ہو اور مجھے اُٹھا لینا جب
تیرے علم میں موت میرے حق میں بہتر ہو۔ [۸۱]
اور میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرا ڈر
غائب و حاضر میں اور اخلاص کی بات
حالت عیش و طیش میں [۸۲] ۔ اور تجھ سے ایسی
نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور ایسی
آنکھوں کی ٹھنڈک جو جاتی نہ رہے اور
میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم تکوینی پر

---

۸۱ گویا زندگی بھی سرتاسر رحمت کے سایہ میں گزرے، اور موت بھی تمام تر رحمت ہی کے آغوش میں لے جائے ــــ بندہ بیچارہ تو بس راحت کا بھوکا رہتا ہے، یہ عالم ہو تو، اور وہ عالم ہو تو۔

۸۲ (کہ یہی دو وقت جذبات نفس کی رو میں بہہ جانے کے ہوتے ہیں)۔
جس کسی نے ان دونوں موقعوں پر اپنے اوپر قابو رکھ لیا، اسکی مستقل زندگی متقیانہ بن گئی۔

اسألك ۔ ۔ الشہادۃ ۔ یعنی خشیت الٰہی ہر حال میں قائم رہے، عام اس سے کہ نتائج عمل بالکل سامنے ہوں یا نظر سے مخفی۔

وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَّ فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ ۸۲

(مستدرک۔ عن عمار بن یاسرؓ)

رضامند رہنا اور موت کے بعد خوش عیشی اور تیرے دیدار کی لذت اور تیری دید کا شوق۔ اور میں تیری ذات کے ذریعہ سے پناہ مانگتا ہوں آزار دینے والی مصیبت اور گمراہ کرنے والی بلا سے۔ اے اللہ ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کر دے اور ہمیں راہنما راہ یاب بنا دے۔ ۸۲

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۸۳

مستدرک۔ عن عائشہؓ۔ ابن ماجہ)

اے اللہ میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، فوری بھی اور دور کی بھی۔ اس میں سے بھی جس کا مجھے علم ہے اور اُس میں سے بھی جس کا علم مجھے نہیں ہے۔ ۸۳

---

۸۲ (کہ ہم خود بھی راہ پر قائم رہیں، اور دوسروں کو بھی راہ دکھاتے رہیں)

ولذۃ ۔ لقائک۔ مومنین اہل جنت کا جمال الٰہی اور لقاءِ حق سے سرفراز ہونا اہل سنت کا ایک مسلّم عقیدہ ہے۔ اور یہی دیدارِ حق اہل جنت کیلئے ساری دوسری نعمتوں سے بڑھ کر ہوگا۔

عیشا ۔ تسقطہ۔ یعنی جن نعمتوں اور راحتوں سے سرفرازی ہو، انھیں دوام بھی نصیب ہو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ نعمتیں اور بخششیں عارضی ثابت ہوں۔

اللھم زینا بزینۃ الایمان۔ ایمان کا نفس وجود کافی نہیں۔ اس کا اصلی مزہ تو جب ہے، جب اس کے ساتھ ساتھ زینت ایمان کے بھی اسباب موجود ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ لِّیْ خَيْرًا وَاَسْأَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِیْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ۔
(مستدرک عن عائشہؓ ۔ ابن ماجہ)

اے اللہ میں تجھ سے وہ سب بھلائی مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے بندہ اور تیرے نبی (صلعم) نے مانگی۔ اے اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور جو چیز بھی اس سے قریب کرنیوالی ہو، قول سے ہو یا عمل سے۔ اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکم تکوینی کو میرے حق میں بہتر کردے۔ اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ تو میرے حق میں جاری کرے، اُسکے انجام کو سعادت بنادے[۸۵]

---

[۸۴] مقصود و مطلوب مومن کو ہر حال میں خیر ہی ہے۔ خیر عاجل بھی، اور خیر آجل بھی۔ اور وہ اپنا حصہ ہر خیر سے چاہتا ہے، عام اس سے کہ وہ خیر اسکے محدود علم میں ہو یا نہ ہو۔

[۸۵] بڑی جامع اور بڑی بلیغ دعا ہے۔

ما سأ لك عبدك ونبيك - سب سے اچھے اور سب سے بڑھ کر مذاق سلیم رکھنے والے وہی تھے، انھوں نے جن جن چیزوں کو اپنے رب سے طلب کیا، لامحالہ وہی سب سے بہتر اور وہی قابل طلب یقیناً بھی۔ یہ ہیں صحیح معنی محبت رسول کے

ای ... عمل۔ جنت ایسی شے ہے جسکی طلب اس الحاح کے ساتھ خود رسول الثقلین کر رہے ہیں۔ اور محض جنت ہی کی نہیں، قول و عمل کے اُن سارے راستوں کی بھی جو جنت کی طرف لے جانے والے ہیں۔ کتنی قابل غور و قابل عبرت یہ حقیقت ہے اُن عاقلوں اور جاہلوں کیلئے جو "عشق رسول" کے زعم میں اپنے کو جنت کی طرف سے بے پروا اور غیر ملتفت ظاہر کرتے ہیں!۔

کل قضاءٍ لی خیرًا۔ قضاء سے ظاہر ہے کہ حکم تکوینی مراد ہے۔ یعنی جتنے حالات طبعی اور غیر اختیاری طور پر

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ ؕ

اے اللہ ہمارا انجام تمام کاموں میں اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔ [۵۶]

(کنز العمال عن بسر بن ارطاۃ)

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا ۘ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ خَزَائِنُہٗ بِیَدِکَ وَاَسْأَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ الَّذِیْ ھُوَ بِیَدِکَ کُلِّہٖ ؕ

اے اللہ مجھے اسلام کیساتھ قائم رکھ کھڑے ہوئے، اور اسلام کیساتھ قائم رکھ بیٹھے ہوئے اور اسلام کیساتھ قائم رکھ لیٹے ہوئے [۵۷]، اور مجھ پر طعنہ کا موقع نہ دے نہ کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو۔ اے اللہ میں تجھ سے سب بھلائیاں مانگتا ہوں جنکے خزانے تیرے قبضۂ قدرت میں ہیں۔ اور تجھ سے وہ بھلائی بھی مانگتا ہوں جو تمام تر تیرے ہی قبضہ میں ہے۔ [۵۸]

(مستدرک عن ابن مسعودؓ)

مجھے پیش آتے رہیں، وہ سب بھی میرے حق میں بھلائی ہی رکھیں۔

اَسْأَلُکَ۔ ... (مستدرک) یعنی مجھے جس حالت میں بھی رکھا جائے، انجام ہر حالت کا خیر و سعادت، رشد و ہدایت ہی کی شکل میں کر دیا جائے۔

[۵۶] اجرنا من خزی الدنیا۔ نے ظاہر کر دیا کہ دنیا میں اپنی تفضیح و رسوائی کے اسباب سے بچنا بھی صحیح و مناسب خودداری کی ایک قسم ہے، جو مومن کیلئے ناقابل التفات نہیں۔ اور اپنی عزتِ نفس کو گوارا کر کے بے غیرتی اختیار کر لینا جس کا نام جس لوگوں نے طریق ملامتیہ رکھ لیا ہے، اسلام میں کوئی وزن نہیں رکھتا۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا
هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَہٗ
وَلَا حَاجَۃً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَضَیْتَھَا
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ

(الطبرانی عن انسؓ)

اے اللہ ہمارا کوئی گناہ نہ چھوڑ جسے تو بخش نہ دے
اور نہ کوئی تشویش ایسی جسے تو دور نہ کر دے اور
نہ کوئی قرضہ ایسا جسے تو ادا نہ کر دے اور نہ
کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں میں سے
ایسی جسے تو پوری نہ کر دے، اے سب سے
بڑھ کر رحم کرنے والے[۸۹]۔

اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ
وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ؕ

(ابوداؤد۔ عن معاذؓ۔ مستدرک۔ عن ابی ہریرۃؓ)

اے اللہ ہماری امداد کر اپنے ذکر اور
اپنے شکر اور اپنے حسن عبادت کے
باب میں[۹۰]۔

---

۸۶ یعنی ہم کسی حال میں بھی ہوں، احکام اسلامی کی پابندی ہم سے جدا نہ ہونے پائے۔ یہ ہرگز نہ ہونے پائے کہ ہم اس سے چھٹے ہوئے رہیں اور وہ ہم سے چھٹی ہوئی رہے ا——— یہ ہی عاشقانہ مزاج کی صحیح رعایت! اور اللہ ہر کلمہ گو کو توفیق اسی کی دے!۔

۸۸ اس میں یہ تعلیم آگئی کہ ہر مومن کو طلب خیر پر ایسا ہی حریص ہونا چاہئے۔

من بیدك ۔ اس میں خیر کی وہ ساری قسمیں آگئیں، جن کے ظاہری اسباب و وسائل دوسرے ہوتے ہیں لیکن بہر حال بہ حیثیت مسبب الاسباب اکی اصلی کنجی تو حق تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

واسألك کلہ ۔ یہاں خیر کی وہ قسمیں مراد ہیں جو بلا توسط وسائط براہ راست حق تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہوتی ہیں۔

عدوا ولا حاسدا ۔ اور انسان کا سب سے بڑا دشمن خود اس کا نفس، اور سب سے بڑا حاسد شیطان ہے۔ ایسا نہ ہو کہ بندۂ مومن کوئی ایسی حرکت کر گزرے، جس سے اس بڑے دشمن یا بڑے حاسد کو خوش ہونے کا موقع ہاتھ آجائے۔

۸۹ یہ دعا بھی بڑی جامع ہے، اور جیسا کہ ظاہر ہے، دنیوی اور اخروی تمام ضرورتوں پر حاوی۔ اور اس کے خاتمہ پر یا ارحم الراحمین کا خطاب بہت ہی بلیغ ہے اور نہایت موزوں۔

اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ ۞

(مستدرک۔ عن ابن عباسؓ)

اے اللہ مجھے قناعت دے، اسمیں جو تونے مجھے نصیب کیا ہے، اور اسمیں میرے لئے برکت دے[91] اور ہر اُس چیز میں جو میری نظر سے غائب ہے میرا نگراں رہ خیریت کیساتھ[92]۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ عِیْشَةً نَّقِیَّةً وَّمِیْتَةً سَوِیَّةً وَّمَرَدًّا غَیْرَ مُخْزِیٍ وَّلَا فَاضِحٍ ۞

(مستدرک۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں زندگی پاکیزہ اور موت ڈھنگ کی اور ایسی مراجعت جس میں میرے لئے رسوائی اور فضیحت نہ ہو[93]۔

---

[90] کتنی سچی اور گہری بات ارشاد ہوئی ہے۔ نہ ذکرِ الٰہی نہ شکرِ الٰہی، نہ حُسنِ عبادت، کوئی سے بھی توفیقِ الٰہی اور امدادِ الٰہی کے بغیر ممکن نہیں۔ دعا میں یہ پہلو بھی ہے کہ انسان کو اپنی کسی عبادت و طاعت پر عجب نہ پیدا ہو جائے۔

[91] اضافۂ دولت اور ترقیٔ رزق کی دعائیں تو بے شمار ہیں، لیکن دولتِ قناعت و نعمت برکت پر نظر دنیا کے اسی سب سے بڑے حکیم اور دقیق النظر انسانؐ ہی کی پہونچ سکتی ہے۔ اور حقیقۃً یہی دنیا کی الجھن اور علائق کی بے چینی کا سب سے بڑا اور موثر علاج ہے۔

ہر شخص اسی خبط میں مبتلا ہے کہ جتنا مل رہا ہے اُس سے اور زیادہ ملنے لگے۔ حالانکہ روزمرہ کا تجربہ ہے کہ زیادہ ملنے پر بھی ہوس نہیں بجھتی، اور جتنی آمدنی میں ترقی ہوتی جاتی ہے، خرچ بھی اسی نسبت سے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ تو بجائے اس اضافہ کی تمنا کے، دعا یہی کیوں نہ کیجائے، کہ جو کچھ مل رہا ہے، بس اُسی سے طبیعت کو آسودگی ہو جائے؟ —— یہ نسخہ ایکبار بھی آزما کر دیکھا جائے، تو آج دنیا میں جو نفسی نفسی پڑی ہوئی ہے، وہ آدھی سے زیادہ تو ضرور ہی گھٹ جائے۔

[92] بندہ عرض کر رہا ہے کہ مجھ اندھے کو معیات کی کیا خبر، ہر چیز اپنے باریک اور دور رس نتائج کے لحاظ سے تو تجھی پر روشن ہے، تو ہی میری نگہبانی خیریت کیساتھ کر سکتا ہے۔

[93] یعنی زندگی پاکیزہ بسر رہے، موت مبارک نصیب ہو۔ اور آخرت میں ہر قسم کی رسوائی سے دامن محفوظ رہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّ فِیْ رِضَاکَ ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رِضَآئِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ ؕ

(مستدرک عن بریدة الاسلمیؓ)

اے اللہ میں کمزور ہوں، پس اپنی مرضیات میں میرا ضعف اپنی قوت سے بدل دے اور کشاں کشاں مجھے خیر کی طرف لے جا، اور اسلام کو میری پسند کا منتہا بنا دے، میں ذلیل ہوں سو مجھے عزت دے اور میں محتاج ہوں سو مجھے رزق دے۔[۹۴]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَ الْمَسْأَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَآءِ وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ

اے اللہ میں تجھ سے ہی مانگتا ہوں بہترین سوال اور بہترین دعا اور بہترین کامیابی اور بہترین عمل اور بہترین اجر، اور بہترین زندگی اور بہترین موت۔[۹۵]

---

[۹۴] خاص الخاص عبدیت کی ظاہر کرنے والی دعا اس سے بڑھ کر اور کن الفاظ میں ممکن ہے؟۔

[۹۵] ساری دعا آب زر سے لکھنے کے قابل ہے یہ سب سے بڑھ کر یہ کہ اللھم انی اسألك خیر المسألة - پہلی دعا تو یہی دعا ہے کہ خود بہترین سوال ہی کی توفیق ہمیں عطا ہو۔ ہمیں کیا خبر، کہ کون سی دعا ہمارے حق میں بہتر ہے، اور کون سی چیزیں ہمارے مانگنے کی ہیں۔ سو پہلے تو ہمیں خود اسی کی رہبری فرما!۔

اسی مضمون کو عارف رومیؒ نے اپنے ہاں یوں کہا ہے کہ دعا کا قبول کرنا تو تیرے اختیار میں ہے ہی، خود دعا کی تعلیم بھی تو تیرے ہی بس میں ہے۔ ؎

ہم دعا از تو اجابت ہم ز تو | ایمنی از تو مہابت ہم ز تو

وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَیْرَ مَا اٰتِیْ وَخَیْرَ مَا اَفْعَلُ وَخَیْرَ مَا اَعْمَلُ وَخَیْرَ مَا بَطَنَ وَخَیْرَ مَا ظَهَرَ

(مستدرک عن ام سلمہؓ)

مجھے ثابت قدم رکھ اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کر دے، اور میرے ایمان کو متحقق کر دے اور میرا درجہ بلند کر دے اور میری نماز کو قبول کر میں مانگتا ہوں تجھ سے جنت کے بلند درجے۔ آمین[۹۶]۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں خیر کی ابتدائیں بھی اور انتہائیں بھی، اور خیر کی جامع چیزیں اور خیر کا اول بھی اور خیر کا آخر بھی اور خیر کا ظاہر بھی اور خیر کا باطن بھی[۹۷]۔ اے اللہ میں تجھ سے خیر مانگتا ہوں اپنے ہر اس کام میں جسے اعضاء سے کروں یا دل سے کروں اور اسکی بھی خیر جو پوشیدہ ہے، اور اسکی بھی خیر جو علانیہ ہے[۹۸]۔

---

۹۶ دیکھئے کہ رسولؐ بھی جنت ہی کی طلب کر رہے ہیں، اور جنت میں بھی درجات بلند کی! ــــــ دائے ہماری نادانی و کم فہمی کہ ہم ایسی "روحانیت و ولایت" کا کمال جنت کیطرف سے بے اعتنائی و بے التفاتی میں سمجھتے ہیں!۔

۹۷ خلاصہ یہ کہ تکوینی حالت کوئی سی بھی ہو، بندہ ہر حال میں خیر و رحمت ہی سے گذر رہا، اسی میں اپنے کو ملفوف دیکھنے کی تمنا رکھتا ہے۔ اور یہی اس کی صحیح ترین تمنا ہے

۹۸ انسان کا جو بھی عمل ہوگا، یا تو ظاہری اعضاء و جوارح سے ہوگا یا قلب سے، اور یا علانیہ ہوگا یا اخفاء کے ساتھ، الفاظ دعا کی جامعیت نے ان سب کو گھیر لیا۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ ؕ
(مستدرک۔ عن عائشہؓ)

اے اللہ میرا رزق خوب فراخ کر دینا میرے بڑھاپے میں اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت[99]۔

وَاجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ بِهٖ حَتّٰى اَلْقَاكَ اَسْأَلُكَ غِنَايَ وَغِنَا مَوْلَايَ ؕ
(الطبرانی عن انسؓ۔ کنز العمال)

اور میری عمر کا بہترین حصہ اس کا آخری حصہ کرنا اور میرا بہترین عمل میرا آخر ترین عمل کرنا اور میرا بہترین دن وہ کرنا جسمیں تجھ سے ملوں[100]۔ اے اسلام اور اہل اسلام کے مددگار، مجھے ثابت قدم رکھ اسلام پر یہانتک کہ میں تجھ سے مل جاؤں[101]۔ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں اپنی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی[102]۔

---

[99] عموماً ضعیفی ہی میں، جب انسان کی جسمانی قوتیں جواب دے چکتی ہیں اور انسان فراہمی معاش کے زیادہ قابل نہیں رہتا، اُسے معاش کی تنگی کی جانب سے شکایت ہو جاتی ہے ——— یہ دعا اُس وقت کیلئے کیسی تسلی بخش ہے اور ضعفا است کے لئے کیسی کیسی رعایتیں اس حکیم اعظمؐ کے کلام میں موجود ہیں۔

[100] سبحان اللہ وبحمدہ۔ ہر ہر فقرہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے، اور آخری فقرہ تو وجد میں لے آنے والا ہے! بیشک ہر مومن کے دل کی عین آرزو یہی ہے کہ اُسکی آخر عمر بہترین عمر ہو، اور اسکے آخری اعمال بہترین اعمال ہوں، اور اسکی بہترین گھڑی اپنے رب کے حضور میں پیشی کی گھڑی ہو۔

[101] یہی معنی ہیں قرآن مجید کی اس آیت کے واعبد ربك حتى ياتيك اليقين۔ عمر بھر کی ریاضتیں اور مجاہدے اسی لئے ہوتے ہیں کہ خاتمہ توحید و رسالت کی گواہی پر ہو۔

[102] (جس سے کہ میں کسی کا محتاج و دست نگر رہوں اور نہ میرے متعلقین)۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْءِ الْعُمُرِ
وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ وَ
مِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ
وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ
وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا
لَمْ اَعْمَلْ وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ
وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ وَمِنْ زَوَالِ
نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَ
فُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِیْعِ سَخَطِكَ
وَمِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ
بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ
شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ
وَمِنَ الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ
اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ الْهَدَمِ وَمِنَ
التَّرَدِّیْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ
وَاَنْ یَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں بری عمر
سے اور دل کے فتنہ سے اور تیری پناہ
مانگتا ہوں بواسطہ تیری عزت کے کہ کوئی معبود
نہیں بجز تیرے اس سے کہ تو مجھے گمراہ کر دے
اور بلا کی سختیوں سے اور بدقسمتی کے حصول سے
اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے طعن سے
اور اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا اور اس کام
کی برائی سی جسے میں نے نہیں کیا اور اس چیز کی
برائی سے جو مجھے معلوم ہی اور اس چیز کی برائی سی
جو مجھے معلوم نہیں اور تیری نعمت کے جاتے رہنے سی
اور تیرے امن کے پلٹ جانے سی اور تیرے عذاب کے
ناگہاں آجانے سی اور تیری ناخوشی سی اور اپنی
شنوائی کی خرابی سی اور اپنی بینائی کی خرابی سی
اور اپنی زبان کی خرابی سی اور اپنے دل کی خرابی سی
اور اپنی منی کی خرابی سی اور فاقہ سی اور اس سے کہ
میں کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے
اور کسی چیز کے میرے اوپر گر جانے سی اور میرے

عِنْدَ الْمَوْتِ وَعَنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَّ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا ؕ

(ملاحظہ ہو منزل اوّل کے خاتمہ کا حوالہ)

کسی چیز پر گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت گڑبڑ میں ڈال دے اور اس سے کہ میں جہاد سے بھاگتا ہوا مروں اور اس سے کہ میں جانور کے ڈسنے سے مروں۔[۱۰۳]

---

[۱۰۳] غرض یہ کہ تکوینی و تشریعی، مادی و روحانی، طبعی و اخلاقی جتنی حیثیتوں سے جتنے بھی خطرے ممکن ہیں، بندہ ان سب سے اپنی حفاظت، محافظِ حقیقی کی پناہ میں آجانے سے چاہتا ہے، اور اسی کیلئے الحاح و تضرع کیساتھ التجا کر رہا ہے۔

من شرما عملت۔ یعنی ان گناہوں کے وبال سے جو میں کر چکا ہوں۔

من شرما لم اعمل۔ یعنی ان فرائض و واجبات کے ترک کے وبال سے جو میں ترک کر چکا ہوں۔

من زوال نعمتك۔ اس نعمت کے عموم میں دنیوی و اخروی و مادی و روحانی ساری نعمتیں آگئیں۔

من شر سمعی۔ یعنی بری باتوں کے سننے سے۔

من شر بصری۔ یعنی بری باتوں کے دیکھنے سے۔

من شر لسانی۔ یعنی بری باتوں کے کہنے اور بولنے سے۔

من شر قلبی۔ یعنی بری باتوں کے ذہن میں جمانے سے۔

ومن شر منی۔ یعنی بیجا اور ناجائز شہوت رانی سے۔

محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت و رسالت پر تنہا یہی دعائیں دلیل قوی کا حکم رکھتی ہیں۔ اُمت کے کمزور سے کمزور فرد کے دل کی گہرائیوں تک ایسی ہمہ گیر رسائی بجز رسول صادق کے اور کسی سے ممکن ہی نہیں

ان یضلنی۔ اسمیں اضلال کی نسبت حق تعالی کی جانب تکوینی حیثیت سے بطور علت العلل یا مسبب الاسباب کے ہے جیسا کہ قرآن مجید میں بھی بارہا آیا ہے۔ یہ مراد نہیں کہ حق تعالیٰ از خود کسی بندہ کو گمراہ کرتے ہیں۔

ان یتخبطنی الشیطان عند الموت۔ مومن کی عمر بھر کی کمائی کو حق تعالیٰ یوں ہی ضائع ہونے سے تو بچا لیجائے گا۔ پھر بھی اپنی طرف سے تقاضائے عبدیت و عبودیت یہی ہے کہ اس مالک سے اس نازک ترین اور اہم ترین موقع کیلئے التجا ہی جاری رہے۔

المنزل الثالث — تیسری منزل

یوم الاثنین — روز دوشنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا ؁

(کنز العمال ۔ عن بریدہؓ)

اے اللہ مجھے بڑا صبر والا بنا دے اور مجھے بڑا شکر والا بنا دے[104]، اور مجھے میری نظر میں چھوٹا بنا دے اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنا دے[105]۔

اَللّٰھُمَّ ضَعْ فِیْ اَرْضِنَا بَرَکَتَھَا وَزِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا وَلَا تَحْرِمْنِیْ بَرَکَۃَ مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا تَفْتِنِّیْ فِیْمَا اَحْرَمْتَنِیْ ؁

(کنز العمال ۔ عن عمرہؓ)

اے اللہ ہمارے ملک میں برکت اور شادابی اور امن رکھ دے اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے اسکی برکت سے مجھے محروم نہ رکھ اور جس چیز سے تو نے مجھے محروم رکھا ہے، اُسکے باب میں مجھے فتنہ میں نہ ڈال[106]۔

---

[104] (کہ ہر مصیبت کے وقت صبر کا، اور ہر نعمت کے موقع پر شکر گزاری کا ثبوت دیتا رہوں)

[105] جب بندہ خود اپنی نظر میں چھوٹا بن جائے گا تو دوسروں کی نظر میں بڑا بن جانے سے جن نقصانات کا احتمال رہتا ہے، وہ ازخود دفع ہوگئے۔ اور جو فوائد ہو سکتے ہیں وہ باقی رہ گئے۔

[106] یعنی جو چیزیں تو نے اپنی کسی مصلحت تکوینی سے میرے لئے مناسب نہیں سمجھیں، اُنکی طلب میرے دل میں ایسی ہرگز نہ پیدا ہونے دے، کہ میں نافرمانی کے قریب بھی پہونچوں۔

اللّٰھم ضع فی ارضنا الخ اپنے ملک و وطن کے حق میں ترقی و برکت کی دعا کرتے رہنا ممنوع نہیں، بلکہ ماثور ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَجِرْنِيْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا ؕ (مسند احمد - عن ام سلمہ)	اے اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت بھی اچھی کر دے، اور میرے دل کی کھولن دور کر دے، اور گمراہ کرنیوالے فتنوں سے مجھے بچائے رکھ جبتک تو ہمیں زندہ رکھے ۔[۱]
اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّيْ حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ ؕ (الطبرانی - عن عائشہؓ)	اے اللہ مجھے موت کے وقت حجت ایمان تلقین کر دے ۔[۲]
رَبِّ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ ؕ (مسلم - ابوداؤد - ترمذی - عن ابن مسعودؓ)	اے میرے پروردگار میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جو آج کے دن میں ہو اور اُس چیز کی بھی بھلائی جو اسکے بعد ہو۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَفَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ ؕ (ابوداؤد - عن ابی مالکؓ)	اے اللہ میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں آج کے دن کی اور اسکی فتح اور اسکی ظفر اور اُس کا نور اور اسکی برکت اور اسکی ہدایت۔

---

[۱] یعنی ساری زندگی مرضیات الٰہی میں گزرے اور موت بھی اسی پر آئے۔
غیظ قلب - یہ کہ طبیعت میں ہر وقت کی الجھن و تحیبی، دنیا کی ہر چیز سے بے اطمینانی، خالق و مخلوق سب کی طرف سے ناگواری رہے۔

[۲] حجۃ الایمان - یعنی ایمان پر صریح و روشن و مضبوط دلیل، جس سے قدم میں ڈگمگاہٹ کا احتمال بھی نہ رہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ ؎۱۱۲

(ابو داؤد۔ عن عمرؓ۔ ابن ماجہ۔ نسائی)

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں معافی اور امن اپنے دین میں اور اپنی دنیا میں، اور اپنے اہل و مال میں۔ اے اللہ میرا عیب ڈھانپ دے، اور خوف کو امن سے بدل دے۔ اے اللہ میری حفاظت کر میرے آگے سے اور پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے ؎۱۰۹ اور میں تیری عظمت کے واسطہ سے پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ ناگہاں اپنے نیچے سے پکڑ لیا جاؤں ؎۱۱۰۔

---

۱۰۹ یعنی ہر ممکن جہت سے۔

انی اسألک العفو ... آخرتی۔ حق تعالیٰ سے اس عافیت اور معافی طلب کرنے کیلئے محل دنیا اور آخرت دونوں ہیں۔ دنیا پرستوں کی نادانی یہ ہے کہ وہ راحت و آسائش، سہولت و آسانی تمامتر اسی دنیا کی چاہتے ہیں، اور اس مستقل اور پائدار عالم کو یکسر سے بھلائے رکھتے ہیں۔ عالی دینداروں کا غلو اس کے مقابلہ میں یہ ہے کہ واسطہ اور تعلق تمامتر اسی دنیا سے رکھا جائے اور اس عالم کی راحت اور آسانیوں کو یکسر سے نظرانداز رکھا جائے —— شریعت حق کی صحیح، معتدل، متوازن، آسان اور ہر ایک کیلئے قابل عمل تعلیم عاجل اور آجل، فوری اور مستقل کی جامعیت کی ہے۔

فی اھلی ومالی۔ اہل اور مال بڑے سے بڑے دیندار کیلئے بھی ناقابل اعتنا نہیں خیر و برکت طلب کئے جانے کے قابل ہیں۔

۱۱۰ یعنی پناہ اس سے کہ دنیا یا آخرت کسی میں بھی کسی قسم کی سزا میں یک بیک مبتلا کردیا جاؤں۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ۹۳

(ترمذی - عن انسؓ - نسائی)

اے حی اے قیوم میں تیری رحمت کے واسطہ سے تجھ سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سارے حال کو درست کر دے اور مجھے میرے نفس کی طرف ایک لمحہ کیلئے بھی نہ سونپ۔[111]

اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰاتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْلَنِيْ وَاَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ ۹۴

(الطبرانی - عن ابی امامہؓ)

تیرے اُس نورِ ذات کے واسطہ سے جس سے آسمان و زمین روشن ہیں اور ہر اُس حق کے واسطہ سے جو تیرا ہے، اور اُس حق کے واسطے سے جو مانگنے والے کا تجھ پر ہے، میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو مجھ سے درگزر کرے اور یہ کہ اپنی قدرت سے مجھے دوزخ سے پناہ دے۔[112]

---

[111] اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کیلئے لازمی صرف بڑے بڑے اہم معاملات ہی نہیں، دنیا کا ہر چھوٹے سے چھوٹا معاملہ بھی نفسِ بشری کا کچھ اعتبار کسی چھوٹی سی چھوٹی مدت کیلئے بھی نہیں ہے۔ اسکی طرف سے بدگماں اور خائف ہر وقت رہنا چاہیئے۔ عارفین اسی لئے اس دعا کا ورد، دل سے اور زبان سے ہر وقت رکھتے ہیں۔ اور یہاں تو براہِ راست سرورِ عالمؐ کی زبان سے بھی ہدایت و تعلیم اسی کی مل رہی ہے۔

[112] بندہ مضطر و مضطرب ہو کر عالم حقیقی سے رحم و کرم کی درخواست ہر ہر پہلو سے کرتا ہے، اور ایک ایک حق اور ایک ایک واسطہ کو اپنا شفیع بنا کر پیش کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ ھٰذَا النَّھَارِ صَلَاحًا وَّاَوْسَطَہٗ فَلَاحًا وَّ اٰخِرَہٗ نَجَاحًا اَسْأَلُکَ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؁

(ابن ابی شیبہ - عن عبدالرحمن ابن ابی اوفیؓ)

اے اللہ آج کے دن کے اوّل حصّہ کو میرے حق میں بہتر بنا دے درمیانی حصّہ کو فلاح اور اسکے آخری حصّہ کو کامیابی - میں تجھ سے دنیا اور آخرت (دونوں کی) بھلائی چاہتا ہوں اے سب سے بڑے مہربان ۱۱۳؎

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَخْسِئْ شَیْطَانِیْ وَفُکَّ رِھَانِیْ وَثَقِّلْ مِیْزَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْاَعْلٰی ؁

(ابوداؤد - عن زہیر الانماری - مستدرک)

اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو دور کر دے اور میرا بند کھول دے اور میرا پلہ بھاری کر دے، اور مجھے طبقۂ اعلیٰ میں (شمار) کر دے ۱۱۴؎

۱۱۳؎ اس سے بڑھ کر جامع دعا اور کیا ہو سکتی ہے؟ سارا دن شاعر ہی میں گزرے یعنی شروع حصّہ میں صلاح کیساتھ، درمیان میں فلاح کیساتھ اور آخر میں نجاح کیساتھ، اور ساری عمر اسی گزرے، اور پھر تصریح کر دی کہ خیر دونوں ہی عالموں کی مقصود ہے - اور پھر درخواست کس سے؟ ارحم الراحمین سے! اُس سے جو ذری رحم و کرم کے بہانے ڈھونڈھتا رہتا ہے -

۱۱۴؎ یعنی اللہ کے مقبولوں میں -

وفک رھانی یعنی جو چیزیں مجھے گناہوں میں جکڑے ہوئے ہیں اُن سے مجھے آزاد کر دے -

واخسئ شیطانی - جب شیطان ہی کے تصرفات دور ہو گئے، تو پھر انسان کے سنورنے اور رشد میں کیا کسر رہ سکتی ہے -

وثقل میزانی - میزان سے مراد میزان عمل ہے - اُس میزان میں وزن صرف اعمالِ صالح ہی کا ہوگا -

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ ؁ (ابوداؤد عن حفصہؓ۔ ترمذی عن البراءؓ)

اے اللہ رب مجھے اپنے عذاب سے بچا دینا جس دن تو اپنے بندوں کو اُٹھائیو۔ ؁۱۱۵

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِکَ اَجْمَعِیْنَ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْھُمْ اَوْ اَنْ یَّطْغٰی عَزَّ جَارُکَ وَ تَبَارَکَ اسْمُکَ ؁ (الطبرانی وابن ابی شیبہ عن خالد بن الولیدؓ)

اے اللہ پروردگار ساتوں آسمانوں کے اور ہر اُس چیز کے جس پر اُن کا سایہ ہے، اور اے پروردگار زمینوں کے اور ہر اُس چیز کے جسے وہ اُٹھائے ہوئے ہیں اور اے پروردگار شیطانوں کے اور ہر اُس چیز کے جس کو انھوں نے گمراہ کیا ہے، میرے نگہبان رہیو تمام مخلوق کی بُرائی سے، اس سے کہ کوئی ان میں سے مجھ پر ظلم یا تعدی کرے۔ محفوظ تیرا ہی پناہ دیا ہوا ہے اور بابرکت تیرا نام ہے۔

؁۱۱۵ (کہ اُسی دن کی محفوظیت اصل محفوظیت ہے)

؁۱۱۶ برکت کا ظہور جہاں کہیں بھی ہے، تیرے ہی اسماء و صفات کا ہے۔

السمٰوات السبع اور الارضین کہنے میں جمیع کائنات اور اُسکے تمام ممکن احوال آگئے۔

رب الشیاطین وما اضلت۔ اس مختصر دو لفظی فقرہ میں یہ کلامی حقیقت آگئی کہ ایک طرف تو ہر ضلالت کی علت قریب شیطان ہی ہے اور دوسری طرف تکوینی حیثیت سے سارے اسباب کا سرا آخر میں جاکر حق تعالیٰ ہی پر ختم ہوتا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ
سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ
لِذَنْبِيْ وَاَسْاَلُكَ رَحْمَتَكَ ؕ[۹۹]

(ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ عن عائشہؓ)

کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، کوئی تیرا شریک نہیں ہے، پاک ہے تو[۱۱۰]۔ اے اللہ میں تجھ سے اپنے (ہر) گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے طلب تیری رحمت کی کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ
فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ؕ[۱]

(نسائی۔ عن ابوموسیٰ الاشعری)

اے اللہ مجھے میرے گناہ بخش دے اور مجھے میرے گھر میں وسعت دے اور مجھے میرے رزق میں برکت دے[۱۱۱]۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ
وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ؕ[۲]

(ترمذی۔ عن عمرؓ)

اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں کر دے، اور اے اللہ مجھے بہت پاک صاف لوگوں میں کر دے۔

۱۱۰؎ یعنی تیری ذات اس سے پاک اور برتر ہے کہ کسی قسم کی شرکت کو قبول کرے۔

۱۱۱؎ بندہ، خاک اور خون والا بندہ، گوشت اور پوست والا بندہ، جس طرح گناہوں سے بچائے جانے کا محتاج ہے، اسی طرح رزق کا اور گھر بار کی ساری مادی ضروریات کا بھی محتاج ہے۔ رسول صلعم کی تعلیم اور دعاؤں میں یہ گہری حقیقت ہر جگہ نمایاں رکھی گئی ہے۔

اکبر الہ آبادی کا شعر کتنی عارفانہ حقیقت کا ترجماں ہے۔ ؎

اُٹھا تو تھا ولولہ یہ دل میں کہ صرف یادِ خدا کریں گے
مگر یہ خیال آیا ملی نہ روٹی تو کیا کریں گے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ
وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ
فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ [۱۲]

(مسلم۔ ترمذی۔ عن عائشہؓ)

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھے ہدایت دے
اور مجھے رزق دے اور جس چیز کے حق
ہونے میں اختلاف ہوا اس میں مجھے
اپنے حکم سے راہِ صواب دکھادے[۱۱۹]

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ
بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا
وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا
وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِيْ نُوْرًا
وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ عَصَبِيْ
نُوْرًا وَّفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ دَمِيْ
نُوْرًا وَّفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ
نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ
فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ
نُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

اے اللہ نور کر دے میرے دل میں اور نور
کر دے میری بینائی میں اور نور کر دے
میری شنوائی میں اور نور کر دے میری
داہنی طرف، اور نور کر دے میرے بائیں طرف
اور نور کر دے میرے پیچھے اور نور کر دے میرے
سامنے اور میرے لئے ایک خاص نور کر دے
اور نور کر دے میرے پٹھوں میں اور نور کر دے
میرے گوشت میں اور نور کر دے میرے
خون میں اور نور کر دے میرے بالوں میں اور
نور کر دے میری جلد میں اور نور کر دے

---

[۱۱۹] جن حقائق کا حق ہونا کھلا ہوا ہے، اُن میں تو انسان توفیق الٰہی کا محتاج ہے ہی۔ لیکن جن مسائل کی حقیقت اتنی واضح نہیں، بلکہ زرا چھپی ہے، اُن میں بھی توفیق حق و صواب کی دعا برابر حق تعالیٰ سے کرتے رہنا چاہیئے۔

مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا[۱۲۰]

(بخاری مسلم عن ابن عباسؓ)

میری زبان میں اور نور کردے میری جان میں اور مجھے نورِ عظیم دے اور میرے اوپر نور کر دے اور میرے نیچے نور کر دے، اے اللہ مجھے نور عطا کر[۱۲۰]

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ[۱۲۰]

(ابن ماجہ۔ عن ابی حمیدؓ)

اے اللہ ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے، اور اپنے رزق کے دروازے ہمارے لئے آسان کر دے۔

اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ[۱۲۱]

(نسائی۔ ابن ماجہ۔ عن ابی ہریرۃؓ)

اے اللہ مجھے شیطان سے محفوظ رکھ۔[۱۲۱]

۱۲۰؎ مثنوی معنوی کی زبان میں سہ

نور او در یُمن و یُسر و تحت و فوق ‫ ‫ ‫ بر سر و بر گردنم مانندِ طوق

حکیم الامت تھانویؒ کے ایک وعظ موسومہ "الشریعۃ" سے۔

"یہ نور لالٹیں کی روشنی نہیں، بلکہ ایک کیفیت خاصہ ہے۔ کیونکہ حقیقت نور کی یہ ہے ظاہرٌ لنفسہٖ ومظہرٌ لغیرہٖ یعنی خود بھی ظاہر ہو اور دوسرے کو بھی ظاہر کر دے۔ اللہ نور السمٰوات والارض میں بھی نور کے یہی معنی ہیں۔ نور کے معنی چمک دمک نہیں، تو یہ ہوئی نور کی حقیقت کہ خود بیّن ہوتا ہے اور دوسرے حقائق کو بیّن کر دیتا ہے، اور قلب کے اندر اسی نور کے پیدا ہونے سے ظلمت دور ہوتی ہے۔ کون سی ظلمت؟ ظلمت کسل کی، ظلمت کینہ کی، ظلمت حسد کی، ظلمت کبر کی، ظلمت غصہ کی، ظلمت معصیت کی، وغیرہ وغیرہ، اور اس کے اندر نشاط، تازگی اور شگفتگی پیدا کر دیتا ہے۔"

۱۲۱؎ اس مختصر میں منفی اور سلبی حیثیت سے سب کچھ آگیا ـــــــ ترکِ منکرات کے باب میں جامع ترین دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ [۱۲۲]

(مسلم۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ عن ابی حمیدہؓ)

اے اللہ میں تجھ سے تیرے (فضل و کرم) کی طلب کرتا ہوں [۱۲۲]

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَایَایَ وَذُنُوْبِیْ کُلَّھَا اَللّٰھُمَّ اَنْعِشْنِیْ وَاَحْیِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاھْدِنِیْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّہٗ لَا یَھْدِیْ لِصَالِحِھَا وَلَا یَصْرِفُ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ [۱۲۳]

(مستدرک عن ابی ایوبؓ۔ الطبرانی)

اے اللہ میری کُل خطائیں اور قصور بخش دے، اے اللہ مجھے رفعت دے، اور مجھے زندہ رکھ اور مجھے رزق دے اور مجھے اچھے اعمال و اخلاق کی طرف ہدایت دے، بیشک نہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری کرتا اور نہ بداعمالیوں سے کوئی بچاتا ہی بجز تیرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْأَلُكَ رِزْقًا طَیِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا [۱۲۴]

(الطبرانی۔ عن ام سلمۃ)

اے اللہ میں تجھ سے رزق پاکیزہ طلب کرتا ہوں اور علم کارآمد اور عمل مقبول [۱۲۳]

---

۱۲۲ اس مختصر میں ایجابی اور اثباتی حیثیت سے سب کچھ آگیا ــــــ ادائے واجبات کے باب میں جامع ترین دعا۔

۱۲۳ ہر فطرت سلیم والا انسان بس انھیں تین [۳] کلیدی مطلوبات کو کافی سمجھے گا۔
ایک [۱] رزق طیب۔
دوسرے [۲] علم نافع۔
تیسرے [۳] عمل مقبول۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآءُکَ اَسْأَلُکَ بِکُلِّ اِسْمٍ ھُوَلَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوْ اَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ اَوْ عَلَّمْتَہٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِہٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَآءَ حُزْنِیْ وَذَھَابَ ھَمِّیْ[۱۰۹]

(الطبرانی عن ابن مسعودؓ مستدرک)

اے اللہ میں بندہ ہوں تیرا، اور بیٹا ہوں تیرے بندہ کا، اور بیٹا ہوں تیری بندی کا۔ ہمہ تن تیرے قبضہ میں ہوں۔ نافذ ہی میرے بارہ میں تیرا حکم، عین عدل ہی میرے باب میں تیرا فیصلہ میں تجھ سے ہر اسم کے واسطہ سے جس سے تو نے اپنی ذات کو موصوف کیا ہی یا اُس کو اپنی کتاب میں اُتارا ہی یا اُسے اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتایا ہی یا اپنے پاس اُسے غیب ہی میں رہنے دیا ہی درخواست کرتا ہوں کہ قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار بنادے اور میری آنکھ کا نور اور میرے غم کی کشائش، اور میری تشویش کا دفعیہ[۱۲۴]

---

۱۲۴ یعنی قرآن کو میرے دل میں بسادے، اس کی محبت میری رُوح میں رچادے، اس کو میرا اولیں اور آخری سہارا بنادے۔

اِنِّیْ ... اَمَتِکَ۔ حاکم پر اثر ڈالنے اور اُسکے رحم و کرم کو طلب کرنے کا یہ کتنا مؤثر عنوان ہی کہ

اَللّٰھُمَّ اِلٰہَ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِیْ وَ لَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ عَلَیَّ بِشَیْءٍ لَا طَاقَةَ لِیْ بِہٖ ؕ

(ابن ابی شیبہ)

اے اللہ جبرئیل کے اور میکائیل کے اور اسرافیل کے معبود، ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے اور اسحٰق کے معبود، مجھے عافیت دے اور میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کر دے جس کی برداشت مجھ میں نہ ہو۔ ۱۲۵

اے اللہ میں تیرا بندہ، میرا باپ تیرا بندہ، میری ماں تیری بندی! ـــــــ میرے گوشت پوست کے ہر ہر جز پر تیری بندگی کی مہر ثبت!۔

ناصیتی بیدک۔ محاورہ میں اس کے معنی تمام تر اختیار و تصرف کے ہوتے ہیں۔

او استأثرت بہ فی علم الغیب عندک۔ اس سے ظاہر ہے کہ کچھ اسماء و صفاتِ الٰہی ایسے بھی ہیں جن کا علم نہ کسی مخلوق کو دیا گیا ہے نہ وہ کسی کتابِ الٰہی میں مذکور ہیں، بلکہ حق تعالیٰ نے انھیں سب سے غیب ہی میں رکھا ہے۔

بکل اسم ھو لک سمیت بہ نفسک۔ اسم کے معنی "نام" کے ہونا ظاہر ہی ہیں لیکن محاورۂ قرآنی میں اسماء کا اطلاق صفات و خواص پر بھی ہوا ہے۔

نیز ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر ۱۹۳

۱۲۵ قرآن مجید میں تو بہ کثرت، اور حدیث میں بھی جا بجا اس کا التزام سا معلوم ہوتا ہے کہ جن جن مخلوقات پر عوام کو معبود یا نیم معبود ہونے کا شبہ ہو سکتا ہے، عین انھیں کی عبدیت کی تصریح کر دی گئی ہے ـــــــ کتنی ہی گمراہ قومیں اسی سے تباہ ہوئی ہیں کہ انبیاء مقبول یا ملائکہ مقرب کو انھوں نے مقامِ معبودیت پر پہونچا دیا ہے۔

مضمون دعا سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ اپنی عافیت کی اور کسی ظالم کے تسلط سے محفوظیت کی دعا مانگتے رہنا کمالاتِ ولایت کے منافی نہیں، بلکہ عین تقاضائے عبدیت اور سنتِ انبیاء ہے۔

ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر ۱۷۹

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ‎!!

(ترمذی۔ عن علیؓ)

اے اللہ مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچالے اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے[126]

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ وَاَنَا الْبَائِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ اَسْاَلُكَ مَسْاَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِيْرِ وَدُعَاءَ

اے اللہ تو میری بات کو سنتا ہے اور میری جگہ کو دیکھتا ہے اور میرے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے۔ تجھ سے میری کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی میں مصیبت زدہ ہوں محتاج ہوں، فریادی ہوں، پناہ جو ہوں ترساں ہوں، ہراساں ہوں، اپنے گناہوں کا اقرار کرنے والا ہوں، اعتراف کرنے والا ہوں، تیرے آگے سوال کرتا ہوں جیسے بیکس سوال کرتے ہیں۔ تیرے آگے گڑگڑاتا ہوں جیسے گنہگار ذلیل و خوار

---

[126] دل میں اتنی قناعت آجائے کہ حلال و طیب روزی کے علاوہ ناجائز آمدنیوں کی طرف نیت ڈانواڈول نہ ہوا کرے، تو واللہ کہ دنیا میں بہت ہی بڑی دولت و نعمت ہاتھ آجائے —— اور پھر جب اپنے تمام مقاصد و مطالب میں نظرِ اعتماد و توکل مخلوق کو چھوڑ کر خالق پر جم جائے، تو اس اکسیرِ اعظم کا تو کہنا ہی کیا!۔

مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ
وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ
وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ
لَكَ اَنْفُهٗ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ
بِدُعَآئِكَ شَقِیًّا وَّكُنْ لِّیْ
رَءُوْفًا رَّحِیْمًا یَّا خَیْرَ
الْمَسْئُوْلِیْنَ وَیَا خَیْرَ الْمُعْطِیْنَ
اَللّٰهُمَّ اِلَیْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ
قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ وَهَوَانِیْ
عَلَی النَّاسِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ
اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْ اِلٰی عَدُوٍّ یَّتَجَهَّمُنِیْ
اَمْ اِلٰی قَرِیْبٍ مَلَّكْتَهٗ اَمْرِیْ
اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا عَلَیَّ
فَلَا اُبَالِیْ غَیْرَ اَنَّ عَافِیَتَكَ
اَوْسَعُ لِیْ ۱۲

(کنز العمال عن ابن عباسؓ و عبداللہ بن جعفرؓ)

گڑگڑاتا ہے، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں
جیسے خوف زدہ آفت رسیدہ طلب کرتا ہے
اور جیسے وہ شخص طلب کرتا ہے جس کی گردن
تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو، اور اُسکے
آنسو بہہ رہے ہوں اور تن بدن سے
وہ تیرے آگے فروتنی کیے ہوئے ہو اور
اپنی ناک تیرے سامنے رگڑ رہا ہو، اے اللہ
تو مجھے اپنے سے دُعا مانگنے میں ناکام نہ رکھ
اور میرے حق میں بڑا مہربان نہایت
رحیم ہو جا! اے سب مانگے جانے والوں سے
بہتر، اے سب دینے والوں سے بہتر، اے اللہ
میں تجھی سے شکوہ کرتا ہوں اپنے ضعف قوت کا
اور اپنی کم سامانی کا اور لوگوں کی نظر میں
اپنی کم وقعتی کا، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنیوالے
تو مجھے کس کے سپرد کرتا ہے؟ آیا کسی دشمن کے
جو مجھے دبائے؟ یا کسی دوست کے قبضہ میں میرے
سب کام دے رہا ہے؟ تو اگر مجھ سے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ قُلُوْبًا اَوَّاھَۃً مُّخْبِتَۃً مُّنِیْبَۃً فِیْ سَبِیْلِکَ ۱۲۷، ۱۲۸

(کنز العمال - عن ابن مسعودؓ)

اے اللہ ہم تجھ سے ایسے دل مانگتے ہیں جو بہت تاثر قبول کرنے والے ہوں، بہت عاجزی کرنے والے ہوں، بہت رجوع کرنے والے ہوں تیری راہ میں۔[۱۲۸]

ناخوش نہ ہو تو مجھے ان (میں سے کسی چیز) کی پروا نہیں ہے پھر بھی تیرا دیا ہوا امن ہی میرے لئے زیادہ گنجائش رکھتا ہے[۱۲۷]

---

[۱۲۷] خوب غور کر لیا جائے، یہ الفاظ پیمبرؐ بلکہ سید الانبیاء و سرتاج رسل کے ہیں۔ اور پیمبر کے الفاظ تہا تکبر بالغرسے پاک ہوتے ہیں ــــــ الحاح و تذلل کے الفاظ اس سے بڑھ کر تو کسی اور کے کلام میں بھی ملیں گے
رسولؐ کا نمونہ صرف صدیقین و اولیاء کاملین ہی کیلئے نہیں، حقیر سے حقیر اور ادنیٰ سے ادنیٰ امتی کیلئے بھی ہے ــــــ اور یہی ایک دلیل صداقت رسولؐ کیلئے کافی ہے
دعا کی آخری سطروں کا مطلب یہ ہے کہ جبتک تو مجھ سے راضی ہے، تو مجھے اس بات کیا، کہ میں سامیں کسی دشمن کے قبضہ میں ہوں یا دست سکے، میں تیری رضا کے بعد اس سب سے مستغنی ہوں، لیکن اسی کیساتھ یہ بھی ہے کہ عافیت ہی بندہ کے حسب حال زیادہ ہے۔

[۱۲۸] مانگنے والوں ہی کے صیغۂ جمع کی مناسبت سے قلوب بھی صیغۂ جمع میں ہے۔
خوب خیال کر کے دیکھ لیا جائے درخواست کس چیز کی ہو رہی ہے۔ انابت و خشوع، رجوع و حنین والے دل کی "ترقی کرنے والے"، "آگے بڑھنے والے" دماغ کی نہیں!

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا يُبَاشِرُ قَلْبِیْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ وَرِضًى مِّنَ الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ [۱۲۹]

(کنز العمال - عن ابن عمرؓ)

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہو جائے اور وہ پختہ یقین جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ تک کوئی چیز نہیں پہونچ سکتی، مگر وہی جو تو میرے لئے لکھ چکا ہے اور اُس چیز پر رضامندی جو تو نے معاش میں سے میرے حصہ میں کر دی ہے۔ [۱۲۹ھ]

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِیْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ [۱۲۹]

(کتاب الاذکار للنووی - عن علیؓ)

اے اللہ تیرے واسطے کُل تعریف ہے جیسی کہ تو فرماتا ہے، اور اس سے بڑھ کر جو ہم کہتے ہیں۔ [۱۲۹ھ الف]

۱۲۹ھ رضا بالقضاء یعنی تکوینیات کے ہر حال میں صبر و شکر ایسی بڑی نعمت ہے جسکی تمنا خود سرورِ کائنات کر رہے ہیں، یقیناً۔ قسمت لی۔ یقین صادق کے درجہ مطلوب کا معیار بھی یہی ہے کہ ہر حکم قضا کی پذیرائی صبر و شکر کے ساتھ ہونے لگے۔ رضیً من المعیشۃ بما قسمت لی۔ تقسیم معاش کی تصریح اس لئے کہ خلقت کو بے صبری اور ناشکری کا ابتلاء سب سے زیادہ اسی بارے میں پیش آتا رہتا ہے۔

۱۲۹ھ (الف) حق تعالیٰ کی حمد و توصیف کا حق سارے بندے مل کر بھی چاہیں تو ادا نہیں کر سکتے، حق تعالیٰ کے شایانِ شان تو بس وہی الفاظ ہو سکتے ہیں جو خود اُس نے اپنے لئے استعمال کئے ہیں۔

ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر ۱۲۷

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ
مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ
وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ
نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ
مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ جَارِ
السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ
فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ
وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ
الْاَعْدَآءِ وَمِنَ الْجُوْعِ
فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَ
مِنَ الْخِيَانَةِ فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ
وَاَنْ نَّرْجِعَ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا
اَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا وَ
مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا
وَمَا بَطَنَ وَمِنْ يَوْمِ السُّوْٓءِ

اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں
ناپسندیدہ اخلاق اور اعمال اور
نفسانی خواہشوں اور بیماریوں سے
اور ہم تیری پناہ میں آتے ہیں
ہر اس چیز سے جس سے تیرے
نبی محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم نے
پناہ مانگی ہے اور مستقل قیامگاہ
میں برے پڑوسی سے (اس لئے کہ
سفر کا ساتھی تو چل ہی دیتا ہے)
اور دشمن کے غلبہ سے، اور
دشمنوں کے طعنہ سے، اور بھوک سے
کہ وہ بری ہمخواب ہے، اور
خیانت سے کہ وہ بری ہمراز ہے
اور اس سے کہ ہم پچھلے پیروں
لوٹ جائیں یا فتنہ میں پڑ کر
دین سے الگ ہو جائیں اور

وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ
سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ صَاحِبِ
السُّوْءِ ۱۴ (ترمذی۔ عن قطبہ بن مالکؓ
ترمذی۔ عن ابی امامہؓ وغیرہ)

سارے فتنوں سے جو ظاہری ہوں
یا باطنی، اور بُرے دن سے اور
بُری رات سے اور بُری گھڑی سے
اور بُرے ساتھی سے ۱۴؎۔

۱۴؎ یعنی تکوینی اور تشریعی ہر قسم اور ہر درجہ کی بُرائی سے ہر حال میں۔

ومن الجوع فانہ بئس الضجیع۔ شدید بھوک کی حالت میں نیند کہاں آسکتی ہے؟ انساں کروٹیں بدل بدل کر رات گذار دیتا ——— عربی میں بھوک کو ہمخواب یا شریک بستر سمجھنے کا محاورہ یہیں سے پیدا ہوا۔

ان نرجع علیٰ اعقابنا۔ یعنی خدا نخواستہ دینِ حق سے مرتد ہو جائیں۔

المنزل الرابع — چوتھی منزل

یوم الثلاثاء — روز سہ شنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ لَکَ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ وَاِلَیْکَ مَاٰبِیْ وَلَکَ رَبِّ تُرَاثِیْ ؕ

(ترمذی۔ عن علیؓ)

اے اللہ تیرے ہی لئے ہے میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا اور تیری ہی طرف ہے میرا رجوع اور تیرا ہی ہے جو کچھ میں چھوڑ جاؤں گا۔[۱۳۱]

---

[۱۳۱] مقتضیات اخلاص و عبدیت کیلئے عجیب جامع دعا ہے۔

لک صلوٰتی ونسکی۔ نماز بلکہ ہر عبادت کو اللہ ہی کیلئے تو ہونا ہی چاہئے اور یہ ظاہر ہوتی بھی ہے۔ لیکن عملاً ایسی نمازیں اور عبادتیں کمتر ہی ہوتی ہیں۔ اکثر میں دوسرے دوسرے پہلوؤں کی آمیزش ہو جاتی ہے۔ یہاں دعا یہ کی ہے کہ ہر نماز اور ہر عبادت، پورے شعور نفس کی بیداری کیساتھ خالصتہً حق تعالیٰ ہی کیلئے ہو۔

ومحیای ومماتی۔ تاکید اور تصریح اس آرزو کی ہے کہ عبادتیں ہی نہیں بلکہ ساری عادتیں اور اعمال تکوینی بھی رضائے مولیٰ ہی کی نیت سے ہوں ـــــ حد یہ کہ کھانا پینا، چلنا پھرنا، اُٹھنا بیٹھنا، سونا جاگنا، بولنا چالنا، ہنسنا رونا، دیکھنا سننا، یہ سب اگر رضائے الٰہی ہی کو پیش نظر رکھ کر ادا ہوں، تو ایسے شخص کے کمال مقبولیت کا کیا کہنا!

الیک مابی ولک رب تراثی۔ انسان کو خود اپنے، اور اپنے مال کے اس انجام کا استحضار اگر ہر وقت رہے، تو نہ عام طاعتوں ہی میں فرق آسکے اور نہ مالی کوتاہیاں ہی سرزد ہوں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيءُ بِهِ الرِّيَاحُ ف۱۳۲ (ترمذی عن علیؓ)

اے اللہ میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں اُن چیزوں کی جنھیں ہوائیں لاتی ہیں۔ ف۱۳۲

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي أُعْظِمُ شُكْرَكَ وَأُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَأَتَّبِعُ نَصِيحَتَكَ وَأَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ اَللّٰهُمَّ إِنَّ قُلُوبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَإِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَكُنْ أَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا إِلَىٰ سَوَاءِ السَّبِيلِ ف۱۳۳

(ترمذی عن ابی ہریرۃؓ۔ کنز العمال عن جابرؓ)

اے اللہ مجھے ایسا کر دے کہ تیرا بڑا شکر کروں اور تیرا ذکر بہت کرتا رہوں اور تیری نصیحتوں کو مانتا رہوں اور تیری ہدایتوں کو یاد رکھوں۔ اے اللہ ہمارے دل اور ہم خود سر تا پا اور ہمارے اعضا تیرے ہی قبضہ میں ہیں۔ تو نے ہمیں اُن میں سے کسی چیز پر بھی اختیار (کامل) نہیں دیا ہے۔ پس جب تو نے یہ کیا ہے تو تو ہی ہمارا مددگار رہیو، اور ہمیں سیدھی راہ دکھائے رہیو۔ ف۱۳۳

ف۱۳۲ کنایہ ہے اُن کل چیزوں سے جو اس دنیا میں موجود ہیں۔

ف۱۳۳ اللہ کی رحمت وکرم کو جذب وجلب کرنے کیلئے اُسکے رسول مقبول نے بھی کیسے کیسے طریقے ایجاد کر رکھے ہیں!

اس دعا کا خلاصہ یہ ہے کہ جس طرح ہم تکوینیات میں تمام تر تیرے بس میں ہیں، تو ایسا کر دے کہ احکام تشریعی میں بھی تمام تر تیرا ہی پابند ہو کر رہ جاؤں، اور نافرمانی کر ہی نہ سکوں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْیَآءِ اِلَیَّ وَاجْعَلْ خَشْیَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْیَآءِ عِنْدِیْ وَاقْطَعْ عَنِّیْ حَاجَاتِ الدُّنْیَا بِالشَّوْقِ اِلٰی لِقَآئِكَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْیُنَ اَهْلِ الدُّنْیَا مِنْ دُنْیَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَیْنِیْ مِنْ عِبَادَتِكَ [۱۳۴]

(کنز العمال۔ عن ابی بن مالکؓ)

اے اللہ اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے محبوب تر اور اپنے ڈر کو میرے لئے تمام چیزوں سے خوفناک تر بنا دے، اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق دے کر دنیا کی حاجتیں مجھ سے قطع کر دے، اور جہاں تو نے دنیا والوں کی آنکھیں اُن کی دنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں، میری آنکھ اپنی عبادت سے ٹھنڈی رکھ۔[۱۳۴]

۱۳۴ھ یعنی جس طرح دنیا جہاں والوں کو تسکین و مسرت دنیوی نعمتوں اور مادی لذتوں سے ہوتی رہتی ہے، اور یہ ایک امر طبعی ہے تو میرے لئے لذت و راحت طاعتوں اور عبادتوں ہی میں رکھ دے، اور اسی کو میرے لئے امر طبعی بنا دے۔

واجعل حبك ...الیّ۔ یعنی تیری ہی محبت دنیا کی ساری رغبت و شوق کی چیزوں پر غالب رہے۔

واجعل ۔ ۔ عندی ۔ یعنی تیرا ہی ڈر مخلوق کے ہر ڈر پر غالب رہے۔

ڈر ایک تو ہوتا ہے جیسے وحشی جانوروں اور درندوں سے، یہ آپ ہی آپ اور بلا وجہ انسان پر حملہ کر بیٹھتے ہیں۔ اور ایک ڈر ہوتا ہے کسی کے کمال قدرت و عظمت اور ہر طرح کے صاحب اختیار ہونے کی بنا پر، جو باوجود ہر طرح شفیق و کریم و رحیم ہونے کے بہرحال نافرمانی پر عتاب اور سزا کی بھی قدرت رکھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدَرِ ﴿۱۲۱﴾

(کنز العمال ۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تندرستی کی اور پاکبازی کی اور امانت کی اور حسن خُلق کی اور تقدیر پر راضی رہنے کی[۱۳۵]۔

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْأَلُكَ التَّوْفِیْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَیْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ ﴿۱۲۲﴾

(کنز العمال عن کعب بن عجرۃؓ وعن ابی ہریرۃؓ)

اے اللہ تیرے ہی لئے ہر تعریف ہے شکر کیساتھ اور تیرا ہی حصہ ہے فضل و کرم کیساتھ ہر طرح احسان کرنا[۱۳۶]۔ اے اللہ میں تجھ سے توفیق طلب کرتا ہوں اعمال کی جو تجھے پسند ہوں اور تجھ پر سچے توکل کی اور تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ ﴿۱۲۳﴾ (کنز العمال عن علیؓ)

اے اللہ میرے دل کے کان اپنے ذکر کیلئے کھول دے اور مجھے نصیب کر فرمانبرداری اپنی اور فرمانبرداری اپنے رسولؐ کی اور عمل تیری کتاب پر۔

۱۳۵؎ دعا میں اخلاقی و روحانی خوبیوں کے ساتھ ساتھ تندرستی کی بھی دعا کا شمول ہوگیا نہ مذہب کے منافی ہے اور ایک بڑی تعلیم اپنے اندر رکھتا ہے۔

۱۳۶؎ یعنی تو ہر ایک پر احسان و کرم بلا طلب و بلا استحقاق از خود کرتا رہتا ہے۔

لك الحمد شکرًا ۔ یعنی تیری ہر تعریف شکر گذاری کے ساتھ ہم سب پر واجب ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰی اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ ؎۱۲۴

(کنز العمال۔ عن ابی ہریرۃؓ)

اے اللہ مجھے ایسا کر دے کہ میں تجھ سے اس طرح ڈرا کروں کہ گویا میں ہر وقت تجھے دیکھتا رہتا ہوں[137] یہانتک کہ تجھ سے آملوں، اور مجھے تقویٰ سے سعادت دے اور مجھے شقی نہ بنا معصیت سے[138] اغدار نہ بنا۔

اَللّٰھُمَّ الْطُفْ لِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ كُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ تَیْسِیْرَ كُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْكَ یَسِیْرٌ وَّ اَسْأَلُكَ الْیُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِیْمٌ ؎۱۲۵

(کنز العمال۔ عن ابی ہریرۃؓ و عن ابی سعیدؓ)

اے اللہ ہر دشوار کو آسان کر کے مجھ پر فضل و کرم کر دے، تیرے لئے ہر دشواری کو آسان کر دینا آسان ہی ہے[139]۔ اور میں تجھ سے دنیا و آخرت (دونوں) میں سہولت اور معافی کی درخواست کرتا ہوں[140]۔ اے اللہ مجھ سے درگزر کر۔ تو تو بڑا معاف کرنے والا، بڑا کرم کرنے والا ہے۔

---

[137] ظاہر ہے کہ جب بندہ کو ہر وقت اس کا استحضار رہے گا کہ ایسی عظیم الشان قدرت والی ہستی ہمہ وقت اسکی نگراں ہے تو کوئی معصیت اس سے سرزد ہو ہی نہیں سکتی۔ ساری معصیتوں کا سرچشمہ اسی حقیقت عظمیٰ کیطرف سے ذہول و غفلت ہی تو ہے۔

[138] سعادت یا خوش نصیبی کا راز تقویٰ میں ہے اور شقاوت یا بدنصیبی کا معصیت میں۔

[139] (تو اسلئے تیرا میری اس درخواست کو قبول کر لینا کوئی بات ہی نہیں)

اکبر الہ آبادیؒ نے کیا خوب کہا ہے۔ ؎

اک مرے دل کے وہ خوش رکھنے پہ کیا قادر نہیں
ایک کُن سے دو جہاں کو جس نے پیدا کر دیا؟

[140] بیشک بشر اپنی ساری کمزوریوں کیساتھ، آخرت تو کجا، دنیا کی بھی سختیوں کی تاب لا ہی نہیں سکتا۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ
مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ
وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ
خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۱۴۱

(کنز العمال۔ عن ام سعیدؓ)

اے اللہ میرے دل کو نفاق سے پاک کر دے
اور میرے عمل کو ریا سے، اور میری زبان کو
جھوٹ سے، اور میری آنکھ کو خیانت سے،
تجھ پر تو روشن ہیں آنکھوں کی چوریاں بھی،
اور دل جو کچھ چھپائے رکھتے ہیں وہ بھی۔ ۱۴۱ف

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ
تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ
مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ أَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ
دَمًا وَّالْأَضْرَاسُ جَمْرًا ۱۴۲

(کنز العمال۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب کر
جو دل کو تیری خشیت کی بنا پر بہتے ہوئے
آنسوؤں سے سیراب کر دیں بغیر اس کے
کہ آنسو خون ہو جائیں اور کچلیاں
انگارے بن جائیں۔ ۱۴۲ف

۱۴۱ف تجھ پر علانیہ و پوشیدہ سب ہی کچھ روشن ہے، اور تیرے لئے ہر جلی اور خفی یکساں ہے۔ تجھ سے کسی گہری سے گہری چوری کا چھپا ناممکن ہے۔ درخواست صرف تیرے رحم و کرم کی ہے۔ کہ ظاہری اور باطنی، خارجی اور قلبی، ہر کدورت سے مجھے پاک ہی کر دے۔

۱۴۲ف مطلوب روتی ہوئی اور اشک بہاتی ہوئی آنکھیں ہیں، غفلت کے قہقہے جو ردلق کارگاہِ "تمدن و تمدن" ہیں مطلوب کسی درجہ میں بھی نہیں۔

قبل۔۔ جمرا۔ قبل یہاں 'بغیر' کے معنی میں ہے۔ یہ مراد نہیں کہ "پہلے" ۔ واقعہ ہولے پھر وہ ہو۔ مراد یہ ہے کہ اگر خشیت اس درجہ میں پیدا ہو گئی، تو ان نتائج کی نوبت ہی نہ آئیگی جو بغیر اس خشیت کے پیدا ہونے لازمی تھے۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرِ عَمَلِیْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهٗ الْجَنَّةَ ۱۲۸ (کنز العمال۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ مجھے اپنی قدرت سے امن چین دے اور مجھے اپنی رحمت میں داخل کرلے اور میری عمر اپنی طاعت میں گذار دے اور میرا خاتمہ میرے بہترین عمل پر کر اور اسکی جزا جنت دے۔[۱۴۳]

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ۱۲۹

(مستدرک۔ عن عائشہؓ)

اے اللہ فکر کے دور کرنے والے، غم کے زائل کرنے والے، بیقراروں کی دعا کے قبول کرنے والے، دنیا کے رحمٰن ورحیم، مجھ پر تو ہی رحم کرے گا، تو میرے اوپر ایسی رحمت کر کہ تو اسکی بنا پر مجھے اپنے سوا اور ہر ایک کی رحمت سے مستغنی کردے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَیْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ ۱۳۰

(کتاب الاذکار للنووی۔ عن انسؓ)

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں بھلائی غیر متوقع اور ناگہانی برائی سے تیری پناہ۔[۱۴۴]

---

۱۴۳ جنت تو نام ہی رضائے الٰہی کے محل کا ہے۔ کاش ہمارے جاہل صوفیہ و مشائخ اور جاہل شعرا اسے سمجھتے!

۱۴۴ کوئی نعمت جب یک بیک نصیب ہو جاتی ہے تو دل کو کیسی غیر معمولی خوشی ہوتی ہے۔ اسی طرح کوئی مصیبت جب ناگہانی آ پڑتی ہے تو قلب کو صدمہ بھی کس درجہ کا ہوتا ہے! ــــ رسولِ برحق نے فطرتِ بشری کے ان تقاضوں کو پڑھ کر کتنے صحیح طریق پر اوّل الذکر کی طلب کی ہے، اور ثانی الذکر سے پناہ مانگی ہے!

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْأَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَ اَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَ اَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ [۱۴۱]	اے اللہ تیرا ہی نام سلام ہے اور تجھی سے سلامتی کی ابتدا ہے اور تیری ہی طرف ہر سلامتی لوٹتی ہے۔ اے صاحب عزت و جلال میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ تو ہمارے حق میں ہماری دُعا قبول کرلے اور تو ہماری خواہشیں پوری کردے اور تو نے اپنی مخلوق میں سے جن کو ہم سے غنی کر دیا ہے، اُن سے ہم کو بھی غنی کردے۔ [۱۴۵]
(کتاب الاذکار للنووی۔ عن ابی سعید الخدریؓ)	
اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ [۱۴۲]	اے اللہ تو ہی میرے لئے (چیزوں کو) چھانٹ لے اور پسند کرلے۔ [۱۴۶]
(ترمذی عن ابی بکر الصدیقؓ)	

---

۱۴۵ (کہ مخلوق سے واسطہ ٹھہرے میں نفس کی ذلت تو بہرحال ہوتی ہے)

ان تعطینا رغبتنا۔ ملاحظہ ہو حاشیہ ۱۲۹ء

۱۴۶ (اور ظاہر ہے کہ جب تو خود انتخاب کرے گا، تو اس میں کسی غلطی کا امکان و احتمال بھی نہیں رہ جاتا)

اَللّٰھُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَآئِکَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ مَا قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ [۱۴۳]

(کتاب الاذکار للنووی۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ مجھے اپنی مشیت پر راضی رکھ، اور جو کچھ میرے لئے مقدر کر دیا گیا ہے اُس میں مجھے برکت دے تاکہ جو چیز تو نے دیر میں رکھی ہو اُس کیلئے میں جلدی نہ چاہوں اور جو چیز تو نے جلد رکھی ہے، اُس میں میں دیر نہ چاہوں۔[۱۴۷]

اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ [۱۴۴]

(کتاب الاذکار للنووی عن ابن عمرؓ)

اے اللہ عیش تو بس عیش آخرت ہی ہے اور (اسکے سوا) کوئی نہیں۔[۱۴۸]

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ [۱۴۵]

(کتاب الاذکار للنووی۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھ اور خاکساری ہی کی حالت میں موت دے اور خاکساروں ہی میں مجھے اُٹھا۔

۱۴۷؎ کتنی عاقلانہ و حکیمانہ دعا ہے۔ احکام قریب و احکام بعید کے سارے پہلوؤں کی رعایت ملحوظ رکھے ہوئے۔

۱۴۸؎ یہ دنیا کا عیش بھی کوئی عیش ہے، کہ بالفرض ساری دنیا کا عیش اکٹھا ہو کر بھی کسی کو مل جائے تو کے دن کا؟ — بندہ میں صبر، شکر، قناعت، رضا پیدا کرنے کا کیسا حکیمانہ نسخہ ہے!

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَا
اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَا اَسَاءُوْا
اسْتَغْفَرُوْا[۱۴۹]
(ابن ماجہ۔ عن عائشہؓ)

اے اللہ مجھے اُن لوگوں میں سے کر دے جو
جب کوئی نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں
اور جب کوئی بُرائی کرتے ہیں، تو مغفرت
چاہنے لگتے ہیں[۱۴۹]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ
عِنْدِكَ تَھْدِیْ بِھَا قَلْبِیْ
وَتَجْمَعُ بِھَا اَمْرِیْ وَتَلُمُّ بِھَا
شَعْثِیْ وَتُصْلِحُ بِھَا دِیْنِیْ وَتَقْضِیْ
بِھَا دَیْنِیْ وَتَحْفَظُ بِھَا غَائِبِیْ

اے اللہ میں تجھ سے تیری خاص رحمت کی
درخواست کرتا ہوں، جس سے تو میرے
دل کو ہدایت کر دے اور اس سے میرے کاموں کو
جمعیت دے اور اس سے میری ابتری کو درست کر دے
اور اس سے میرے دین کو سنوار دے، اور اس سے

---

[۱۴۹] اہلِ سعادت کی پہچان یہ ہے کہ جب ان سے کوئی نیکی بن پڑتی ہے تو دل میں خوش ہو لیتے ہیں، اور جب کوئی لغزش سرزد ہو جاتی ہے تو اُس پر ملول و نادم ہو کر اُس کی تلافی کی فکر میں لگ جاتے ہیں ——— بہ خلاف اہلِ شقاوت کے کہ اُنھیں عین فسق و معصیت ہی میں لطف آنے لگتا ہے اور جب شرماشرمی کوئی کام طاعت و عبادت کے بہ ظاہر کرتے بھی ہیں، تو اُس میں کوئی حلاوت قطعاً نہیں محسوس کرتے۔

اللھم احینی ... المساکین۔ خوب خیال کر کے دیکھ لیا جائے۔ رسولِ انامؐ کو تمنا کس گروہ میں شامل رہنے کی ہے؟ ملوک و سلاطین، امراء و اغنیاء، زمینداروں اور ساہوکاروں کے کسی طبقہ میں نہیں، مسکین بننے اور مسکینوں کے گروہ میں شامل رہنے کی! صحیح سوشلزم کے معنی یہ ہیں، نہ یہ کہ دوسرے زرداروں کا چھین جھپٹا کر ہمیں کو مل جائے۔ دوسرے نادار ہو جائیں، اور ہم خود زردار بن جائیں۔

وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ
وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِيْ وَ
تُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ
بِهَا رُشْدِيْ وَتَرُدُّ
بِهَا اُلْفَتِيْ وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا
مِنْ كُلِّ سُوْءٍ [۱۳۷]
(کنز العمال۔ عن ابن عباسؓ)

میرے قرضہ کو ادا کر دے، اور اس سے میری نظر سے
غائب چیزوں کی نگہبانی کر، اور اس سے میری
پیش نظر چیزوں کو بلندی عطا کر، اور اس سے میرا چہرہ
نورانی کر دے اور اس سے میرا عمل پاکیزہ کر دے،
اور اس سے رُشد میرے دل میں ڈال دے اور اس سے
میرے حالِ مالوف کو لوٹا دے اور اس کے
واسطہ سے مجھے ہر بُرائی سے بچائے رکھ۔ [۱۵۰]

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ اِيْمَانًا لَا يَرْتَدُّ وَ
يَقِيْنًا لَيْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَرَحْمَةً اَنَالُ
بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ [۱۳۸] (کنز العمال عن ابن عباس)

اے اللہ مجھے ایسا ایمان دے جو پھر نہ پھرے
اور ایسا یقین کہ اسکے بعد کفر نہ ہو، اور ایسی
رحمت کہ اسکے ذریعہ سے میں دنیا اور آخرت
میں تیرے ہاں کی عزت کا شرف پا لوں۔ [۱۵۱]

---

۱۵۰ شروع میں درخواست رحمت خاص کی کی ہے، اور آگے سب اُسی کی تشریح و توضیح ہے۔
تھدی بھا قلبی۔ وہ رحمت ایسی ہو جس سے قلب پوری طرح ہدایت پا جائے۔
تجمع بھا امری۔ وہ رحمت ایسی ہو جس سے میرے سارے کام بن جائیں۔
تلم بھا شعثی۔ وہ رحمت ایسی ہو جس سے میری پریشانیاں سُلجھ جائیں۔
ترد بھا الفتی۔ اسکے ایک معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ رحمت ایسی ہو، جس سے میرے فطری جذبات اُلفت
جو ہر بندہ کے حق تعالیٰ کے ساتھ ہوتے ہیں، از سرِ نو پیدا ہو جائیں۔
تعصمنی بھا من کل سوء۔ جامع درخواست ہے کہ وہ رحمت مجھے ہر بُرائی سے، خرابی سے، بچا دے۔
۱۵۱ دنیا اور آخرت کی ہر عزت اور مرتبہ کے لئے جامع دعا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَاءِ وَنُزُلَ الشُّهَدَاءِ وَعَیْشَ السُّعَدَاءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِیَاءِ وَالنَّصْرَ عَلَی الْاَعْدَاءِ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ۔

(کنز العمال۔ عن ابن عباسؓ)

اے اللہ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں امورِ تکوینی میں کامیابی، اور شہیدوں کی سی مہمانی اور سعیدوں کا سا عیش اور انبیاء کی رفاقت اور دشمنوں پر فتح، بیشک تو ہی دُعاؤں کا سُننے والا ہے۔[۱۵۲]

اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْیِیْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْیَتِیْ وَمَسْأَلَتِیْ مِنْ خَیْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَیْرٍ اَنْتَ مُعْطِیْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّیْ اَرْغَبُ اِلَیْكَ فِیْهِ وَاَسْأَلُكَ

اے اللہ جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ اس تک پہونچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو اور میرا عمل وہاں تک نہ ساتھ دے سکا ہو اور اس تک میری آرزو اور میرے سوال کی رسائی نہ ہو، اور تو نے اُس بھلائی کا وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہو یا جو ایسی بھلائی ہو کہ تو اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی وہ دینے والا ہو تو میں تجھ سے اُسکی خواہش اور

۱۵۲ھ (اور اسی لئے تو تیری خدمت میں یہ سب معروضات پیش کئے جا رہے ہیں)۔

نزل الشہداء یعنی ایسی اعلیٰ قسم کی میزبانی جیسی کہ شہیدوں کی جنت میں ہوگی۔

الفوز فی القضاء۔ امورِ تکوینی میں کامیابی و کامرانی کوئی حقیر شے نہیں بلکہ ایسی ہے کہ اِن درخواستوں میں سب سے مقدم وہی لکھی گئی ہے۔

بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ [۱۴۰]

(کنز العمال - عن ابن عباسؓ)

تجھ سے تیری رحمت کے واسطہ سے طلب کرتا ہوں، اے عالموں کے پروردگار! [۱۵۳]

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِیْ وَاِنْ قَصُرَ رَأْیِیْ وَضَعُفَ عَمَلِیْٓ اِفْتَقَرْتُ اِلٰی رَحْمَتِكَ فَاَسْأَلُكَ يَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ [۱۴۱]

(کنز العمال - عن ابن عباسؓ)

اے اللہ میں اپنی خواہش تیرے ہی حوالہ کرتا ہوں گو میری سمجھ کوتاہی کرے اور میرا عمل ضعیف رہے، میں محتاج ہوں تیری رحمت کا، تو اے سب کاموں کے پورا کرنے والے، اور اے دلوں کے شفا دینے والے، میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح تو نے سمندروں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے، تو مجھے بھی دوزخ کے عذاب سے اور جزع فزع سے اور فتنۂ قبور سے (ایسے ہی) فاصلہ پر رکھیو۔ [۱۵۴]

---

۱۵۳ اس میں تعلیم آگئی کہ بندہ کو ہر ممکن بھلائی کی طلب میں کس درجہ حریص ہونا چاہئے!

بندہ عرض کر رہا ہے کہ کوئی بھلائی کیسی ہی ہو، اُس تک میں ایسی ذہن کی نارسائی سے نہ پہونچ سکا خواہ ضعفِ عمل سے، بلکہ میرے علم سے بھی باہر رہی ہو، لیکن مخلوق میں سے کسی کے حصہ میں بھی اُس کا آنا ممکن ہو، تو مجھے بھی اُس کا آرزومند سمجھ لے۔ تو تو اعلیٰ وادنیٰ، مستحق وغیر مستحق سب ہی کا پروردگار ہے!

۱۵۴ (تیرے لئے اس کا پورا کر دینا کیا دشوار ہے)

افتقرت الی رحمتك ۔ ساری دعاؤں، درخواستوں، عرضداشتوں کی کلید بس یہی ہے ——— بندہ کی نیازمندی اور رحمتِ الٰہی کی طرف محتاجی!

اَللّٰھُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِیْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِیْدِ اَسْأَلُکَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْوَعِیْدِ وَالْجَنَّۃَ یَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ الشُّھُوْدِ الرُّکَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِیْنَ بِالْعُھُوْدِ اِنَّکَ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ وَّاِنَّکَ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ۱۴۲

(کنز العمال ـ عن ابن عباسؓ)

اے اللہ مضبوط ڈور والے اور درست حکم والے، میں تجھ سے حشر میں امن کی طلب کرتا ہوں اور آخرت میں جنّت کی، اُن لوگوں کے ساتھ جو مقرب ہیں، حاضر باش ہیں، بڑے رکوع کرنے والے ہیں، بڑے سجدہ کرنے والے ہیں، اور اپنے اقراروں کو پورا کرنے والے ہیں۔ بیشک تو بڑا مہربان ہے، بڑا شفیق ہے، اور تو جو چاہے کر سکتا ہے۔ ۱۵۵

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا ھَادِیْنَ مُھْتَدِیْنَ غَیْرَ ضَآلِّیْنَ وَلَا مُضِلِّیْنَ

اے اللہ ہمیں بنادے راہنما راہ یاب (نہ کہ بے راہ اور بھٹکانے والے) اور اپنے

---

۱۵۵ قبول درخواست سے مانع دو ہی امر ہو سکتے ہیں۔ یا حاکم میں اتنی شفقت ہی نہ ہو، اور یا شفقت تو ہو لیکن پوری قدرت نہ ہو۔ تو تیرے لئے یہ دونوں شقیں مرتفع ہیں۔

یا ذا الحبل الشدید ـ وہ ڈوری جو کبھی ٹوٹ نہ سکے۔ وہ سہارا جو کبھی دھوکا نہ دے۔ ملاحظہ ہو آیۂ کریمہ

فقد استمسک بالعروۃ الوثقی لا انفصام لہا۔

الرکع، السجود، الموفین بالعھود ـ کہ یہ سب بڑے مرتبہ پانے والے لوگ ہیں۔

سِلْمًا لِأَوْلِيَائِكَ وَحَرْبًا لِأَعْدَائِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ أَحَبَّكَ وَنُعَادِي بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ [۱۴۳] (کنز العمال عن ابن عباسؓ)

دوستوں کا دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن۔ ہم تیری مخلوق میں سے اسی کو دوست رکھیں جو تجھے دوست رکھتا ہو، اور دشمن رکھیں اسے جو تیرا نافرمان ہو۔[۱۵۶]

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْإِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِي إِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّي صَالِحَ مَا أَعْطَيْتَنِي [۱۴۴]

(کنز العمال عن ابن عباسؓ وعن ابن عمرؓ)

اے اللہ دعا تو یہ ہے اور قبول کرنا تیرا کام ہے۔ کوشش یہ ہے اور بھروسہ تیرے ہی اوپر ہے۔ اے اللہ مجھے میرے نفس کے حوالہ ایک پلک بھر کے لئے بھی نہ کر اور جو بھی اچھی چیزیں تو نے مجھے دی ہیں، وہ مجھ سے واپس نہ لے۔[۱۵۷]

---

۱۵۶ یہی معنی ہیں حب فی اللہ اور بغض للہ رکھنے کے۔
سلماً لاولیائک وحرباً لاعدائک ۔ یہاں صاف تعلیم اسکی مل رہی ہے کہ غیر اللہ سے دوستی و دشمنی دونوں علاقے رکھے جا سکتے ہیں۔ البتہ یہ علاقے تمامتر دوستیٔ حق و دشمنیٔ حق کے ماتحت ہونا چاہئیں۔

۱۵۷ کتنی عبدیت آموز دعا ہے کاملین نے اپنے نفس پر بھروسہ ایک لمحہ کے لئے بھی نہیں کیا ہے۔
اللّٰھم ... التکلان ۔ بندہ اور خدا، عبد اور معبود، مخلوق اور خالق کے الگ الگ دائرۂ عمل یہاں کیسے کھول کر بیان کر دیئے گئے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰہٍ اسْتَحْدَثْنَاہُ وَلَا بِرَبٍّ يَبِيْدُ ذِكْرُهُ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَاءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَا اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِكُهُ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْ لِيْ ۱۴۵

(کنز العمال - عن صہیبؓ)

اے اللہ تو ایسا خدا تو نہیں جسے ہم نے گڑھ لیا ہو اور نہ ایسا پروردگار جس کا ذکر ناپائدار ہو کہ ہم نے اُسے اختراع کر لیا ہو اور نہ تیرے اور ساتھی ہیں جو حکم میں تیرے شریک ہیں، اور نہ تجھ سے پہلے ہی ہمارا کوئی خدا تھا، جس سے ہم پناہ حاصل کرتے رہے ہوں اور تجھ کو چھوڑ دیتے ہوں اور نہ کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں تیری مدد کی ہو کہ ہم اُس کو تیرے ساتھ شریک سمجھیں تو بابرکت ہے اور تو برتر ہے پس ہم تجھ سے اے وہ کہ سوا تیرے کوئی معبود نہیں، درخواست کرتے ہیں کہ تو مجھے بخش دے۔[۱۵۸]

---

۱۵۸ عجیب و غریب پُر اثر دعا ہے۔

بندہ کس اخلاص و الحاح سے عرض کر رہا ہے کہ تو تو واقعی اور یقینی خدا ہے۔ کوئی ہمارا دل کا گڑھا ہوا خدا تھوڑے ہی ہے۔ تجھ سے نہ قبل کوئی دوسرا خدا تھا، نہ اب کوئی ہے۔ نہ کوئی تیری خدائی میں کسی حیثیت سے شریک، کہ ہم اُدھر رجوع ہو جائیں۔ مغفرت کی درخواست صرف تجھی سے ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفّٰهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا ۱۲۶

(مسلم عن عبداللہ بن عمرؓ)

اے اللہ تو ہی نے میری جان کو پیدا کیا ہے، اور تو ہی اُسے موت دے گا۔ تیرے ہی ہاتھ میں اُس کا مرنا اور اُس کا جینا ہے۔ تو اگر اسے زندہ رکھتا ہے تو اُسکی ایسی حفاظت کر جیسی کہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اور اگر تو اسے موت دیتا ہے، تو تو اسے بخش دینا اور اس پر رحم کرنا۔ ۱۵۹

اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ ۱۲۷

(کنز العمال۔ عن ابن عمرؓ)

اے اللہ مجھے مدد دے علم دے کر، اور مجھے آراستہ کر وقار دے کر، اور مجھے بزرگی دے تقویٰ دے کر، اور مجھے جمال دے امن چین دے کر۔ ۱۶۰

اَللّٰهُمَّ لَا يُدْرِكْنِيْ زَمَانٌ وَلَا يُدْرِكُوْا زَمَانًا لَا يُتَّبَعُ فِيْهِ الْعَلِيْمُ وَلَا

اے اللہ مجھے وہ زمانہ نہ پائے، اور نہ یہ لوگ اُس زمانہ کو پائیں جس میں نہ صاحبِ علم کی

---

۱۵۹ یعنی جبتک ہمیں زندہ رکھ، تو اپنی حفاظت میں رکھ، اور جب موت دے تو خالص رحمت کے ساتھ۔

۱۶۰ یعنی تیری اعانت یہی ہو کہ مجھے علم و معرفت عطا کیا جائے، اور مجھ میں زینت و شائستگی پیدا ہو تو زیورِ علم سے، اور مجھ میں خوف پیدا ہو تو تقویٰ سے، اور مجھ میں جمال پیدا ہو تو حُسنِ عافیت سے۔

يُسْتَحْيٰى فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ[۱۶۱] (كنز العمال عن ابى هريرةؓ)

پیروی کی جائے اور نہ صاحب حلم کا لحاظ کیا جائے اور اُنکے دل عجمیوں کے سے ہو جائیں اور اُنکی زبانیں اہل عرب کی سی رہ جائیں[۱۶۱]

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْ شَتَمْتُهٗ اَوْ جَلَدْتُّهٗ اَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ[۱۶۲]

(الحزب الاعظم - للقاری)

اے اللہ میں تجھ سے وعدہ لیتا ہوں جسے تو ہرگز نہ توڑیو، کہ میں بھی آخر بشر ہی ہوں سو جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں، یا اُسے بُرا بھلا کہوں یا اُسے ماروں پیٹوں یا اُسے بددعا دوں تو اس (سب) کو تو اسکے حق میں رحمت اور پاکیزگی اور قربت کا ذریعہ بنا دیجیو، جس سے تو اُس کو مقرّب بنا لے[۱۶۲]

---

۱۶۱ رسول اللہ صلعم اپنے اور اپنے صحابیوں کے لئے اُس زمانہ سے پناہ مانگ رہے ہیں جو دورِ آخر میں دنیا کے ہر طرف شر و فتنہ کا زمانہ ہوگا - اور جسکہ نہ علم کی وقعت باقی رہ جائیگی نہ حلم کی - نہ معارف و حقائق الٰہیہ کی، نہ سیرت و اخلاق فاضلہ کی - دلوں میں اہل عجم (عرب سے باہر کے باشندوں) کا سا کھوٹ اور نفاق پیدا ہو جائے گا، اور زبانیں اہل عرب کی سی نرم اور مطیع باقی رہیں گی -

۱۶۲ اللہ اکبر ایسی دعا رسول معصوم نے اپنے لئے ضروری سمجھی، جن سے بڑھ کر کسی کا کریم النفس ہونا، اور حلیم اور بے آزار ہونا ممکن نہیں، تو ظاہر ہے کہ ہم افراد امت کیلئے اس دعا کا زبان و قلب دونوں پر جاری رکھنا کس درجہ اہم اور مقدم ہے! یوں تو ساری ہی حدیثی دعائیں اپنی اپنی جگہ فرد ہیں، لیکن بعض دعائیں تو اتنی لطیف و حکیمانہ ہیں کہ دل اُن پر بے ساختہ لوٹ جاتا ہے، اور انھیں بہترین دعاؤں میں سے ایک یہ ہے -

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ
وَمِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ
وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّمَا
تَعْلَمُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ
اَهْلِ النَّارِ وَمِنَ النَّارِ وَمَا
قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ
وَمِنْ شَرِّمَا اَنْتَ اٰخِذٌ
بِنَاصِيَتِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّمَا
فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّمَا بَعْدَهٗ
وَمِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطٰنِ
وَشِرْكِهٖ وَاَنْ نَقْتَرِفَ عَلٰٓى
اَنْفُسِنَا سُوْٓءً اَوْ نَجُرَّهٗ اِلٰى
مُسْلِمٍ اَوْ اَكْتَسِبَ خَطِيْئَةً
اَوْذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ وَمِنْ
ضِيْقِ الْمُقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۱۵
(نسائی، ابوداؤد، ومستدرک وکنزالعمال وغیرہ)

اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں، برص سے
اور ضدّ اضدّی سے اور نفاق سے اور بُرے
اخلاق سے اور ہر اُس چیز کی بُرائی سے جو
تیرے علم میں ہے میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں
اہلِ دوزخ کے حال سے اور (خود) دوزخ سے
اور ہر اُس چیز سے خواہ وہ قول ہو یا عمل جو
اُس سے قریب کرے اور ہر اُس چیز کی بُرائی سے
جو تیرے قبضہ میں ہے، اور تیری پناہ میں
آتا ہوں ہر اُس بُرائی سے جو آج کے دن
میں ہے اور ہر اُس بُرائی سے جو اُس کے بعد ہے
اور اپنے نفس کی بُرائی سے اور شیطان کی
بُرائی سے اور شیطان کے شرک سے اور اس سے
کہ ہم کسی شر کو اپنے اوپر لگائیں یا اُسے کسی
مسلمان تک پہونچائیں یا میں کوئی ایسی
خطا یا گناہ کروں جسے تو نہ بخشے اور قیامت
کے دن تنگی سے [۱۶۳]

---

۱۶۳ استعاذہ کے کلمات یہاں بھی حسب معمول ایسے ہی جامع اور دنیا و آخرت کی ایک ایک چیز پر حاوی ہیں۔

المنزل الخامس — پانچویں منزل

یوم الاربعاء — روز چہارشنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ حَصِّنْ فَرْجِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۱۶۴ (الحزب الاعظم للقاری)

اے اللہ میری شرمگاہ کو محفوظ کر دے اور مجھ پر میرے کام آسان کر دے ۱۶۴

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوۃِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ

(الحزب الاعظم ۔ للقاری)

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں وضو کا کمال اور نماز کا کمال اور تیری خوشنودی کا کمال اور تیری مغفرت کا کمال ۱۶۵

---

۱۶۴ کوئی کلمہ گو مرد یا عورت اگر خدانخواستہ حرامکاری میں اپنے شوق سے یا بہ طور پیشہ کے مبتلا ہو، اور اس سے نکل آنے کی آرزو دل میں ہو، تو اس دعا کا ورد صدق دل سے کچھ عرصہ تک رکھے، اِن شاء اللہ ضرور کوئی صورت نکاح یا جائز آمدنی کی پیدا ہو جائیگی۔

ویسّرلی امری ۔ یعنی جو عملی دقتیں اور دشواریاں اس حرام شوق یا پیشہ کے ترک کرنے میں پیش آرہی ہیں انھیں دور کرکے کوئی اُس کا جائز بدل مہیا کر دے۔

۱۶۵ کتنی حکیمانہ دعا رفانہ ترتیب قائم فرمائی گئی ہے جب عبادات مقصودہ اور عبادات الیہ دونوں میں درجہ کمال حاصل ہو جائیگا تو قدرۃً اُنکے نتائج وثمرات یعنی رضوان الٰہی ومغفرت الٰہی بھی درجہ کمال ہی میں ظاہر ہوں گے۔

مومن کا کام کسی طرح گرتے پڑتے عبادتوں کو کر ڈالنا نہیں، بلکہ ہر طاعت اور عبادت کو اُسکے مرتبہ کمال تک پہونچانا ہے اور اُس کا اجر وصلہ بھی اُسی درجہ کامل میں حاصل کرنا ہے ــــــ امتحان میں کسی نہ کسی طرح لشتم پشتم نکل جانا نہیں، بلکہ درجہ اوّل کے نمبروں میں اعزاز و ناموری کے ساتھ کامیابی حاصل کرنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ ۱۵۲

(کتاب الاذکار للنووی)

اے اللہ میرا نامۂ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دیجیو۔[۱۶۶]

اَللّٰھُمَّ غَشِّنِیْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِیْ عَذَابَكَ ۱۵۳

(الحزب الاعظم للقاری)

اے اللہ مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لے اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھنا۔[۱۶۷]

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْهِ الْاَقْدَامُ ۱۵۴

(کتاب الاذکار للنووی)

اے اللہ میرے قدم ثابت رکھنا جس دن کہ قدم ڈگنے لگیں گے۔[۱۶۸]

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِیْنَ ۱۵۵

(الحزب الاعظم للقاری)

اے اللہ ہمیں فلاح یاب بنائیو۔[۱۶۹]

---

۱۶۶ (جو عین علامت ہے مقبولیت کی، اور اسی کے لائق مجھ سے دنیا میں کام کرانا)

۱۶۷ جن بے خبر صوفیہ نے عذاب الٰہی کی طرف سے اپنی بے پروائی ظاہر کی ہے وہ ان حدیثوں سے اپنی بے خبری کا علاج کرائیں۔
غشّنی برحمتک۔ مومن کا کام ایسی ہی رحمت الٰہی کی طلب ہے، جو اسے ہر طرف سے ڈھانپ لے۔ وہ اس پر پوری طرح چھا جائے، کوئی حصہ اُسکے جسم و روح کا بے ڈھکا باقی نہ رہنے دے۔

۱۶۸ ظاہر ہے کہ یوم قیامت مراد ہے۔

۱۶۹ (دنیا اور آخرت میں سب کہیں)

فلاح کا لفظ عربی میں ایک وسیع ترین و جامع ترین لفظ ہے۔ دنیوی و اُخروی، مادّی و رُوحانی، بڑی اور چھوٹی، ہر قسم کی کامیابی پر حاوی۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ ؕ[۱۵۶]

اے اللہ اپنے ذکر سے ہمارے دلوں کے قفل کھول دے اور ہم پر اپنی نعمت کو پورا کر، اپنے فضل کو پورا کر، اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں سے کر لے[۱۷۰]

اَللّٰھُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ ؕ[۱۵۷]

اے اللہ مجھے وہ سب سے بڑھ کر دے جو تو اپنے نیک بندوں کو دیتا ہو۔[۱۷۱]

(الحزب الاعظم للقاری)

اَللّٰھُمَّ اَحْيِنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَمِتْنِیْ مُسْلِمًا ؕ[۱۵۹] (کنز العمال ۔ عن سمرۃؓ)

اے اللہ مجھے مسلمان ہی زندہ رکھ، اور مسلمان ہی (رکھ کر) مجھے وفات دے[۱۷۲]۔

اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَ اَلْقِ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِھِمْ وَاَنْزِلْ عَلَيْھِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ

اے اللہ کافروں کو عذاب دے، اور اُنکے دلوں میں ہیبت بٹھا دے اور اُن کی بات میں اختلاف پیدا کر دے، اور اُن پر اپنا قہر و عذاب نازل کر۔

---

[۱۷۰] مطلوب محض حصول نعمت و فضل نہیں، بلکہ اتمام نعمت و تکمیل فضل ہے۔
حدیث سے یہ بھی معلوم ہو گیا، کہ دلوں پر جو غفلت کے قفل لگ جاتے ہیں، اُنکی کلید ذکر الٰہی ہی ہے۔

[۱۷۱] اللہ سے نعمت مانگنے میں دل پست ہمتی کو نہ ہو، طلب و درخواست ہمیشہ بڑے ہی سے بڑے انعام کی کرتے رہنا چاہئے۔

[۱۷۲] سب ہی کچھ ان دو لفظوں کے اندر آ گیا۔ اور اور کچھ باقی ہی نہ رہا۔ سبحان اللہ کتنی جامع دعا ہے۔

اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ يَجْحَدُوْنَ اٰيَاتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۱٦٠

(کنز العمال۔ عن سمرۃؓ)

اے اللہ کافروں کو عذاب دے، چاہے وہ اہل کتاب ہوں یا مشرک، بہرحال جو بھی تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور تیرے رسولوں کی تکذیب کرتے ہیں اور تیری راہ سے (دوسروں کو) روکتے ہیں اور تیری (مقرر کی ہوئی) حدوں سے تجاوز کرتے ہیں، اور تیرے ساتھ کسی اور معبود کو بھی پکارتے ہیں، حالانکہ کوئی بھی معبود نہیں ہے بجز تیرے۔ بابرکت ہی تو اور ہر طرح نہایت درجہ برتر ہے تو اس سے کہ جو یہ ظالم کہتے ہیں ۱۷۳

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ

اے اللہ تو مجھے بخش دے اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کو اور تمام اسلام والوں اور اسلام والیوں کو اور انھیں سنوار دے

---

۱۷۳ معاذ اللہ، یہ مشرک اور کافر جیسی جیسی گندہ صفات تیری جانب منسوب کرتے رہتے ہیں۔ تیری ذاتِ اقدس کو ان سے نسبت ہی کیا!

اللّٰهم عذب الكفرة الخ اللہ کے نافرمانوں، سرکشوں کے حق میں دعائے بد کرنا ناجائز نہیں، بلکہ بعض حالات میں تو مندوب و مستحسن بھی ہے۔

الكفرة اهل الكتاب والمشركين۔ کافروں کی دو عمومی قسمیں بیان کر دی ہیں۔ بعض ان میں سے اہل کتاب ہیں جنھوں نے عقائد کفریہ اختیار کر لئے ہیں اور بعض تو سرے سے توحید ہی کے منکر ہیں۔

ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ
قُلُوبِهِمْ وَاجْعَلْ فِي قُلُوبِهِمُ
الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ
عَلٰى مِلَّةِ رَسُولِكَ وَاَوْزِعْهُمْ
اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا
بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ
عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ
وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ
لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ
وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
لِمَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ
يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ
تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ

اور اُنکے آپس میں صلح کردے اور اُنکے
دلوں میں اُلفت دیدے اور اُن کے
دلوں میں حکمت اور ایمان رکھ دے
اور انھیں اپنے رسول کے دین پر
ثابت رکھ اور انھیں توفیق دے کہ
جو نعمت تونے انھیں نصیب کی ہے
اس کا وہ شکر کرتے رہیں[۱۷۴] اور جو
عہد تونے اُنسے لیا ہی اُسے وہ پورا
کرتے رہیں اور انھیں اپنے اور اُنکے
دشمنوں پر غالب رکھ[۱۷۵] اے معبود برحق
تو پاک ہی کوئی معبود سوا تیرے نہیں ہی۔
میرے گناہ بخش دے اور میرے عمل
درست کردے۔ بیشک تو ہی گناہ
بخش دیتا ہی جسکے چاہتا ہی اور تو ہی

---

۱۷۴ مومن اپنے ساتھ تمام اہلِ ملّت کے حق میں دعائے خیر کرتا رہے، یہ رسول اسلامؐ کی تعلیمات کا خاص اور اہم جزو ہی۔
۱۷۵ جو اللہ کے دشمن ہیں، وہ لازمی طور پر اللہ کے لشکر کے بھی دشمن ہونگے، اور ہر کلمہ گو اللہ کے لشکر کا سپاہی ہی۔
عہدک الّذی عاہدہم علیہ۔ وہ عہد یہی اقرار و توحید و طاعت کا ہی جو ہر کلمہ گو سے لیا گیا ہی۔

یَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّیْ یَا رَءُوْفُ اُرْءُفْ بِیْ یَا رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَطَوِّقْنِیْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ یَا رَبِّ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ یَا رَبِّ افْتَحْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّقِنِی السَّیِّئَاتِ وَمَنْ تَقِ السَّیِّئَاتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ ۱۶۱

(الحزب الاعظم للقاری - وغیرہ)

مغفرت کرنے والا ہی، رحم کرنے والا ہی۔ اے بخشنے والے مجھے بخش دے۔ اے توبہ قبول کرنے والے میری توبہ قبول کر۔ اے معاف کرنے والے مجھے معاف کر۔ اے مہربان مجھ پر مہربانی کر۔ اے پروردگار مجھے توفیق دے کہ تونے جو نعمت مجھے دی ہی اُس کا شکر ادا کروں اور مجھے طاقت دے کہ تیری عبادت اچھی طرح کروں۔ اے پروردگار میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب۔ اے پروردگار میرا آغاز خیر کے ساتھ کر اور میرا خاتمہ خیر کے ساتھ کر، اور مجھے بُرائیوں سے بچالے، اور جسے تونے بُرائیوں سے اُس دن بچالیا بیشک تونے اُس پر رحم ہی کیا، اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ ۱۷۶ ؎

---

۱۷۶ ؎ اِس دعا کی ہمہ گیری اور ہمہ جہتی سے الگ اور مستثنیٰ کون سا شعبہ دنیا یا آخرت کا رہ جاتا ہی۔

یومئذٍ۔ یعنی روزِ حساب کو۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کُلُّہٗ	اے اللہ تیرے ہی لئے تعریف ہے سب کی سب
وَلَکَ الشُّکْرُ کُلُّہٗ	اور تیرے ہی لئے شکر ہے سب کا سب
وَلَکَ الْمُلْکُ کُلُّہٗ	اور تیرے ہی لئے حکومت ہے سب کی سب
وَلَکَ الْخَلْقُ کُلُّہٗ	اور تیرے ہی لئے ہے مخلوق سب کی سب
بِیَدِکَ الْخَیْرُ کُلُّہٗ	تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے سب کی سب
اِلَیْکَ یَرْجِعُ الْاَمْرُ کُلُّہٗ	اور تیری ہی طرف امور رجوع ہوتے ہیں
اَسْأَلُکَ الْخَیْرَ کُلَّہٗ	سب کے سب میں مانگتا ہوں تجھ سے
وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّہٖ [۱۶۲]	بھلائی سب کی سب، اور میں تیری
(الحزب الاعظم للقاری وکنز العمال)	پناہ میں آتا ہوں ساری کی ساری برائیوں سے [۱۶۷]

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ غَیْرُہٗ	اُس اللہ کے نام (کی برکت) سے جس کے
اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیَ الْھَمَّ	سوا کوئی معبود نہیں، اے اللہ مجھ سے
وَالْحُزْنَ اَللّٰھُمَّ	فکر اور غم دور فرما دے، اے اللہ
بِحَمْدِکَ انْصَرَفْتُ	میں تیری ہی حمد کے ساتھ چلتا پھرتا ہوں

---

[۱۶۷] کُلَّہٗ کی تکرار قابل لحاظ ہے مقصودات اور مطلوبات جتنے بھی ہیں، اُن میں سے حقیر یا ناقابل اعتناء کوئی بھی نہیں۔ سب کے سب تمام و کمال ہی بلا کسی ادنیٰ جزو کو مستثنیٰ کئے ہوئے حاصل کرنے اور طلب کرنے کے قابل ہیں ——— بندہ کا کمال و عروج عین اسکی عبدیت، حاجتمندی و مقادی میں ہے، نہ کہ انکے برعکس میں۔

وَبِذَنْبِیْ اعْتَرَفْتُ [١٦٣] — اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں [١٧٨]

(الحزب الاعظم للقاری وکنز العمال)

اَللّٰھُمَّ اِلٰہِیْ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَاِلٰہَ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ اَسْأَلُكَ اَنْ تَسْتَجِیْبَ دَعْوَتِیْ فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّ تَعْصِمُنِیْ فِیْ دِیْنِیْ فَاِنِّیْ مُبْتَلًی وَّ تَنَالَنِیْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّیْ مُذْنِبٌ وَّ تَنْفِیَ

اے اللہ، میرے معبود اور ابراہیم و اسحٰق و یعقوب کے معبود اور جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود [١٧٩] میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری عرض قبول کرلے کہ میں بیقرار ہوں۔ اور تو مجھے میرے دین کے باب میں محفوظ رکھ کہ میں بلا میں پڑا ہوا ہوں۔ اور اپنی رحمت میرے شاملِ حال رکھنا

---

١٧٨ یہ اعتراف ذنب۔ رسول معصوم کر رہے ہیں (گو ظاہر ہے اُن کا ذنب، صرف انھیں کے مرتبہ و معیار سے ہوگا، اور صرف صورۃً ہوگا نہ کہ معنیً و حقیقۃً) تو ظاہر ہے کہ ہم اُمتیوں کا تو لمحہ لمحہ اسی اعتراف تقصیر میں بسر ہوتے رہنا چاہئے۔

بسم اللہ الذی لا الٰہ غیرہ۔ کا ترجمہ یوں بھی ہو سکتا ہے کہ میں اُس اللہ کا نام لیتا ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں۔

١٧٩ ملائکہ مقربین ہوں یا انبیائے مرسلین، حق تعالیٰ کا رشتہ سب کے ساتھ معبودیت مطلق ہی کا ہے۔ اور اسکے حق میں سب عبد محض ہی ہیں۔

زمانۂ قیام مدینۂ منورہ میں جہاں ذی اثر و صاحب علم و صاحب جاہ یہود کے اثر سے طرح طرح کی گمراہیاں اور بد دینیاں پھیل رہی تھیں دعاؤں اور تعلیمات کے ذریعہ سے ایسی اصلاحیں بہت ضروری تھیں۔ ملاحظہ ہو حاشیہ ١٢٥

عَنِّی الْفَقْرَ فَاِنِّیْ مُسْکِیْنٌ ۱۶۴ | کہ میں گناہگار ہوں، اور مجھ سے محتاجی دور رکھنا، کہ میں بے کس ہوں۔[۱۸۰]

(کنز العمال وغیرہ)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْکَ فَاِنَّ لِلسَّآئِلِ عَلَیْکَ حَقًّا اَیُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَھْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَھُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَھُمْ اَنْ تُشْرِکَنَا فِیْ صَالِحِ مَا یَدْعُوْنَکَ فِیْهِ وَاَنْ تُشْرِکَھُمْ فِیْ صَالِحِ

اے اللہ میں تجھ سے ہر اُس حق سے مانگتا ہوں جو سائلوں کا تجھ پر ہے[۱۸۱] کہ خشکی اور تری کے جس کسی بھی غلام یا باندی کی دعا تو نے قبول کی ہو، تو ہمیں اُن اچھی دعاؤں میں شریک کر دے جو وہ تجھ سے مانگیں اور تو اُنھیں اُن اچھی دعاؤں میں شریک کر دے جو ہم تجھ سے مانگیں۔ اور یہ کہ تو ہمیں اور انھیں چین دے، اور تو ہماری اور

---

۱۸۰ یہاں چار دعائیں بیان ہوئی ہیں اور چاروں میں ترتیب باہمی اور تناسب بہت خوب ہے۔ پہلی دُعا قبول دعا کی ہے اور اس کا تفیع اپنے اضطرار کو بنایا ہے۔ پھر معًا دعا عصمت دینی کی ہے، اور اس پر تفیع اپنے ابتلاء کو بنایا ہے، تیسری دعا شمول رحمت کی ہے اور اس پر دلیل اپنی مذنبیت سے لائی گئی ہے۔ آخری دعا رفع فقر کی ہے، اور اس پر حجت اپنی مسکینیت سے لائی گئی ہے۔

۱۸۱ یعنی تو نے اپنے فضل و کرم سے اُن کا حق اپنے اوپر قائم کر لیا ہے ——— ورنہ حقیقۃً ظاہر ہے کہ کسی مخلوق کا کوئی حق اللہ تعالےٰ کے ذمہ واجب نہیں ہو سکتا۔

مَا نَدْعُوكَ فِيهِ وَأَنْ تُعَافِيَنَا وَإِيَّاهُمْ وَأَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَأَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ فَإِنَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۱۶۵

(کنز العمال عن ابی سعید الخدری رضؓ)

اُن کی دُعائیں قبول کر اور یہ کہ تو ہم سے اور اُن سے درگزر کر[۱۸۲] بیشک ہم ایمان لائے اُس پر جو تو نے اُتارا ہے اور ہم نے رسُول کی پیروی کی بس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ لے[۱۸۳]

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيلَةَ وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهُ وَفِي الْأَعْلَيْنَ دَرَجَتَهُ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهُ ۱۶۶

(کنز العمال - عن ابی امامۃ رضؓ)

اے اللہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلّم) کو مقام وسیلہ عنایت کر، اور آپ کی محبوبیت برگزیدہ لوگوں میں کر دے اور آپ کا مرتبہ عالی لوگوں میں، اور آپ کا ذکر اہلِ تقرب میں[۱۸۴]

---

[۱۸۲] یعنی اپنے تمام مقبول اور مستجاب الدعا بندوں کی دعاؤں میں ہمیں شریک کر، اور اُنھیں ہماری دعاؤں میں شریک کر دے۔ اور عافیت اور مقبولیت اور معافی ہم میں اُن میں مشترک رکھ ا

[۱۸۳] بندہ کی سعادت کی معراج یہ ہے کہ اس کا نام حق کے مبطلوں اور منکروں میں نہیں، بلکہ مصدقوں اور شاہدوں میں لکھ لیا جائے۔ اور اسی کی تمنا بندہ بڑے ذوق و شوق سے کرتا ہے۔

[۱۸۴] الوسیلۃ۔ جنت کا وہ مرتبہ اعلیٰ ہے جس کا وعدہ رسول اکرمؐ سے ہو چکا ہے، اور اس مرتبہ پر فائز ہو کر آپؐ اہل امت کی شفاعت کا اذن بھی حاصل کر لیں۔

دعا میں تعلیم اسکی مل رہی ہے کہ جو مراتب و فضائل رسولؐ کے واسطے موعود ہیں، اور جنکے باب میں وعدۂ الٰہی کے بعد شک و شبہ کی گنجائش ہی نہیں، اُن تک کیلئے بھی دعا خود کرنا، اور اہل امت سے کرانا، عین تقاضائے عبدیت ہے۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِكَ[۱۶۷]

(عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی عن ابن عباسؓ)

اے اللہ مجھے اپنے ہاں سے ہدایت نصیب کر[۱۸۵] اور مجھے اپنے فضل وکرم سے مستفید کر اور مجھ پر اپنی رحمت کامل کر، اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل کر۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ[۱۶۸]

(عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی عن ابن عمرؓ)

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر، اور میری توبہ قبول کر، تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا رحم والا ہے[۱۸۶]۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ تَوْفِیْقَ اَھْلِ الْھُدٰی وَاَعْمَالَ اَھْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَۃَ اَھْلِ التَّوْبَۃِ وَعَزْمَ اَھْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَھْلِ الْخَشْیَۃِ وَطَلَبَ

اے اللہ میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں اہل ہدایت کی سی اور عمل اہل یقین کے سے اور اخلاص اہل توبہ کا سا اور ہمت اہل صبر کی سی اور کوشش اہل خوف کی سی اور طلب اہل شوق کی سی

---

[۱۸۵] ہدایت وہی ہے جس کا صدور حق تعالیٰ کے پاس سے ہوتا ہے۔

[۱۸۶] تیرا تو کام ہی توبہ قبول کرتے رہنا، اور فضل وکرم بے حساب کرتے رہنا ہے۔

اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اور عبادت اہل تقویٰ کی سی اور
اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ معرفت اہل علم کی سی تا آنکہ میں
اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى اَلْقَاكَ ۱۷۹ تجھ سے مل جاؤں ۱۸۷

(الحزب الاعظم للقاری)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مَخَافَةً اے اللہ میں تجھ سے وہ خوف مانگتا ہوں
تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَعَاصِیْكَ حَتّٰى جو مجھے تیری نافرمانیوں سے روک دے۔
اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا تاکہ میں تیری طاعت کے ایسے عمل کروں
اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰى جن سے میں تیری خوشنودی کا مستحق
اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ ہو جاؤں اور تاکہ میں تجھ سے ڈر کر

---

۱۸۷ یعنی وقت موت تک ان میں سے کسی چیز میں خلل نہ پڑے ——— ہر ہر طبقہ کی وہ چیز مانگی ہے جو اس طبقہ میں درجۂ کمال میں موجود ہے۔

توفیق اہل الہدیٰ۔ انھیں پوری توفیق مل گئی ہوتی تو یہ اہل ہدیٰ ہوتے ہی کیوں۔

اعمال اہل الیقین۔ عمل بہترین جبھی صادر ہوتے ہیں، جب یقین پختہ ترین ہو چکتا ہے۔

مناصحۃ اہل التوبۃ۔ اہل توبہ کا اخلاص اگر کامل نہ ہوتا تو انھیں توبہ کی توفیق ہی کیوں ہوتی۔

عزم اہل الصبر۔ ہمت ہی تو وہ چیز ہے جو اہل صبر سے سب کچھ برداشت کرا لیتی ہے۔

جدّ اہل الخشیۃ۔ خشیت جب پوری طرح طاری ہو گی تو انسان ہر ممکن جد و جہد کر ڈالے گا۔

طلب اہل الرغبۃ۔ اہل شوق و طلب کی طلب اور تڑپ کا کیا کہنا۔

تعبّد اہل الورع۔ جو تقویٰ میں کمال رکھتے ہیں وہی عبادت کا بھی حق ادا کر سکتے ہیں۔

عرفان اہل العلم۔ جو علوم شرعیہ میں جتنا زیادہ مستغرق ہو گا، اُسی نسبت سے اسکی معرفت بھی کامل ہو گی۔

وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَاءً مِّنْكَ وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً وَّلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ ۚ

تیرے سامنے خالص توبہ کروں۔ اور تاکہ تجھ سے شرما کر تیرے روبرو خلوص کو صاف کروں اور تاکہ کل کاموں میں تجھ پر بھروسہ کروں[۱۸۸] اور تیرے ساتھ گمان نیک کو طلب کرتا ہوں۔ پاک ہے اے نور کے پیدا کرنے والے[۱۸۹] اے اللہ ہم کو ناگہاں ہلاک نہ کرنا اور نہ ہم کو اچانک پکڑنا اور نہ ہمیں کسی حق و وصیت کی طرف سے غفلت میں رکھنا[۱۹۰]۔

(الحزب الاعظم للقاری)

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ

اے اللہ میری قبر میں وحشت کی جگہ اُنس پیدا کر دینا[۱۹۱]۔ اے اللہ مجھ پر

---

[۱۸۸] اللہ سے اتنا خوف جتنا اُس کا حق ہے کون بندہ بیچارہ رکھ سکتا اور برداشت کر سکتا ہے؟ خوف کا درجۂ کافی اس کیلئے صرف اتنا ہے کہ بس گناہوں سے روک ہو جائے، اور طاعت کی جانب رغبت پیدا ہو جائے۔ باقی تمام مطلوبات اسی کے ثمرات ہوں گے۔

[۱۸۹] حق تعالیٰ خالق نور ہے، جس طرح اور ہر چیز کا بھی خالق ہے۔ بذات خود نہ جوہر ہے نہ عرض، نہ اس معنی میں نور جس میں مجوس وغیرہ گمراہ قوموں نے سمجھ رکھا ہے)

[۱۹۰] (کہ کسی کے حق یا وصیت کا اِتلاف اسلام میں ایک شدید معصیت ہے)

[۱۹۱] قبر ایسا مقام ہے، جس سے انسان کو اس عالم ناسوت میں وحشت ہونا امر طبعی ہے، یہاں بندہ کی زبان سے دعا اس کی کرائی جا رہی ہے کہ وہ وحشت اُنس میں تبدیل ہو جائے۔

بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ
اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً
اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ
وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ
وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ اللَّيْلِ
وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ
حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۱۹۱

قرآن عظیم کے طفیل میں رحم کرنا اور اسے
میرے حق میں رہبر اور نور اور ہدایت اور
رحمت بنا دینا - اے اللہ میں اس میں سے
جو کچھ بھول گیا ہوں وہ مجھے یاد کرا دے اور
اس میں سے جو کچھ میں نہ جانتا ہوں وہ مجھے
سکھا دے، اور مجھے اسکی تلاوت دن اور رات کے
اوقات میں نصیب کرا اور اُسے میرے لئے
حجت بنا دے، اے پروردگار عالم!۔ [۱۹۲]

(الحزب الاعظم للقاری)

اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ
عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ
نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ
فِيْ قَبْضَتِكَ وَاُصَدِّقُ

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور بیٹا ہوں
تیرے بندہ اور بندی کا، ہمہ تن تیری ہی
مٹھی میں ہوں [۱۹۳] تیرے قبضہ میں چلتا پھرتا
ہوں تیرے ہی ملنے کی تصدیق کرتا ہوں

---

۱۹۲ قرآن کے درجات فضائل و برکات سب اِن دعاؤں سے بالکل ظاہر ہیں۔
واجعلہ لی حجۃ - یعنی دنیا و آخرت میں میری دلیل، میرا سہارا ــــــ یعنی اسی کی بنا پر میں یہاں بھی قائم رہوں اور وہاں بھی۔

۱۹۳ لفظی معنی یعنی "میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے" مراد نہیں۔ بلکہ عربی محاورہ میں اس سے مراد تمامتر کسی کے اختیار و قبضہ میں ہونا ہوتا ہے۔
انی ... امتک - کمال عجز و تذلل و افتقار کے اظہار کیلئے ہے، کہ میں خود تو کیا، جنھوں نے بظاہر اسباب مجھے پیدا کیا ہے، وہ تک تیرے ہی بندے ہیں۔ ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر ۱۲۴

بِلِقَائِكَ وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِیْ فَعَصَیْتُ وَنَهَیْتَنِیْ فَاَتَیْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۱۹۴

اور تیرے وعدہ پر یقین رکھتا ہوں۔ تو نے مجھے حکم دیا، لیکن میں نے نافرمانی کی، اور تو نے مجھے روکا تو میں نے اس کا ارتکاب کیا یہ جگہ دوزخ سے پناہ لینے کی تیرے ذریعہ سے ہی کوئی معبود نہیں ہی سوا تیرے۔ تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ تو ہمیں بخش دے۔ بیشک کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا بجز تیرے[۱۹۴]

(الحزب الاعظم للقاری)

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَیْكَ الْمُشْتَكٰی وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

اے اللہ تجھی کو ہر تعریف سزاوار ہی، اور تجھی سے شکایت چاہئے اور تجھی سے فریاد چاہئے اور مدد تجھی سے طلب کئے جانے کے قابل ہی[۱۹۵] اور نہ کوئی بچاؤ

---

[۱۹۴] حضرت آدمؑ کی دعائے قرآنی بھی اس موقع پر یاد کرلی جائے۔ ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنکونن من الخٰسرین۔
نتیجہ یہ نکلا کہ از حضرت آدمؑ تا ایندم، بڑے بڑے کاملین ومقربین کیلئے بھی کھلی ہوئی راہ یہی اعتراف ذنوب اور استغفار کی ہی۔

[۱۹۵] یعنی ہر مدح و وصف کا سزاوار بھی تو ہی ہی۔ اور ہر قسم کی شکایت و فریاد کا مخاطب صحیح بھی تو، اور ہر مدد مانگے جانے کا اہل بھی تو ہی اکیلا۔

وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ[۲۰۱]
(گناہ سے) ہی، اور نہ کوئی قوت (عبادت کی) ہے، بجز اللہ کے ہاتھ میں[۱۹۶]

(الحزب الاعظم للقاری)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِرِضَاكَ مِنۡ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنۡ عُقُوۡبَتِكَ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡكَ لَا اُحۡصِیۡ ثَنَآءً عَلَيۡكَ اَنۡتَ كَمَا اَثۡنَيۡتَ عَلٰی نَفۡسِكَ
اے اللہ میں تیری رضا کی پناہ میں آتا ہوں تیری ناخوشی سے اور تیری عفو کی پناہ میں تیرے عذاب سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں خود تجھ سے۔ میں تیری تعریف پوری طرح کر ہی نہیں سکتا ہوں تو اسی تعریف کے لائق ہے جو تو نے خود اپنی ذات کی کی ہے[۱۹۷]۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ اَنۡ نَزِلَّ اَوۡ نُزِلَّ اَوۡ نَضِلَّ اَوۡ نُضِلَّ اَوۡ نَظۡلِمَ اَوۡ نُظۡلَمَ عَلَيۡنَا اَوۡ نَجۡهَلَ اَوۡ يُجۡهَلَ عَلَيۡنَا اَوۡ اَضِلَّ
اے اللہ ہم تیری پناہ میں آتے ہیں اس سے کہ ہم کہیں ڈگ جائیں، یا کسی کو ڈگائیں۔ یا ہم کسی کو گمراہ کریں

---

۱۹۶ گناہوں سے بچانا اور طاعت کی طرف لانا صرف تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔
۱۹۷ بڑے بڑے عارفین نے بھی آخر میں تھک کر اور ہار کر یہی کہا ہے کہ جو تیری حمد و ثنا کا حق ہے وہ ہم نہیں ادا کر سکتے، وہ تو بس تو ہی اپنے کلام سے کر سکتا ہے۔

اے بروں از وہم و قال و قیل من
خاک بر فرق من و تمثیل من ا

ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر ۱۲۷

اَوْ اُضِلَّ اَعُوْذُ بِنُوْرِ
وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ
اَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ
وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ
وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ اَنْ تُحِلَّ
عَلَيَّ غَضَبَكَ وَ تُنْزِلَ
عَلَيَّ سَخَطَكَ وَ لَكَ
الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا
بِكَ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً
كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ
شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ

یا ہم کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر
ظلم کرے، یا ہم جہالت کریں یا
کوئی ہم سے جہالت کرے یا میں
گمراہ ہوں یا کوئی مجھے گمراہ کرے۔
میں تیری ذات گرامی کے نور کی
پناہ میں آتا ہوں جس نے
آسمانوں کو روشن کر رکھا ہے،
اور اس سے ظلمتیں چمک اٹھی ہیں،
اور اس سے دنیا اور آخرت کے
کام درست ہیں[۱۹۸] (پناہ) اس
امر سے کہ تو مجھ پر اپنا غصہ اتارے
اور تو مجھ پر اپنی ناخوشی نازل کرے
اور حق ہے کہ تو ہی منایا جائے یہاں تک
کہ تو راضی ہو جائے، اور نہ کوئی بچاؤ

---

۱۹۸ یعنی تیرا نور ذات ہی دنیا اور آخرت کے سارے امور کو سنبھالے ہوئے ہے۔

اشرقت له الظلمات۔ یعنی اگر وہ نور نہ ہوتا تو آج جو روشنیاں نظر آ رہی ہیں، یہ سب تاریکیاں ہی رہتیں۔

وَالْبَعِيْرِ الصَّئُوْلِ ۚ ۱۹۷

(کنز العمال۔ عن عبداللہ بن مرحسن رضؓ

و

ابن عمرؓ

و

عائشہؓ)

(گناہ سے) ہے، اور نہ کوئی طاقت
(عبادت کی) ہے، مگر تیری ہی مدد سے۔
اے اللہ میں نگہبانی چاہتا ہوں۔ بچہ
کی سی نگہبانی۔ نشہ ۱۹۹ اے اللہ میں تیری
پناہ میں آتا ہوں دو اندھی برائیوں
یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ سے نشہ ۲۰۰۔

نشہ ۱۹۹ یعنی جس طرح شفیق ماں بچہ کو اپنی آنکھ سے ایک لمحہ کیلئے نہیں اوجھل ہونے دیتی اور ہمہ وقت اس کی نگہبانی اور نگرانی میں لگی رہتی ہے، یہ بندہ حق تعالیٰ سے ایسی ہی نگہبانی ہر ہر جزئیہ میں چاہتا ہے۔
نشہ ۲۰۰ عرب میں ناگہانی مصیبت کیلئے بطور مثال کے ان دو چیزوں کا نام لیا جاتا تھا۔

المنزل السادس — چھٹی منزل

یوم الخمیس — روز جمعرات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِمُحَمَّدٍ	اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں
نَبِیِّكَ وَاِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِكَ	بہ طفیل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جو
وَمُوْسٰی نَجِیِّكَ وَعِیْسٰی رُوْحِكَ	تیرے نبی ہیں اور بہ طفیل ابراہیم (علیہ السلام)
وَکَلِمَتِكَ وَبِکَلَامِ مُوْسٰی	کے جو تیرے خلیل ہیں اور بہ طفیل موسیٰ (")
وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ	کے جو تیرے کلیم ہیں اور بہ طفیل عیسیٰ (")
وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ	کے جو روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں اور بہ طفیل
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبِکُلِّ وَحْیٍ	کلام حضرت موسیٰ کے اور انجیل حضرت
اَوْحَیْتَهٗ اَوْ قَضَاءٍ قَضَیْتَهٗ	عیسیٰ کے اور زبور حضرت داؤد کے اور
اَوْ سَائِلٍ اَعْطَیْتَهٗ اَوْ فَقِیْرٍ	فرقان حضرت محمد صلعم کے اور بہ طفیل ہر وحی
اَغْنَیْتَهٗ اَوْ غَنِیٍّ اَفْقَرْتَهٗ	کے جسے تو نے بھیجا ہو یا ہر حکم (تکوینی) کے
اَوْ ضَالٍّ هَدَیْتَهٗ وَاَسْأَلُكَ	جسے تو نے جاری کیا ہو اور بہ طفیل ہر سائل کے
بِاسْمِكَ الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ	جس کو تو نے دیا ہو، اور بہ طفیل ہر محتاج کے

عَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ
وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ
وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَ
اَسْأَلُكَ بِاِسْمِكَ الَّذِیْ
اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَ
اَسْأَلُكَ بِاِسْمِكَ الطَّاهِرِ
الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِیْ كِتَابِكَ
مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاِسْمِكَ
الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ
فَاسْتَنَارَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ
وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَائِكَ
وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ
الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وَتُخَلِّطَهٗ
بِلَحْمِیْ وَدَمِیْ وَسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ
وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِیْ بِحَوْلِكَ

جس کو تو نے تونگر کیا ہو اور بہ طفیل ہر تونگر
کے جسے تو نے محتاج کر دیا ہو اور ہر گمراہ
کے جسے تو نے ہدایت دیدی ہو۔ اور
میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل
تیرے اُس نام کے جس کو تو نے زمین پر
رکھا اور وہ ٹھہر گئی، اور آسمانوں پر رکھا
تو وہ قرار پکڑ گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو
وہ جم گئے اور درخواست کرتا ہوں میں
تجھ سے بہ طفیل اس نام کے جس سے تیرا
عرش ٹھہرا ہوا ہے[۲۰۱]۔ اور درخواست
کرتا ہوں میں تجھ سے بہ طفیل اُس نام کے
کہ وہ پاک ہے اور ستھرا ہے اور تیری
کتاب میں تیرے پاس سے نازل ہوا ہے
اور بہ طفیل تیرے اُس نام کے جسے تو نے
دن پر رکھا تو وہ روشن ہو گیا اور

[۲۰۱] اسم سے مراد جیسا کہ اوپر کسی حاشیہ میں گذر چکا ہے صفت ہوتی ہے۔ اور یہ صفاتِ الٰہی ہی کے ظہور و تجلی کا نتیجہ ہے کہ عالمِ تدبیر میں یہ سارا انتظام پیدا ہو گیا ہے۔ اور عرش و سماء، زمین اور پہاڑ، سب اپنے اپنے کام میں لگ گئے ہیں۔

وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ لَاتُؤْمِنَّا مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ وَلَاتَجْعَلْنَا مِنَ الْغَافِلِيْنَ ۲۰۵

(جمع الفوائد۔ عن ابی بکرؓ)

رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی[۲۰۲] اور بہ طفیل تیری عظمت اور تیری بڑائی کے اور بہ طفیل تیرے نور ذات کے کہ تو مجھے قرآن عظیم نصیب کرے اور اُسے میرے گوشت میں اور میرے خون میں اور میری شنوائی میں اور میری بینائی میں پیوست کردے، اور اس پر میرے جسم کو عامل بنادے اپنی قدرت اور قوت سے۔[۲۰۳] بیشک نہ کوئی بچاؤ (معصیت سے) ہے اور نہ کوئی قوت (طاعت) ہی کی ہے مگر تیرے ذریعہ سے۔[۲۰۴] اے اللہ تو ہمیں اپنی خفیہ گرفت کی طرف سے بے فکر نہ کردے، اور نہ ہمیں اپنی یاد سے غافل ہونے دے اور نہ ہماری پردہ دری کر، اور نہ ہمیں

---

۲۰۲ انفس صفات ہی کی شانِ ظہور ہے، جس نے دن کو دن اور رات کو رات بنا رکھا ہے۔

۲۰۳ یعنی قرآن مجید کی عظمت اور اُسکے احکام میری روح اور رگ و پوست سب میں حلول کر جائیں۔ میں دیکھوں تو قرآن ہی کی آنکھ سے، سنوں تو قرآن ہی کے کان سے، سوچوں تو قرآن ہی کے دماغ سے، کوئی عمل کروں تو قرآن ہی کی قوت سے۔ ہر طرح پر اور ہر طرح سے قرآن ہی میری زندگی پر چھا جائے۔

۲۰۴ یعنی بس تو ہی چاہے تو ہمیں گناہوں سے محفوظ رکھ سکتا ہے اور تو ہی چاہے تو ہمیں طاعتوں پر آمادہ کر سکتا ہے۔ ایجابی سلبی، ترکِ معصیت و ادائے طاعت کی ساری طاقتیں بس تیرے ہی ہاتھ میں ہیں۔

غافلوں میں سے کر[۲۰۵]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ تَعْجِیْلَ
عَافِیَتِكَ وَدَفْعَ بَلَائِكَ
وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْیَا
اِلٰی رَحْمَتِكَ یَا مَنْ یَّکْفِیْ
عَنْ کُلِّ اَحَدٍ وَّلَا یَکْفِیْ مِنْهُ
اَحَدٌ یَّا اَحَدَ مَنْ لَّا اَحَدَ
لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ
اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ
نَجِّنِیْ مِمَّا اَنَا فِیْهِ وَاَعِنِّیْ عَلٰی
مَا اَنَا عَلَیْهِ مِمَّا نَزَلَ بِیْ بِجَاهِ
وَجْهِكَ الْکَرِیْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ

اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں
عافیت عاجل کی، اور دفع بلا کی اور دنیا
سے تیری رحمت کی جانب منتقل ہونے کی[۲۰۶]
اے وہ کہ کافی ہی وہ سب کے عوض اور
کوئی بھی کافی نہیں ہی اس کے عوض۔
اے کس بیکسوں کے، اے سہارے
بے سہاروں کے۔ اُمیدیں منقطع ہو چکی
ہیں مگر تجھ سے۔ مجھے نجات دے اُس حال
سے جس میں کہ میں ہوں اور جو بلا کہ نازل
ہو چکی ہی اُسکے مقابلہ میں میری مدد کر۔
صدقہ اپنی ذات پاک کا اور محمد (صلعم) کے

---

[۲۰۵] یعنی ایسا نہ ہو کہ تیری گرفتیں جو خفیہ ہوا کرتی ہیں اُن کی طرف سے ہمارے دل میں بے پروائی آجائے، تو ہمیں ہمیشہ اُن سے خائف اور اُن کی طرف سے مشتبہ رکھ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم تیری یاد ہی کو بھلا دیں، تو ہمیشہ ہماری ستاری اور پردہ پوشی کرتا رہ اور ہمیں غفلت کا شکار نہ ہونے دے۔

[۲۰۶] یعنی جب موت کا وقت آئے، تو ہم تمامتر آغوش رحمت ہی میں جائیں۔

اسألك تعجيل عافيتك۔ یعنی دنیا میں جبتک رہوں، تو میرے حق میں عافیت برابر نازل کرتا رہ۔

عَلَيْكَ اَمِيْنَ ۲۰۶ (مستدرک عن عائشہؓ۔ کنز العمال۔ عن ابن مسعودؓ) — اس حق کے طفیل میں جو تجھ پر ہے۔ آمین ۲۰۷

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ فَلَا اَهْلِكُ وَاَنْتَ رَجَائِيْ فَكَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِيْ وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ اِبْتَلَيْتَنِيْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِيْ فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِيْ فَلَمْ

اے اللہ میری نگہبانی کر اپنی اُس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں اور مجھے اپنی اُس قوت کی آڑ میں لیلے جسکے پاس کوئی نہیں پھٹک سکتا اور مجھ پر اپنی اس قدرت سے رحم کر جو تجھ کو مجھ پر حاصل ہے، تاکہ میں ہلاک نہ ہوں۔ اور تو ہی میری اُمیدگاہ ہے کتنی ہی نعمتیں تونے مجھے دیں، اور میرا اُنکے لئے شکر کم ہی رہا اور کتنی مصیبتیں ہیں جن میں تونے مجھے مبتلا کیا، اور میرا صبر اُن پر کم ہی رہا ۲۰۸۔ پس اے وہ کہ اسکی نعمت کے وقت میرا شکر

---

۲۰۶ یا من ... احدؐ۔ جو شخص کسی ابتلاء تکوینی (مرض، فقر وغیرہ) میں مبتلا ہو، اُسے جو سہارا اللہ دے سکتا ہے وہ کسی مخلوق سے کبھی ممکن نہیں۔

بحق محمدؐ علیک۔ یعنی محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جو حق تونے اوپر اپنے وعدہ کے بموجب لازم کرلئے ہیں۔

۲۰۸ یعنی نہ عیش میں میں نے حق شکر نعمت ادا کیا، اور نہ غم میں میں نے صبر ہی کا ثبوت دیا۔

بعینک التی لا تنام۔ یعنی تیری ہی آنکھ ایسی ہے جس کا جھپک جانا ممکن نہیں ——— مطلب یہ ہوا کہ مجھے ہر لمحہ اور ہر آن اپنی حفاظت میں لئے رہ۔

يَحْرِمْنِي وَيَامَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهِ صَبْرِي فَلَمْ يَخْذُلْنِي وَيَامَنْ رَآنِي عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِي [۱۷۶]

(كنز العمال - عن علیؓ)

کم رہا، پھر بھی مجھے محروم نہ کیا، اور اے وہ کہ اسکے ابتلا کے وقت میرا صبر کم رہا پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا، اور اے وہ کہ مجھے گناہوں پر دیکھا پھر بھی مجھے فضیحت نہ کیا۔ [۲۰۹]

يَاذَا الْمَعْرُوفِ الَّذِي لَا يَنْقَضِي أَبَدًا وَيَاذَا النَّعْمَاءِ الَّتِي لَا تُحْصَى أَبَدًا أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ وَبِكَ أَدْرَأُ فِي نُحُورِ الْأَعْدَاءِ وَالْجَبَابِرَةِ [۱۷۷]

(كنز العمال - عن علیؓ)

اے ایسے احسان والے جس کا احسان کبھی ختم نہ ہو، اور اے ایسے نعمتوں والے کہ جسکی نعمتیں کبھی شمار نہ ہو سکیں میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ تو حضرت محمدؐ پر اور حضرت محمدؐ کی آل پر رحمتِ کاملہ نازل کر، میں تیرے ہی زور پر بھڑ جاتا ہوں دشمنوں اور زور آوروں کے مقابلہ میں [۲۱۰]

---

[۲۰۹] (تو ایسے ہی کے فضل و کرم کی دستگیری سے آئندہ بھی مجھے اُمیدیں ہی ہیں)

[۲۱۰] اس آخری دعوی کی صحت پر تاریخی مثالیں مطلوب ہوں، تو صحابۂ کرامؓ کے مفصل حالات کا مطالعہ کرلیا جائے۔ ان میں سے ایک ایک، بلا کی قوت و شجاعت رکھتا تھا، اور یہ سارا زور اسی توکل و اعتماد علی اللہ نے پیدا کر دیا تھا۔

آلِ محمد۔ آل کی تصریح خود رسول اللہ صلعم کی زبان مبارک سے یہ آچکی ہے کہ جو کوئی میرے طریقہ پر چلے وہ میری آل میں سے ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ
بِالدُّنْیَا وَعَلٰی اٰخِرَتِیْ
بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا
غِبْتُ عَنْہُ وَلَا تَکِلْنِیْ
اِلٰی نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُہٗ
یَا مَنْ لَّا تَضُرُّہُ الذُّنُوْبُ
وَلَا تَنْقُصُہُ الْمَغْفِرَۃُ
ھَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُکَ
وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَضُرُّکَ
اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ
اَسْأَلُکَ فَرَجًا قَرِیْبًا
وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّرِزْقًا
وَّاسِعًا وَّالْعَافِیَۃَ

اے اللہ میرے دین پر مددگار دنیا کو بنا دے
اور میری آخرت پر مددگار تقویٰ کو کر دے[۲۱۱]
اور تو ہی محافظ رہ میری اُن چیزوں کا جو
آنکھوں سے دور ہیں اور اُن چیزوں میں جو
میرے پیشِ نظر ہیں تو مجھے میرے نفس کے
حوالہ نہ کر دے وہ کہ نہ اُسے گناہ نقصان
پہونچا سکتے ہیں اور نہ اُسکے ہاں مغفرت
کوئی کمی کرتی ہے[۲۱۲] مجھے وہ چیز دے جو
تیرے ہاں کمی نہیں کرتی، معاف کر دے
مجھے وہ چیز کہ تجھے نقصان نہیں پہونچاتی،
تو بیشک تو ہی بڑا دینے والا ہے[۲۱۳]۔ میں
درخواست کرتا ہوں تجھ سے فوری کشائش
کی اور صبرِ جمیل کی[۲۱۴] اور رزقِ وسیع کی، اور

---

[۲۱۱] یعنی میری دنیا دین کے کام آئے، اور آخرت میں میرا تقویٰ میرے آڑے آجائے۔

[۲۱۲] یعنی اگر ساری دنیا بھی گناہوں اور نافرمانیوں میں غرق ہو جائے، تو تیرا ذرہ بھر بھی ضرر نہیں، اور اگر تو سب کی مغفرت کر دے، تو تیرے خزانہ میں شمہ بھر بھی کمی نہیں ہو سکتی۔

[۲۱۳] یعنی اپنی مغفرت سے مجھے نواز، اور میرے گناہوں سے خواہ وہ کتنے ہی ہوں، درگزر فرما۔

[۲۱۴] دونوں لفظوں کے لانے میں نکتہ یہ ہے کہ میں درخواست تو تجھ سے کشائش ہی کی کرتا ہوں، ہر بلا سے بچنے ہی کی کرتا ہوں، لیکن اگر تیری حکمت ابتلا ہی کی مقتضی ہو، تو پھر مجھے صبرِ پسندیدہ کی توفیق عطا ہو۔

مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَاَسْأَلُكَ
تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ
دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ
الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ
وَاَسْأَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۱۷۹

(الحزب الاعظم للقاری)

جملہ بلاؤں سے امن کی۔ اور میں مانگتا ہوں
تجھ سے پورا چین اور مانگتا ہوں تجھ سے
اس چین کا دوام[۲۱۵] - اور مانگتا ہوں تجھ سے
اُس چین پر توفیق شکر، اور مانگتا ہوں
تجھ سے مخلوق کی طرف سے بے احتیاجی۔
اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہوں سے) اور
نہ کوئی قوت ہے (طاعت کی) بجز اللہ
بزرگ و برتر کے ذریعہ کے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا
مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ
صَالِحَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنْ
صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْمَالِ
وَالْاَهْلِ غَيْرِ ضَالٍّ وَّلَا مُضِلٍّ ۱۸۰

(ترمذی عن عمرؓ)

اے اللہ میرے ظاہر کو میرے باطن سے
بہتر کردے اور میرے ظاہر کو صالح بنادے
اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں
اُن اچھی چیزوں کی جو تو لوگوں کو دیتا ہے
مال ہو یا بیوی بچے۔ میں نہ گمراہ ہوں
نہ گمراہ کرنے والا ہوں[۲۱۶]۔

---

۲۱۵ یعنی عافیت کامل بھی ہو اور عافیت دائم بھی ہو۔
۲۱۶ لازمی و متعدی، گمراہی کے ہر شعبہ اور ہر شاخ سے بچا۔
اللھم اجعل ... صالحہ۔ یعنی صالح و صحیح تو میرے تمام اعمال ظاہری بھی ہو جائیں، لیکن سیرت باطنی کا درجہ صالحیت میں ظاہر سے بھی بڑھ چڑھ کر رہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ
الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ نَفْسًا بِكَ
مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَآئِكَ
وَتَرْضٰى بِقَضَائِكَ وَتَقْنَعُ
بِعَطَائِكَ ؏

(کنز العمال عن ابی الدرداءؓ وعلیؓ)

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا
دَائِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ
حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَ
لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى
لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ

اے اللہ ہمیں منتخب بندوں میں سے کر لے
جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہونگے
اور جو مقبول مہمان ہونگے، اے اللہ میں
تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جو تجھ پر
اطمینان رکھے اور تیرے ملنے کا یقین
رکھے، اور تیری مشیت پر راضی رہے
اور تیرے عطیہ پر قناعت رکھے[۲۱۷]

اے اللہ حمد تیرے ہی لئے ہے، ایسی حمد
کہ تیری ہمیشگی کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ رہے
اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ تیرے
دوام کے ساتھ وہ بھی دائم رہے، اور تیرے
ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ اُسکی انتہا

اللھم انی ... والاھل ۔ مال صالح اور اہل صالح و اولاد صالح کی تمنا ممنوعات و مکروہات میں سے نہیں، اور نہ کسی درجہ مقبولیت کے منافی (جیسا کہ جاہل سالک نے فرض کر رکھا ہے) بلکہ عین مطلوبات میں داخل۔

۲۱۷ یعنی عقائد، اخلاق، سیرت و کردار کے ہر اعتبار سے مومن کامل ہو۔

الغر المحجلین ۔ وہ جن کے چہرے اور اعضاء آخرت میں روشن اور چمکدار ہوں گے۔

الوفد المتقبلین ۔ یعنی وہ جن کی مہمانی جنت میں کی جائیگی، اور جنتیوں کی میزبانی جیسی ہوگی ظاہر ہی ہے۔

حمدًا لا یرید قائلہ الا رضاك ولك الحمد حمدًا عند کل طرفۃ عین و تنفس کل نفس ۔ اللھم اقبل بقلبی الی دینك واحفظ من ورائنا برحمتك ۔ اللھم ثبتنی ان ازل واھدنی ان اضل [١٨٢]

(کنز العمال ۔ عن ابی الدرداءؓ و علیؓ)

تیری مشیت کے ادھر نہیں۔ اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد کہ اسکے قائل کا مقصود تمامتر تیری ہی خوشنودی ہے، اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد جو ہر پلک جھپکانے اور ہر سانس لینے کے ساتھ ہو [٢١٨]۔ اے اللہ میرے دل کو اپنے دین کیطرف متوجہ کر دے اور ہماری حفاظت اِدھر اُدھر سے رکھ اپنی رحمت کے طفیل۔ اے اللہ مجھے ثابت قدم رکھ کہیں ڈگ نہ جاؤں اور مجھے ہدایت پر رکھ کہ کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں۔

اللھم کما حلت بینی و بین قلبی فحل بینی و بین الشیطان وعملہ

اے اللہ تو جس طرح حائل ہے مجھ میں اور میرے دل میں، تو حائل رہ مجھ میں اور شیطان اور اُسکے کام میں [٢١٩]۔ اے اللہ ہمیں اپنا

---

[٢١٨] یعنی تیری حمد ہر جہتی ہو، ہمہ وقتی ہو، بلا شرکت خالصۃً تیرے ہی لئے ہو، بے حد و نہایت ہو۔ لا منتھی لہ دون مشیتك۔ یعنی تیری مشیت ہی اُس کی انتہا کر دے تو اور بات ہے، ورنہ میں اپنی طرف سے تو اُس کی کوئی انتہا ہی نہ ہونے دوں۔

[٢١٩] یعنی جس طرح تو اپنی کسی مصلحت تکوینی سے میرے اور میرے خواہشوں اور ارادوں کے درمیان حائل ہو جاتا ہے، تو میری غرض یہ ہے کہ تو میرے اور شیطان کے درمیان حائل ہو جایا کر، تاکہ میں کوئی معصیت کر ہی نہ سکوں، اور ہمیشہ تیری طاعت و اطاعت میں لگا رہوں۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ
وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ
لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَاءَ نَا
فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا
فِيْمَا عِنْدَكَ ۱۲۳ (الحزب الاعظم للقاری
کنز العمال - عن ابن عباسؓ)

فضل نصیب کر اور ہمیں اپنے رزق سے
محروم نہ رکھ اور جو رزق تو نے ہمیں دیا ہے
اس میں برکت دے اور ہمارے دلوں کو
غنی کر دے اور جو کچھ تیرے پاس ہے
اُس کی طرف ہمیں رغبت دیدے۔ ۲۲۰

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ
عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ وَاسْتَهْدَاكَ
فَهَدَيْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ
فَنَصَرْتَهٗ ۱۲۴
(کنز العمال - عن انسؓ)

اے اللہ مجھے اُن لوگوں میں کر دے جنہوں نے
تجھ پر توکل کیا، پس تو اُنکے لئے کافی ہو گیا
اور انھوں نے تجھ سے ہدایت چاہی سو
تو نے انھیں ہدایت دیدی اور انھوں نے
تجھ سے مدد چاہی سو تو نے انھیں امداد دیدی۔ ۲۲۱

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِيْ
خَشْيَتَكَ وَذِكْرَكَ وَاجْعَلْ

اے اللہ میرے دل کے وسوسوں کو اپنی
خشیت اور اپنی یاد بنادے ۲۲۲، اور میرے

---

۲۲۰ یعنی ہم شوق و رغبت کے ساتھ تیرے اجر و ثواب کی طرف لپکیں۔
واجعل غناءنا فی انفسنا - یعنی ہمارے دلوں سے ہوس ہی کو مٹادے ـــــ یہ دعا بڑی کلیدی دعاؤں میں سے ہے۔
۲۲۱ یعنی میرا شمار انھیں توکل کرنے والوں اور ثمرۂ توکل پانے والوں، اور ہدایت چاہنے والوں اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اور امداد غیبی مانگنے والوں اور امداد غیبی پا جانے والوں میں کر دے!
۲۲۲ یعنی اپنی ایسی دُھن میرے دل میں جمادے کہ وسوسے تک آئیں، تو وہ بھی تیری ہی یاد اور تیری خشیت کے آئیں۔

هِمَّتِي وَهَوَايَ فِيمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِي بِهٖ مِنْ رَخَاءٍ وَشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِي بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَ شَرِيْعَةِ الْاِسْلَامِ ۱۸۵

(الحزب الاعظم للقاری)

شوق اور ہمت کی چیز وہی کر دے جسے تو اچھا سمجھتا ہو اور پسند کرتا ہو۔ اے اللہ تو میرا امتحان نرمی یا سختی غرض جس چیز سے بھی کرے تو سب میں مجھے طریق حق اور شریعت اسلام پر جمائے رکھ۔[223]

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِي الْاَشْيَاءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى وَ بَعْدَ الرِّضَى الْخِيَرَةَ فِيْ جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ وَلِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا لَا بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ ۱۸۶

(کنز العمال ۔ عن سعدؓ)

اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں جملہ اشیاء میں نعمت کے پورے ہونے کی اور ان پر تیرے شکر کی توفیق پانے کی یہاں تک کہ تو خوش ہو جائے ۔ اور بعد خوش ہو جانے کے ۔ میرے لئے انتخاب کرے تمام ایسی چیزوں میں جن میں انتخاب ہوتا ہے، اور انتخاب[224] بھی سب ہی آسان کاموں کا، نہ کہ دشوار کاموں کا ، اے کریم !۔

---

۲۲۳ اس امتحان گاہِ عالم میں آکر یہ کیونکر ممکن ہے کہ سرے سے کوئی ابتلا ہی کسی درجہ کا نہ پیش آئے ۔ دعا کا مقصود یہ ہے کہ وہ ابتلاء کسی نوعیت کا بھی ہو، بہرحال نتیجہ اس سے استقامت علی الحق ہی کا نکلے۔

۲۲۴ یعنی وہ انتخاب تو ہی ہمارے لئے کر دے ۔ انتخاب کو اپنے بندوں پر نہ چھوڑ۔

اَللّٰھُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ
وَجَاعِلَ اللَّیْلِ سَکَنًا
وَّالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ حُسْبَانًا
قَوِّنِیْ عَلَی الْجِہَادِ فِیْ سَبِیْلِكَ[۱۸۷]
(الحزب الاعظم للقاری)

اے اللہ صبح کے نکالنے والے اور
رات کو آرام کا وقت بنانے والے
اور سورج اور چاند کو وقت کا
مقیاس بنانے والے مجھے اپنی
راہ میں جہاد کی قوت دے[۲۲۵]

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِیْ بَلَائِكَ
وَصَنِیْعِكَ اِلٰی خَلْقِكَ
وَلَكَ الْحَمْدُ فِیْ بَلَائِكَ
وَصَنِیْعِكَ اِلٰی اَھْلِ بُیُوْتِنَا
وَلَكَ الْحَمْدُ فِیْ بَلَائِكَ
وَصَنِیْعِكَ اِلٰی اَنْفُسِنَا
خَاصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ
بِمَا ھَدَیْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ
بِمَا اَکْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

اے اللہ تیرے ہی لئے حمد ہی تیرے
ابتلاء میں اور تیری مخلوق کے ساتھ
تیرے برتاؤ میں، اور تیرے ہی لئے
حمد ہی تیرے ابتلاء میں اور ہمارے
گھر والوں کے ساتھ تیرے برتاؤ میں،
اور تیرے ہی لئے حمد ہی تیرے ابتلاء میں
اور خاص ہماری جانوں کیساتھ تیرے
برتاؤ میں[۲۲۶] اور تیرے ہی لئے حمد ہی
اس پر کہ تو نے ہمیں ہدایت دی، اور

---

۲۲۵ تیرے ایسے قادر و توانا، اور تجھ جیسے حکیم مطلق کیلئے میری اس درخواست کو قبول کرلینا دشوار ہی کیا ہے۔
۲۲۶ یعنی تو اپنا جو بھی برتاؤ اپنی تمام مخلوق کے ساتھ یا ہمارے کنبہ والوں کیساتھ یا ہماری ذات خاص کے ساتھ رکھے، خواہ ابتلاء کا ہو یا کچھ اور، بہر حال و بہر صورت تو ہماری طرف سے حمد کامل ہی کا مستحق ہے۔

بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ
بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ
بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ
بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ
حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ
اِذَا رَضِيْتَ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى
وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ ۱۴۰

(کنز العمال۔ عن انس رض)

تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تونے ہمیں
عزت دی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے کہ
تونے ہماری پردہ پوشی کی، اور تیرے ہی لئے
حمد ہے قرآن پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے
اہل و مال پر،[۲۲۷] اور تیرے ہی لئے حمد ہے
درگذر کرنے پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے
یہانتک کہ تو خوش ہو جائے، اور تیرے
ہی لئے حمد ہے جبکہ تو خوش ہو جائے،
اے وہ کہ جس ذات سے ڈرنا چاہئے،
اور اے وہ کہ تو ہی مغفرت کرسکتا ہے۔[۲۲۷ الف]

اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ
وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ وَالْهُدٰى

اے اللہ مجھے اس چیز کی توفیق دے
جسے تو اچھا سمجھے، خواہ وہ قول ہو
یا عمل یا فعل یا نیت یا طریق۔ بیشک

---

۲۲۷ یعنی تیری حمد ہے اس پر کہ تونے قرآن جیسی نعمتِ عظیم سے ہمیں نوازا، اور تیری حمد ہے اس پر کہ تونے بیوی بچے اور مال و دولت جیسی تکوینی نعمتوں سے ہمیں سرفراز کرکے زندگی کو پُرلطف بنا دیا۔

۲۲۷ الف۔ یعنی ڈرنے کے قابل بس تیری ہی ایک ذات ہے، اور مغفرت بھی بس تو ہی کرسکتا ہے۔

إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ [۱۸۹] — تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔[۲۲۸]

(کنز العمال عن ابن عمر)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ	اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں
خَلِيْلٍ مَاكِرٍ عَيْنَاهُ تَرَيَانِيْ	مکار دوست سے جسکی آنکھیں تو مجھے
وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِيْ ط اِنْ رَّاٰى	دیکھتی ہوں اور اس کا قلب مجھے چرائے لیتا ہو
حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰى	اگر وہ بھلائی دیکھے تو اُسے دبائے اور
سَيِّئَةً اَذَاعَهَا اَللّٰهُمَّ	برائی دیکھے تو اس کا چرچا کرے۔[۲۲۹] اے اللہ
اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُؤْسِ	میں تیری پناہ میں آتا ہوں شدتِ فقر سے
وَالتَّبَاؤُسِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ	اور شدتِ محتاجی سے۔[۲۳۰] اے اللہ میں
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اِبْلِيْسَ وَ	تیری پناہ میں آتا ہوں ابلیس اور اُسکے
جُنُوْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ	لشکر سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ
مِنْ فِتْنَةِ النِّسَاءِ	میں آتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے۔[۲۳۱]

---

۲۲۸ سو قول اور عمل اور فعل اور نسب اور طریق، زندگی کے ہر شعبہ میں توفیق خیر تمام تر تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔

۲۲۹ دنیا ایسے مکار و منافق دوستوں سے بھری پڑی ہے جو نام کے تو دوست ہیں، لیکن دل سے تمام تر بدخواہ۔ ہر خوبی کو چھپانے والے، چرا لینے والے اور ہر عیب کو خوب جی کھول کر اچھالنے والے، چمکانے والے ایسوں سے پناہ مانگنا بھی دنیوی دعاؤں میں سے ایک اہم دعا ہے۔

۲۳۰ فقر اور مسکنت اور شے ہے اور شدتِ احتیاج و فقر اور، اور اس دوسری چیز سے اللہ کی پناہ طلب کرنا بالکل فطری اور بجا ہے۔

۲۳۱ فتنۂ نسائی تاریخ کے ہر دور میں اہم رہا ہے اور آج تو اس کا شمار وقت کے اہم ترین فتنوں میں ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ یُّلْھِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ یُّنْسِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًی یُّطْغِیْنِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْھَمِّ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ ۱۹۰

(کنز العمال وغیرہ)

اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تو قیامت کے دن مجھ سے منہ پھیر لے۔ اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اُس عمل سے جو مجھے رسوا کرے اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے منصوبہ سے جو مجھے غافل کردے اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے فقر سے جو مجھے ہول میں ڈال دے اور پناہ میں آتا ہوں ہر ایسی دولت سے جو میرا دماغ چلادے[۲۳۲]۔ اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر کی موت سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں غم کی موت سے[۲۳۳]۔

عورت کو اس کا صحیح مقام و مرتبہ دینے میں جاہلی مذہبوں اور جاہلی تہذیبوں نے ہمیشہ ٹھوکر کھائی ہے۔

۲۳۲ کتنی لطیف اور حکیمانہ حقیقت یہاں بیان کردی گئی ہے حقیقۃً نہ فقر ہی مذموم ہے نہ دولت۔ مذموم صرف دونوں کی پیدا کی ہوئی غفلتیں ہیں۔ حق تعالیٰ بس انھیں سے اپنے حفظ و امن میں رکھے۔

۲۳۳ موت بطور ایک واقعہ طبعی کے تو اپنے وقت پر بہرحال سبھی کو پیش آتی ہے۔ پناہ مانگنے کے قابل ایسی موتیں ہوتی ہیں جو عذاب بن کر نازل ہوں، اور انھیں میں سے یہ فکر و غم والی موتیں ہیں۔

المنزل السابع — ساتویں منزل

يوم الجمعة — روز جمعہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ
اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا
بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ
وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ
الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ
وَيَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَآئِفِ
الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ
الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَا
جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ

اے میرے پروردگار، اے میرے
پروردگار، اے میرے پروردگار[۲۳۴]
اے اللہ، اے بڑائی والے، اے
سننے والے، اے دیکھنے والے،
اے وہ کہ جس کا نہ کوئی شریک ہے
اور نہ مشیر، اے آفتاب و ماہتاب
روشن کے پیدا کرنے والے، اور
اے مصیبت زدہ، ترساں و پناہ جو
کے پناہ، اور اے ننھے بچّہ کی روزی

---

